اذا کان یوم القیٰمۃ کنت امام النبیین وخطیبھم
(مشکوٰۃ شریف)

الخطیب

قاری محمد عباس نظامی

Molana Muhammad
Abbas Nazami

فہرستِ مضامین

صفحہ	نمبر شمار	مضامین	خطیب کا اسم	تاریخ
1	1	شانِ مدینہ	عبدالوحید ربانی	12-3-02
21	2	شانِ صحابہؓ	عبدالوحید ربانی	12-3-02
43	3	حضرت عمر فاروقؓ	عبدالوحید ربانی	13-3-02
69	4	معراج المصطفیٰ ﷺ	محمد اقبال چشتی	13-3-02
79	5	سیرۃ النبی ﷺ	ڈاکٹر محمد طاہر القادری	14-3-02
113	6	روزہ قرب الٰہی	ڈاکٹر محمد طاہر القادری	20-3-02
141	7	سیرۃ مصطفیٰ ﷺ	خان قادری لاہور	23-3-02
163	8	معجزات نبی ﷺ	قاری محمد اقبال چشتی	23-3-02
173	9	میلاد النبی ﷺ	مولانا عبدالحمید چشتی	5-4-02
194	10	اسم گرامی	ڈاکٹر محمد طاہر القادری	8-4-02
~~205~~	~~11~~	~~محسنِ انسانیت~~	~~مجیب الرحمن انقلابی~~	~~9-4-02~~

Scanned with CamScanner

شانِ مدینہ عبدالوحید ربّانی

ولو انھم اذ ظلموا ـــــ تواباً رحیما ۔ (۱) اللہ کا احسان ۔

نہایت ہی قابل قدر ہمارے بزرگوں واجب الاحترام دوستو! اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ احسان ہے ۔ اس رب کائنات کا ہزار ہزار شکر ہے جس رب بے نیاز پروردگار عالم نے ہمیں سب کو انسان بنایا ۔ اور انسان بنا کے ہم کو رسول اللہ کا امتی بنایا ۔ ہم رسول اللہ کے امتی ہیں نبی پاک کے غلام ہیں ۔ اللہ تعالیٰ کا ہم پر بڑا احسان ہے ۔ اللہ نے ہمیں زمین دی ۔ مکان دیا ۔ اولاد دی ۔ اللہ فرماتا ہے یہ میرا انعام ہے ۔ اللہ فرماتا ہے ہم نے اپنا پیارا حبیب عطا فرمایا ہے یہ میرا احسان ہے ۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ۔ لقد منّ اللہ علی المؤمنین اذ بعث فیھم رسولا من انفسھم یتلو علیھم ایٰتہ ویزکیھم ویعلمھم الکتٰب والحکمۃ وان کانوا من قبل لفی ضلٰل مبین ۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میرا بہت بڑا احسان ہے ۔ مومنوں پر ۔ اللہ کی بڑی منت ہے مومنوں پر ۔ یا اللہ کونسا احسان ہے فرمایا مومنوں پر احسان ہے ۔ اذ بعث فیھم رسولا ۔ ہم نے مبعوث کیا ہے ۔ ان پر اپنا رسول ان کی جانوں میں سے جو آیات تلاوت کرتا ہے ۔ جو پاک کرتا ہے اپنی کفر و شرک سے ۔

میرے بزرگو اور دوستو! جتنے حضرات یہاں تشریف فرما ہو ۔ یہ اللہ تعالیٰ کا ہم پر

احسان ہے۔ کہ ہمیں نبی پاک کا امتی بنایا ہے۔ میرے نبی پاک ﷺ نے چالیس سال کے بعد نبوت
کا اعلان کیا۔ فرمایا دنیا والو۔ اللہ کے بغیر کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ میں محمد رسول اللہ
اللہ کا رسول ہوں۔ اس کا میں نبی ہوں۔

② پتھروں کا سلام۔ میرے نبی پاک چلتے ہیں راستوں پر۔ پتھروں
نے آپ پر سلام پڑھا۔ درختوں نے جھک جھک کر سلام کیا۔ کافروں نے کہا لَسْتَ
مُرْسَلًا۔ آپ رسول نہیں۔ اللہ نے فرمایا محبوب۔ جی میرے اللہ۔ فرمایا محبوب آپ
جواب نہ دیں۔ میں آپ کو لوگوں کو جواب دوں گا۔ اللہ نے فرمایا جبرائیل۔
جلدی جا میرے محبوب کو سلام دے۔ اور عرض کر محبوب اللہ فرماتا ہے۔ آپ بولیں گے تو
حدیث بنے گی۔ اگر میں بولوں گا قرآن بنے گا۔ فرمایا محبوب آپ نہ بولیں۔ میرے بزرگوا
فوراً جبرائیل آ گئے۔ فرمایا محبوب آپ نہ فرمائیں بولیں۔ اللہ فرماتا ہے یہ کافر لاکھ
مرتبہ کہیں آپ رسول نہیں۔ لیکن میں اپنی سچی زبان میں قرآن کو نازل کرتا ہے۔ اور
اعلان کرتا ہوں۔ یٰسٓ ۔ والقرآن الحکیم۔ انک لمن المرسلین۔ فرمایا
یٰسٓ کے سہرے والے محبوب مجھے قرآن کی حکمت کی قسم آپ بے شک رسولوں میں سے ہیں۔
سب نبی اللہ کا پیغمبر ہے۔ سب نبی اللہ کا رسول ہے۔ میرا نبی کو جو مقام ملا ہے اور کسی

ج

نبی کو بھیجیں بعد۔ خدا کے بعد درجہ ہے تو محمد مصطفیٰ کا ہے۔ پھر نبی کریم نے تیرہ سال
مکہ مکے میں تبلیغ کی۔ اللہ کی توحید سنائی۔ چالیس سال کے بعد نبوت کا اعلان کیا۔ چالیس
سال کے بعد نبی بنے بھیجا۔ چالیس سال کے بعد نبوت کا اعلان کیا۔ نبی اس وقت تھے۔ جب
وقت نہ تھا۔ نہ دن تھا۔ نہ رات تھی۔ نہ گھڑی تھی۔ نہ وقت تھا۔ نہ یہاں تھا۔ نہ وہاں تھا
نہ جہاں تھا۔ کائنات کی کوئی چیز نہ تھی ابھی جبرائیل نہ بنا۔ ابھی قرآن نہ آیا۔ یا خدا تھا
یا مصطفیٰ تھا۔ نعرہ تکبیر

(ج) نبی کا نور۔ اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے پیارے نبی کے نور کو بنایا۔ نور
ختم نبوت۔ چالیس سال کے بعد نبی نے نبوت کا اعلان کیا۔ فرمایا لوگو اللہ ایک
ہے۔ میں اس کا بندہ بھی ہوں۔ اور اس کا رسول بھی ہوں۔ میرے نبی پاک مکے کی پاک
گلیوں میں چلتے ہیں بستر پر بھی سلام پڑھتے ہیں۔ درخت بھی سلام پڑھتے ہیں۔ میرے نبی
کریم دعوت اسلام دیتے ہیں۔ آپ فرماتے ہیں اللہ ایک ہے۔ اس کے سوا کسی کے
آگے سجدہ نہ کرو۔ اللہ کے سوا کسی کے آگے ماتھا نہ جھکاؤ۔ یہ سر خدا کا
ہے۔ اور یہ زبان مصطفیٰ کی ہے۔ خدا خدا ہے۔ نبی نبی ہے۔ وہ رب
ہے یہ رسول ہے۔ وہ قدیر ہے۔ یہ بشیر ہے۔ وہ بنانے والا ہے یہ بتانے والا ہے۔

یہ حسن دینے والا ہے۔ یہ شان لینے والا ہے، وہ نبوت کا تاج دینے والا ہے۔ یہ لینے والا ہے۔ جو ساری دنیا کی آخری قیادت سیادت رسالت کا تاج پانے والا ہے۔ ہمارا نبی ہمیں رحمت کی چادر میں ہم گنہگاروں کو چھپانے والا ہے۔

میرے دوستو! میرے نبی پاک نے مکے میں تیرہ سال تک نبوت کا اعلان کیا۔ چالیس سال کے بعد نبوت کا اعلان کیا۔ تیرہ سال تک اللہ کی توحید سنائی۔ دس سال تک مدینے میں قرآن کا وعظ سنایا۔ یہ یاد رکھو۔ تیرہ سال تک مکے میں اللہ کی توحید سنائی۔ آخر اللہ نے فرمایا، محبوب ہجرت فرماؤ۔ میرے نبی پاک نے مدینے کی طرف ہجرت کی۔ آج کا موضوع ہے مدینہ۔ جو رحمت کے عرق میں ڈوبا اس کا عنوان ہے شانِ مدینہ۔

(1) شانِ مدینہ۔ نبی پاک نے مدینہ کی طرف ہجرت فرمائی۔ ساتھ کون ہیں۔ جناب ابوبکر صدیقؓ۔ میرے نبی کریم مدینے پاک میں تشریف لے گئے۔ مدینے کے رہنے والے لوگوں نے نعرے بلند کیے۔ انہوں نے کیا۔ طلع البدر علینا ۔ من ثنیات الوداع

وجب الشکر علینا ۔ ما دعا للہ داع

آ گیا آ گیا۔ چودھویں کا چاند آ گیا۔ تمام مدینے والے خوش ہوتے ہیں۔ مدینے میں جشن ہو رہا ہے

(۵) کون آ رہا ہے

کون آ رہا ہے۔ نبیوں کا امام آ رہا ہے۔ کون آ رہا ہے۔ رسولوں کا سردار آ رہا ہے۔ کون آ رہا ہے۔ والضحیٰ کی زلفوں والا آ رہا ہے۔ ما زاغ البصر کے سرمے والا آ رہا ہے۔ الم نشرح کے سینے والا آ رہا ہے۔ سہارے کے ہاتھوں والا۔ اور دنیا والو۔ ختم النبوت کے تاج والا مدینے آ رہا ہے۔ کیوں نہ جشن منائیں۔ تمام مدینے میں اعلان ہو گیا۔ بیٹا دون نی فقاقِ المدینہ یا محمد۔ مدینے کی گلیوں میں اعلان اور صدا کی ہو رہی ہے یا محمد۔ تمام لوگ انتظار کر رہے ہیں۔ کہ پیغمبر کس وقت تشریف لے آئے گا۔ پھر پتہ لگا۔ سامنے دو چہرے نظر آئے۔ ایک نبی تھا۔ دوسرا صدیق تھا۔ ایک نبیوں کا امام۔ ایک صدیقین کا امام۔ ایک بابا جی کھڑا تھا کہنے لگا یہ دو آدمی کون ہیں۔ ہم تو کہتے ہیں نبی آ رہا ہے۔ یہ دو چہرے ہیں۔ ان میں نبی کون ہے۔ ایک نوجوان کھڑا تھا۔ اس نے انگلی کھڑی کی۔ اور ابوبکر صدیق کی طرف اشارہ کیا کہ یہ نبی ہے۔ جناب ابوبکر صدیق کی طرف توجہ کی۔ یہ نبی ہے۔ یہ ہے نا۔ بعض لوگوں نے مدینے کے پیغمبر کی زیارت نہ کی تھی۔ جس وقت ایک آدمی نے انگلی کھڑی کی۔ تمام نے اپنی اپنی انگلیوں کو ابوبکر صدیق کی طرف کھڑا کر کے اشارہ کیا۔ کہ یہ نبی ہیں۔ صدیق اکبر نے جو دیکھا۔ کہ تمام مجھے نبی سمجھ رہے ہیں۔ جناب صدیق اکبر نے ردا تھامی

اتارا۔ اور پنکھے کی شکل میں نبی حضور کو ہوا دینے لگے۔ نبی پاک نے فرمایا ابوبکر مجھے گرمی نہیں لگ رہی۔ عرض کی میرے ماں باپ آپ کے نام پر قربان ہوں یہ پر تمام لوگ انگلی کے اشارے کر کے مجھے نبی جان رہے ہیں۔ میں قمیض اتار کے پنکھے کی شکل میں آپ کو ہوا دے کے ان کو مشورہ کیا ہے کہ میں تو غلام ہوں۔ آقا تو یہ آ رہے ہیں۔

(ح) یہی گمراہ نہ ہو۔ میرے نبی فرمایا۔ ابوبکر جو آپ کی طرف منسوب ہوگا کبھی گمراہ نہ ہوگا۔ میرے نبی پاک نے فرمایا۔ یا ابا بکر انت صاحبی فی الدنیا وفی الاخرۃ۔ ابوبکر تو دنیا میں بھی میرا ساتھی ہے۔ اور آخرت میں بھی رہے گا۔

میرے نبی مدینہ تشریف لے آئے۔ دوستو۔ اس علاقے کا نام یثرب ہے۔ یثرب کا معنی ہے۔ بیماریوں کا گھر۔ جب مکے کے لوگ آتے ہیں کہتے ہیں۔ کہ راستے میں ایک بستی آئے گی۔ اس بستی کا نام یثرب ہے۔ خیال کرنا۔ اس بستی کا پانی نہ پینا۔ اس بستی کی آب و ہوا بیماریوں کا گھر ہے۔ میرے دوستو۔ وہی یثرب جو بیماریوں کا گھر تھا۔ جب میرے مدنی کے پاک قدم لگے۔ جب آمنہ کے لال کے قدم لگے جب نبیوں کے امام کے قدم لگے۔ اس وقت اعلان ہوا۔ خاک مدینہ شفا ہے۔ اے لوگو جس کو تم بیماریوں کا گھر کہتے ہو۔ یہ اب بیماریوں کا گھر نہیں بلکہ مدینے کی

مٹی شفا کا پیغام ہے۔

مدینے دی مٹی ہے ہر شے توں مٹھی۔ تو ونج سجو اپنیاں نوں چیاں ونج کے دیکھی۔
مدینہ مدینہ ہے۔ نبی کا مدینہ دو مدینہ ہے جس نبی کا مسکن مدینہ ہے۔ مسلمانوں کا
مرکز مدینہ ہے۔ اللہ کی قسم ہے ہم اعلان کرنا چاہتے ہیں۔ ہم مسلمانان عالم
کا مرکز مدینۃ المنورہ ہے۔ دعا کریں اللہ ہم سب کو مدینہ کی زیارت نصیب کرے۔
آج حاجی لوگ حج پر جا رہے ہیں۔ احرام باندھے ہوئے ہیں۔ لبیک کہتے
ہیں۔ میں نے کہا۔ حاجی صاحب مبارک ہو۔ کہاں جا رہے ہیں۔ اس نے کہا۔ مکے جا
رہا ہوں۔ خانہ کعبہ کا جا کر طواف کروں گا۔ حرم کعبہ کا طواف کروں گا۔ لبیک اللھم
لبیک لا شریک لک لبیک ان الحمد والنعمۃ لا شریک لک لبیک۔ یا اللہ میں
حاضر ہوں۔ یا اللہ میں حاضر ہوں۔ میں نے کہا۔ مبارک ہو۔ حج پہ جا رہے ہو۔ کہنے لگا
حج پر تو جا رہا۔ پتہ نہیں مدینے کب جاؤں گا۔ اور حج کی قبولیت کی مہر مدینے
سے لگے گی۔ پیارا حج مکے ہوتا ہے۔ قبولیت کی مہر مدینے میں لگتی ہے۔ جو آدمی
حج کرکے مدینہ نہیں جاتا۔ رسول اللہ نے فرمایا۔ جس نے حج کیا۔ اور میری زیارت
کے لئے نہیں آیا۔ اس نے مجھ پہ ظلم کیا۔ اللہ کی قسم وہ نبی کا شہر مدینہ۔ ہائے جہاں

نبی کریم نے اپنے ہاتھوں سے مسجد بنائی۔ گارا دینے والا کون تھا؟ میرے دوستو۔ پتھر اٹھا کے دینے والا کون تھا۔ یہ اللہ کے گھر کی مسجد بن رہی ہے۔ نبی کریم فرمایا میں یہاں مسجد تعمیر کرنا چاہتا ہوں۔ فرمایا یہ میرا پیارا مدینہ ہے۔ ح ابو ایوب انصاری۔

میرے دوستو۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مدینے تشریف لائے۔ ہر آدمی خوشی زور آتا ہے۔ ہر آدمی چاہتا ہے کہ حضور میرے گھر تشریف لائیں۔ مگر میرے نبی کریم نے فرمایا۔ میری راہ چھوڑ دو۔ میری سواری جانتی ہے کہ میرا مقام کہاں ہے۔ نبی پاک کی اونٹنی کو چھوڑ دیا گیا۔ ناقہ رسول چلی جا رہی ہے۔ آگے آگے رسول کی سواری ہے۔ پیچھے پیچھے مدینے کے افراد ہیں۔ بڑے بڑے لوگوں کے دروازوں کو چھوڑتی گئی۔ اور جا کر ابو ایوب انصاری کے دروازے کے آگے بیٹھ گئی۔ لوگ ابو ایوب انصاری کو مبارک دے رہے ہیں ابو ایوب مبارک ہو۔ نبی پاک کی سواری آپ کے گھر کے سامنے رک گئی ہے۔ حضرت ابو ایوب انصاری کی آنکھوں میں آنسو ہیں۔ پوچھا ابو ایوب کیوں رو رہے ہو۔ آج تو خوشی کا وقت ہے کہ نبیوں کا امام تیرے گھر میں قیام کرے گا۔ ابو ایوب انصاری روتا روتا کہنے لگے۔ بیوی کہتی ہے ابو ایوب کیوں رو رہے ہیں۔ فرمایا میرے نبی پاک آگئے۔ تمام نبیوں کا سردار میرے گھر آ گیا ہے۔ آپ کی سواری رکی ہے۔ نبی پاک ہمارے گھر

میں قیام کرے گا۔ مگر اے میری بیوی اے میری گھر والی۔ اب کیا کریں۔ ہم بڑے غریب لوگ ہیں۔ دیکھنے ہو گئے ہیں۔ ہمارا گھر میں جو سامان ہے جلد۔ نبی پاک کی کیا خدمت کریں گے۔

پیارے دوستو۔ جو وفادار بیوی ہوتی ہے۔ اپنے خاوند کو حوصلہ دیتی ہے۔ جو پاکیزہ بیوی ہوتی ہے وہ خاوند کو حوصلہ والی باتیں کرتی ہے۔ حضرت ابو ایوب انصاری کی بیوی کہتی ہے اے ابو ایوب اے میرے سر کے تاج۔ نہ گھبرا۔ پیارے نبی کے سر پر تو اللہ کا سایہ ہے۔ وہی اس کو کھلائے گا جو اس کو لایا ہے۔ میرے نبی کریم ابو ایوب کے مکان میں قیام فرماتے ہیں۔ فرمایا ابو ایوب ہم مکان کے نچلے والے مکان میں رہیں گے۔ تمہارے مکان کے دو حصے ہیں۔ اوپر آپ رہیں نیچے مکان میں میں رہونگا۔ ابو ایوب کہتے ہیں قبلہ گستاخی ہو جائے گی۔ آپ نیچے میں اوپر۔ میرے پاک نبی نے فرمایا۔ ابو ایوب جب درمیان میں دیوار آ گئی۔ جب آ گئی گستاخی نہیں ہو گی۔ بے ادبی نہیں ہو گی۔

پیارے دوستو۔ رسول اللہ نے ابو ایوب کے مکان پر قیام کیا۔ پاس سے نگاہ پڑی دو یتیم کا مکان نظر آیا۔ میرے نبی نے فرمایا کس کا مکان ہے۔ عرض کی حضور دو یتیموں کا مکان ہے۔ پاک پیغمبر نے فرمایا معراج کی رات میں نے یہاں دو رکعت نفل نماز پڑھے تھے۔ ہمارا دل چاہتا ہے کہ یہاں مسجد نبوی تیار کریں۔

(8) دو یتیم کی بات

جب میرے نبی کی بات مدینے کے دو یتیموں کے کانوں تک پہنچی۔ یتیم
دوڑے دوڑے آئے۔ کہنے لگے حضور آپ کے نام پر ہمارے ماں باپ قربان ہوں۔ مدینے کے
تاجدار۔ ہم آپ کے غلام ہیں۔ ہم آپ کے امتی ہیں۔ ہم آپ کے کلمے پڑھنے والے ہیں ہم
مکان میں آ گیا۔ اور ہم بھی آ گئے۔ حضرت علیؓ نے اس کو مکان کو خرید لیا۔ اللہ
نبی پاک نے اس مکان میں مسجد کی تعمیر شروع کی۔ بنیادیں رکھیں۔ تصور کرنا مسلمانو۔
رسول اپنے ہاتھ سے مسجد کی تعمیر کر رہے ہیں۔ میرے نبی کریم نے پتھر اٹھایا۔ اور فرمایا
اللہ اللہ کا میں آخری رسول۔ اس مسجد کی بنیاد رکھ رہا ہوں۔ اور ابو بکر۔ میرا ابو بکر
کہاں ہے۔ عرض کی حاضر ہوں یا رسول اللہ۔ فرمایا اس کے برابر اپنا پتھر رکھ۔ پھر آواز دی۔
ابن عمر۔ عمر کہاں ہے۔ عرض کی حاضر ہوں۔ فرمایا اس کے برابر اپنا پتھر رکھو۔ پھر آواز دی
ابن عثمان۔ عثمان کہاں ہے۔ عرض کی حاضر ہوں۔ فرمایا اس کے برابر اپنا پتھر رکھو پھر آواز دی
ابن علی بن طالب۔ علی بن طالب کہاں ہے۔ عرض کی حاضر ہوں۔ فرمایا اس کے برابر اپنا پتھر رکھو۔ میرے مسلمان
بھائیو سنو۔ جب مسجد نبوی کی بنیاد رکھی گئی پہلا پتھر نبی نے خود رکھا۔ دوسرا ابو بکر نے رکھا
تیسرا فاروق اعظم نے رکھا۔ چوتھا عثمان غنی نے رکھا۔ پانچواں علی بن طالب نے رکھا۔ جب شہر یثرب کے
سے پتھر پتھر کو رکھ دیا گیا۔ میرے نبی نے مسجد کے دونوں ہاتھ اٹھا کے آسمان کی طرف دیکھ کے

فرمایا اے مالک ۔ جو ترتیب میں اپنی مسجد کی بنیاد رکھ رہا ہے ۔ اس بنیاد کو قیامت تک قائم رکھنا ۔ آج خلافت کے مسئلے لوگ حل کرتے ہیں ۔ میں کہتا ہوں ۔ خلافت کا مسئلہ اس وقت حل ہو گیا تھا ۔ جب رسول اللہ نے مسجد کی بنیاد رکھی ۔

میرے دوستو ۔ پتھر اٹھا کے دینے والا بلال ہے ۔ پوچھنے لگا عبداللہ حضرت عبداللہ ابن مسعود سے مسجد پاک کی مسجد تیار ہو رہی ہے ۔ جھونپڑیاں آ رہی ہیں ۔ پتھر آ رہا ہے ۔ نبی پاک دی مسجد کچی تیار ہوئی ہے ۔ دیوار کچی ہے ۔ چھت کچی ہے ۔

ے جھونپڑی دیاں کڑیاں چھتیر نئیں کھجور دے ۔

دکھلو سی دنیا جلوے حضور دے ۔

آج پکی کوٹھیوں میں رہنے والو ۔ محلوں میں رہنے والو ۔ ایئر کنڈیشنر بنگلوں میں رہنے والو بھی اور کچے مکانوں میں رہنے والو ۔ میرے نبی پاک کی حالت کو سوچو ۔ نبی کا بستر تو دیکھو ۔ اللہ کی قسم

ے کھجیاں دا بستر تے سرہانہ کمال دا ۔

بستراں تے بچھڑا سی آمنہ دے لال دا ۔

میرے پیارے نبی کریم نے فرمایا لوگو ۔ جو میری مسجد میں آ کر جھاڑو دے گا ۔

قیامت کے دن میں محمد رسول اللہ اس کو اپنے جھنڈے کا سایہ عطا کروں گا۔ میرے

(9) مسجد کو آباد۔ میرے نبی کریم نے فرمایا۔ جس نے مسجد کو آباد کیا۔ اللہ اس کے گھر کو آباد کرے گا۔ مدینے کے تاجدار نے ارشاد فرمایا لوگو سن لو۔ میں اللہ کا آخری نبی اعلان کرتا ہوں۔ جس نے بھی مسجد میں جھاڑو دیا۔ مسجد کی خدمت کی۔ میں قیامت کے دن جہاں میں ہوں گا۔ جس جا بھی ہوں گا کے اس کو لواء الحمد کے جھنڈے کے سایہ عطا کروں گا۔ میرے دوستو۔ نماز کو ادا کرو۔ قرآن کو پڑھتے رہنا۔ ماں کی عزت کیا کرو۔ باپ کا ادب کرو۔

(10) میرے مدینے سے پیار کرو۔ میرے نبی پاک نے فرمایا۔ میرے مدینے کے ساتھ پیار کیا کرو۔ میرا شہر مدینہ۔ صحابہ کا شہر مدینہ۔ مسلمانوں کا مرکز مدینہ۔ سینوں کا ٹھکانہ مدینہ۔

مدینہ مدینہ آنکھیں گزر گئیں۔
اور سال اس میں جلنے گزر گئے
حاجیو آؤ شہنشاہ کا روضہ دیکھو
اور کعبہ تو دیکھ چکے اب کعبے کا کعبہ دیکھو

آبِ زم زم تو پیا اور خوب بجھائیں پیاسیں۔

اب آؤ جود و سخا کا دربار دیکھو۔

مدینہ نبی کا قریب آگیا ہے۔ بلندی پہ اپنا نصیب آگیا ہے۔

مدینہ شریف کے ایک دروازے کا نام ہے باب الرحمت۔ میں نے کہا سارا ہی تمام مدینہ رحمت ہے اس لئے اس کا نام باب الرحمت کیوں رکھا ہے۔ جواب آتا ہے کہ ہم نے نہیں رکھا۔ نبی کے یاروں نے رکھا ہے۔ نبی پاک کے خلیفے برحق ہیں۔ حضرت ابوبکر صدیق پہلے خلیفہ۔ حضرت عمر فاروق دوسرا خلیفہ۔ حضرت عثمان غنی تیسرا خلیفہ۔ مولا مشکل کشا چوتھے خلیفہ۔ نبی کے چار یار برحق ہیں۔

(15) رسول کی مسجد۔ میرے دوستو! رسول اللہ کی مسجد ہے شہر مدینہ کا ہے۔ نبی پاک منبر پر بیٹھ کر وعظ کر رہے ہیں۔ مجمع صحابہ کرام کا ہے۔ اس دروازے سے پاس ایک بدو آگیا۔ عرض کی یا رسول اللہ ہلاک۔ اے اللہ کے رسول ہم برباد ہو گئے۔ نبی پاک نے خطبہ روک دیا۔ اس کی طرف دیکھ کر فرمایا۔ کیا ہوا۔ عرض کی اے رسول اللہ کئی سال بیت گئے ہیں۔ بارش نہیں ہوئی۔ قحط سالی ہے۔ آپ اللہ کے نبی ہیں۔ نبی کا کام ہے خدا سے مانگنا اور دنیا کو دینا۔ یا رسول اللہ مہربانی فرمائیے

تالاب خشک ہو گئے۔ جانور پیاس شدت سے مر رہے ہیں۔ آپ اللہ کے آخری رسول ہیں۔
اللہ کے حضور دعا کریں۔ اللہ ہم کو بارش نصیب فرمائے۔ میرے نبی نے نبوت کے
ہاتھ اٹھائے۔ اللہ مدینے والوں کو پانی سے سیر کر دے۔ باران رحمت نصیب فرما۔
صحابہ فرماتے ہیں جس وقت نبی نے ہاتھ اٹھائے۔ بادل کا نام و نشان تک نہ تھا جس
وقت نبی پاک نے دعا مانگی۔ فوراً بادل آ گئے پانی برسنا شروع ہو گیا۔ میرے مسلمان
بھائیو۔ ذرا غور کرنا۔ رسول اللہ ﷺ نے دعا فرمائی۔ فوراً بارش آ گئی۔ صحابہ فرماتے ہیں
ہم نے جمعے کی نماز پڑھی۔ حتیٰ کہ بارش ہوتی رہی۔ ہفتے کے دن بارش۔ اتوار کے دن بارش
اسی طرح اگلا جمعہ آ گیا۔ رسول ﷺ منبر پر جلوہ گر ہوئے۔ صحابہ کا مجمع ہے۔ نبی پاک نے خطبہ
شروع کیا۔ وہی آدمی پھر کھڑا ہو گیا (یا) اور دور والے کے پاس کھڑا ہو گیا۔ یا رسول اللہ ہلاکت ہے ہم
برباد ہو گئے۔ میرے نبی نے خطبہ روک دیا۔ فرمایا کیسے جیسے پچھلے کیا تھا۔ برباد ہو گئے۔ اب بھی کہتا
ہے برباد ہو گئے۔ عرض کی یا رسول اللہ پہلے اس لئے برباد تھے کہ برستا نہ تھا۔ اب زیادہ اس لئے
ہو گئے۔ کہ رکتی نہیں ہے۔ پاک پیغمبر پہلے پانی پینے کیلئے نہ تھا۔ اب ہر جگہ پانی ہی پانی
ہے۔ پہلے تالاب میں پانی نہ تھا۔ اب گھر میں پانی ہے۔ مکان میں پانی۔ چھت بہہ گئی۔
یا رسول اللہ دعا طلب کریں۔ بارش رک جائے۔ جب اس نے عرض کی۔ ایک بادل کھڑا ہو گیا۔

Scanned with CamScanner

کہنے لگا۔ میں ملک یمن سے آ رہا ہوں۔ سفر کرتا پھر رہا ہوں۔ میں تورات کا ورق دیکھ رہا ہوتا اور دوسری طرف پیارے نبی کا چہرہ دیکھ رہا ہوتا۔ اگر اس نبی نے کہہ دیا کہ بارش بند ہو جائے۔ تو قیامت تک آسمان سے بارش نہیں ہوگی۔ حضرت عمر کھڑے ہو گئے کہنے لگے اے اللہ کے پیارے حبیب۔ آپ کے دربار میں کس چیز کی کمی ہے۔ اب مینہ پانی کی کریں پہاڑوں پر بارش ہوتی رہے۔ ہمارے گھروں میں پانی نہ آئے۔ میرے نبی نے اپنی نبوت والی انگلی اٹھا کے بادلوں کو دیکھا فرمایا۔ اے بادلوں چلے جاؤ ان پہاڑوں پر۔ بارش برساؤ۔ صحابہ فرماتے ہیں ہم نے آنکھوں سے دیکھا۔ جس طرف نبی کی نبوت کی انگلی اٹھی ہے۔ اس طرح بادل پھٹتا گیا۔ اس طرف سے اس دروازے کا نام باب البرکت ہے۔

(11) مسجد نبوی کے آٹھ دروازے = حضور سرور کائنات کی حیات طیبہ کے اندر مسجد نبوی کے آٹھ دروازے۔ میرے نبی نے فرمایا جو شخص میری مسجد میں نماز پڑھے گا تو اس کو ایک نماز کے بدلے 50 ہزار نمازوں کا ثواب ملے گا۔

میرے دوستو۔ آج حاجی لوگوں سے پوچھو۔ ہر آدمی جانتا ہے۔ کہ مسجد کے اس حصے میں بیٹھوں جس کو خدا رسول نے جنت کہا ہے۔

لوگ تو جنت کو تلاش کرتے ہیں ۔ میرے آقا پیروں پہ سر رکھے وہیں جنت کی گلی ہے جہاں مدینے کے بازار کی گلی شروع ہے۔

ما بین بیتی و منبری روضۃ من ریاض الجنۃ ۔ میرے پیارے پیغمبر نے فرمایا ہے کہ میرے گھر سے منبر کے درمیان میں جو جگہ ہے وہ جنت کے باغوں میں سے باغ ہے۔ رسول کے جہاں قدم آ گئے وہ جنت کا ٹکڑا بن گیا ہے۔ پیارے آقا کا سینہ جنت کا ٹکڑا۔ حضرت ابوبکر صدیق جنت کے ٹکڑے میں آرام کر رہے ہیں۔ حضرت عمر فاروق جنت کے ٹکڑوں میں آرام کر رہے ہیں۔

(12) نبی کا مقام ۔ اے لوگو! ہم نبی کا مقام بڑا اونچا مقام ہے جہاں آدم کے قدم آ گئے وہ میدان عرفات بن گیا۔ جہاں حضرت ابراہیم نے قدم رکھا وہ بیت اللہ بن گیا۔ جہاں اسماعیل قدم رکھا وہ آب زم زم بن گیا۔ جہاں نوح نے قدم رکھا وہ جودی مقام بن گیا۔ جہاں موسیٰ کا قدم لگا وہ طور سینا بن گیا۔ جہاں آمنہ کے لال نے قدم رکھا وہ مدینہ بن گیا۔

(13) اپنی اپنی دولت ۔ کسی کی دولت امریکہ میں ہے۔ کسی کی دولت جیب بینک میں ہے۔ کسی کی دولت سوئس بینک میں ہے، مگر ہم غلاموں کی دولت مدینے میں ہے۔

ہم غریبوں کی دولت مدینے میں ہے۔ ہم فقیروں کی ثروت مدینے میں ہے۔
بے سہارا نہ سمجھے زمانہ ہمیں۔ ہم غریبوں کا آقا مدینے میں ہے۔

(14) نبی پر صلی اللہ علیہ وسلم۔ نبی پر درود سلام پڑھا کرو۔ جب تم نبی پاک پر درود پڑھو گے۔
یہاں بھی بیڑا پار۔ وہاں بھی بیڑا پار۔ کئی لوگ کہتے ہیں ہم ہر وقت نبی پر درود و سلام پڑھتے
ہیں۔ اللہ نے قرآن نے اعلان کیا ہے۔ نبی پر درود پڑھنے کا کوئی وقت مقرر نہیں۔
اللہ کی نماز کا وقت مقرر ہے۔ نبی پر درود پڑھنے کا وقت مقرر نہیں۔ صبح کی نماز پڑھنا
ہے صبح کے وقت پڑھو۔ ظہر کی نماز پڑھنی ہے۔ ظہر کے وقت پڑھو۔ عصر کی نماز پڑھنی ہے
عصر کے وقت پڑھو۔ مغرب کی نماز پڑھنی ہے مغرب کے وقت پڑھو۔ عشاء کی نماز پڑھنی ہے
عشاء کے وقت پڑھو۔ جب نبی کے درود کی باری آگئی ہے۔ اللہ نے فرمایا کوئی وقت مقرر
نہیں جب تمہارا جی چاہے میرے پیارے محبوب پر درود و سلام پڑھ لیا کر۔ کوئی وقت
مقرر نہیں مرضی ہے۔ فجر کے وقت پڑھو۔ درود پڑھنا ہے ظہر کے وقت پڑھو۔ درود
پڑھنا ہے عصر کے وقت پڑھو۔ درود پڑھنا ہے مغرب کو پڑھو۔ درود پڑھنا ہے عشاء کو
پڑھو۔ درود پڑھنا ہے خلوت میں پڑھو۔ درود پڑھنا ہے جلوت میں پڑھو۔ بیٹھ کے پڑھو۔
کھڑے ہو کر پڑھو۔ مرضی آئے سکول میں پڑھو۔ مرضی آئے کالج میں پڑھو۔ مرضی آئے یونیورسٹی

میں پڑھو۔ مرضی آئے کچہری میں پڑھو۔ مرضی آئے تھانے میں پڑھو۔ مرضی آئے منڈی میں
پڑھو۔ مرضی آئے دکان میں پڑھو۔ مرضی آئے مکان میں پڑھو۔ مرضی آئے اسپتال
میں پڑھو۔ مرضی آئے ایوانِ صدارت میں پڑھو۔ مرضی آئے اذان سے پہلے پڑھو۔ مرضی آئے
اذان کے بعد پڑھو۔ درود کی کوئی پابندی نہیں۔ جس وقت مرضی ہو پڑھو جہاں مرضی
ہو۔ وہاں جھگڑا ہوتا ہے۔

(آقا) حضور ﷺ کا سینہ جو ہے۔ حضور ﷺ کا روضہ ہو۔ اللہ ہم سب کو مدینے کی زیارت
نصیب فرمائے۔ ولو انہم اذ ظلموا ______ اللہ فرماتا ہے جب انسان اپنی
جانوں پہ ظلم کر بیٹھیں اس وقت تمہارے حضور حاضر ہو جائیں۔ آپ ان کیلئے دعا کریں۔
جب آپ ان کیلئے دعا کریں گے۔ لوجدوا اللہ توابا رحیما۔ اللہ کی قسم جو نبی کے پاس
آ کے ٹھہر گئے۔ جنہوں نے نبی پاک کے در کو چھوڑا مر گئے۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ
سے پوچھو۔ کعبہ کا طواف کرنا کتنی بڑی عبادت ہے۔ مگر جس وقت حضور ﷺ
نے عثمان غنی کو بھیجا۔ یہ معلوم کرو کہ ہم اللہ کے گھر کا طواف کرنا چاہتے ہیں۔ مکہ کے
کافروں نے ہمارے پیر عثمان کو ایک مکان میں بند کر دیا۔ اور کہنے لگے عثمان تو طواف
کر سکتا ہے۔ مگر تیرے نبی کو ہم نے اجازت نہیں دینی۔ اب دیکھو۔ کعبے کا طواف کرنا

کسی کی عبادت تھی۔ مگر حضرت عثمان کہتے ہیں جب میرے نبی کو بیت اللہ کے طواف کی اجازت
نہیں۔ تو میں کیوں پہلا ہوں طواف کرنے والا۔ طواف کروں گا تو نبی پاک کے ساتھ۔
عثمان اس گھر کا طواف نہیں کر سکتا۔ جس گھر کا طواف رسولوں کا امام نہیں کر سکتا۔
کافروں نے مشہور کر دیا کہ ہم نے عثمان کو شہید کر دیا۔ میرے پاک نبی نے فرمایا لوگو!
ان شریروں نے جھوٹی خبر دی ہے کہ عثمان قتل ہو گیا ہے۔ اللہ ہماری حفاظت کرے گا۔ عثمان
کے نام پر بیعت کرو۔ اور جو کوئی صحابی بیعت کرنا آتا ہے۔ نبی پاک فرماتے ہیں
یہ میرا ہاتھ نہیں عثمان کا ہاتھ ہے۔ جب نبی نے دوسرا ہاتھ اوپر رکھا۔ فوراً جبرائیل آئے
اور کہا سلام فرماتا ہے کہ نیچے والا ہاتھ عثمان کا ہے اوپر والا ہاتھ میرا ہے۔
(یداللہ فوق ایدیھم) اوپر والا ہاتھ محبوب تمہارا نہیں میرا ہے۔

نبی کا ہاتھ یداللہ ہے۔ نبی کا چہرہ وجہ اللہ ہے۔ نبی کی زبان لسان اللہ ہے۔ نبی کا
حکم امر اللہ ہے۔ نبی کا قبلہ کعبہ اللہ ہے۔ نبی کی کتاب کلام اللہ ہے۔ نبی کا حسن
نور اللہ ہے۔ نبی کی شفاعت مغفرت اللہ ہے۔ نبی کا تعلیم دستور اللہ ہے۔ نبی کا سبق
لا الہ الا اللہ ہے۔ نبی کا وجود محمد الرسول اللہ ہے۔ نور اللہ

جو مشکل کام جاتا ہے۔ مدینے نہیں جاتا۔ اس کا حج قابل قبول نہیں۔ کئی لوگ کہتے ہیں

جو مدینے جاؤ تو رسول اللہ کی مسجد کی نیت کر کے نہ جاؤ۔ ہمارے بہت سے لوگ یہاں کہتے ہیں یا ر
اب کیا کہیں یہ حدیث پڑھتے ہیں۔ کہ حضور نے فرمایا تین چیزوں کی زیارت
کرو کعبہ اور مسجد نبوی۔ مسجد اقصیٰ۔ میرا خون ... کرو۔ چاہئے کسی مکتبۂ فکر
کے لوگ ہو۔ میں ہر ایک کے دل سے درخواست کرتا ہوں۔ کہ قوم کو فرقے فرقے نہ بناؤ
قوم میں اتفاق و محبت پیدا کرو۔ دین کسی کی زبان کا نام نہیں۔ دین رسول اللہ کی زبان
کا نام ہے۔ جو لوگ کہتے ہیں رسول کے روضہ پہ جانا شرک ہے۔ ان سے پوچھو کہ
جو ستر ہزار فرشتے دن کو۔ ستر ہزار رات کو۔ یہ مسجد کی دیواروں سے لپٹ کے سلام پڑھتے
ہیں۔ یا روضے کے مکین پہ پڑھتے ہیں۔ ستر ہزار فرشتے دن کو ستر ہزار رات کو
سب سرکار رسول اللہ پہ سلام پڑھتے ہیں۔ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ۔ الصلوٰۃ والسلام
علیک یا حبیب اللہ

Molana Muhammad
Abbas-Nazami

12-3-02

شانِ صحابہ — عبدالوحید ربانی

والعصر ان الانسان لفی خسر ــــــ وتواصوا بالصبر

نہایت ہی واجب الاحترام علمائے اہل سنت نوجوانانِ ملت میرے قابل قدر بزرگو اور دوستو اور نوجوان ساتھیو۔ آج کا یہ جلسہ عام صرف اور صرف برکت حاصل کرنے کے لیے کیا جا رہا ہے۔ میں بارگاہ رب صمدیت میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ میرے دوستوں، جلسہ کے منعقد کرنے والے احباب کا یہ خلوص اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے۔ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ہم سب کو حضور کے جھنڈے کا سایہ نصیب فرمائے۔ آج بے شک مدینہ المنورہ کی مسجد اس بات پر گواہی دے رہی ہے۔ آج حرم مدینہ کا منبر اس بات پر گواہ ہے۔ آج تک حضرت ابوبکر صدیق کی روایت گواہ ہے۔ کہ رسول اکرم صحابہ کے مجمع میں تشریف فرما رہے تھے۔ اور زبان نبوت سے فرمایا کہ قیامت کے دن نجات وہی پائے گا۔ جو میرے جھنڈے کے نیچے آئے گا۔

حضرت عبداللہ بن مسعود صحابی نے عرض کی یا رسول اللہ ہمارے ماں باپ آپ کے نام پر قربان ہو جائیں کیا قیامت کے دن آپ کا جھنڈا ہوگا۔ میرے آقا نے فرمایا ہاں میرا جھنڈا ہوگا۔ جو میرے جھنڈے کے نیچے آئے گا، نجات پا جائے گا۔ صحابہ نے عرض کی حضور آپ کے جھنڈے کا نام کیا ہوگا۔ میرے آقا نے فرمایا کہ میرے جھنڈے کا نام لواء الحمد ہوگا۔ صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ آپ کے جھنڈے کی نشانی کیا ہوگی کہ جس کے نیچے نبی نے فرمایا

نہ چاند ہوگا۔ نہ ستارہ ہوگا۔ میرے جھنڈے پہ لکھا ہوا ہوگا۔ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا کلمہ طیبہ
لکھا ہوگا۔ عرض کی یا رسول اللہ آپ کے جھنڈے کا رنگ کونسا ہوگا۔ میرے آقا نے فرمایا۔ میرے گنبد
کا رنگ بھی سبز ہوگا میرے جھنڈے کا رنگ بھی سبز ہوگا۔

(۷) آقا کا فرمان: میرے پیارے آقا کا فرمان سنو۔ ربانی ہو دیکھ کے پاکستان زمین
اعلان کر رہا ہے کہ یہ کائنات بدل سکتی ہے۔ زمین پھٹ سکتی ہے۔ ستارے گر سکتے ہیں۔
ہوائیں اپنا رخ بدل سکتی ہیں۔ نظام کائنات تبدیل ہو سکتا ہے۔ مگر زبان نبوت سے
نکلی ہوئی بات تبدیل نہیں ہوا کرتی۔ میرے پیارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگو! ایک
جھنڈا دیا جائے گا جو میرے جھنڈے کے نیچے آئے گا۔ میرے جھنڈے کی نشانی ہوگی
کہ کلمہ طیبہ لکھا ہوا ہوگا۔ صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ آپ اپنا جھنڈا خود اٹھائیں گے
میرے آقا نے فرمایا نہیں نہیں۔ میں تو گنہگاروں کی وکالت میں ہوں گا۔ میرا جھنڈا وہ اٹھائے گا
من حملہ فی البدر۔ جس نے میرا جھنڈا بدر میں اٹھایا۔ صحابہ نے عرض کی بدر میں تو بہت سے
لوگوں نے اٹھایا۔ فرمایا۔ اول جس نے پہلے اٹھایا۔ صحابہ نے عرض کی پہلے کس نے اٹھایا
فرمایا من حملہ فی احد۔ جس نے احد میں اٹھایا۔ صحابہ نے عرض کی احد میں کس نے اٹھایا
فرمایا من حملہ فی الخیبر۔ جس نے خیبر میں اٹھایا۔ صحابہ نے عرض کی خیبر میں تو اپنا جھنڈا کس

نے اٹھایا۔ فرمایا ہجرت والی رات جو میرے بستر پر سو رہا تھا۔ آقا یہ ہجرت والی رات آپ کا بستر پر کون سو رہا تھا۔ فرمایا تم نہیں جانتے۔ جو مکہ کی فتح کی موقع میں میرے کندھوں پر چڑھا ہوا تھا۔ آقا آپ کے کندھے نبوت پہ کون چڑھا۔ فرمایا تم نہیں جانتے۔ جو میری بیٹی فاطمہ کا شوہر ہے۔ کعبے کا گوہر ہے۔ وہ میرا علی ہے۔ قیامت کے دن میرا جھنڈا لواء الحمد حضرت علی کے ہاتھوں میں ہوگا۔

(٣) رسول کائنات کا پردہ۔ جب رسول کائنات نے پردہ فرمایا اور حضرت ابوبکر نے یہ حدیث بیان کی کہ میرا پیارا صدیق اکبر اور حضرت علی کے ہاتھ کو بوسہ دے کر فرمایا علی مبارک ہو۔ نبی نے تجھے جھنڈا دیا۔ حدیث والے آج تک گواہی دیتے ہیں کہ میرا پیارا علی اٹھا۔ انہوں نے صدیق نے ہاتھ کو بوسہ دے کر فرمایا۔ ابوبکر تجھے کیوں مبارک ہو۔ مجھے نبی نے جھنڈا دیا۔ تجھے نبی نے مصلیٰ دیا ہے۔ آج کچھ لوگ جھنڈا اٹھائے ہوئے ہیں مصلیٰ سنبھالے ہوئے ہیں۔ کچھ لوگ مصلیٰ اٹھائے ہوئے ہیں۔ جھنڈا اٹھانے ہوئے ہیں۔ ہم کہتے ہیں جھنڈا بھی اٹھاؤ مصلیٰ بھی مانو۔ جھنڈے والے کبھی جانو مصلیٰ والا کو بھی مانو۔ جہاں نبی کا مصلیٰ ہے۔ وہاں نبی کا جھنڈا ہے۔ جہاں نبی کا جھنڈا ہے وہاں زندہ مصطفیٰ کا جلوہ ہے۔

آؤ میری ملت کے نوجوانوں میرے آقا کا فرمان سنو۔ میرے آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام ارشاد فرماتے ہیں
کہ میری سنت میرے اعمال کو دیکھو۔ اور میری سنت کو معمول بنا لو۔

(۴) عائشہ کے حجرے میں آرام۔ جب میرے آقا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ میں آرام فرما رہے تھے
میرے آقا نے فرمایا عائشہ دروازے سے پردہ ہٹا دو۔ کہ نماز کا وقت ہو گیا ہے۔ بلال کو
بلاؤ۔ ابھی اتنی ہی دیر ہوئی تھی۔ نماز کا وقت ہو چکا ہے۔ نماز ظہر کا وقت ختم ہونے کو ہے
صحابہ انتظار کر رہے ہیں۔ آقا آئیں گے تو نماز پڑھائیں گے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ آگے بڑھے
آپ کے چہرے پر جلال تھا۔ آپکی آواز میں رعب اور کمال تھا۔ آپ نے بلند آواز سے فرمایا
اللہ اکبر۔ امامت شروع کی۔ کہ نماز کا وقت جا رہا ہے۔ نماز شروع کی جا چکی ہے میرے
آقا نے عائشہ کے حجرے میں بیٹھ کر فرمایا۔ لا عمر۔ لا عمر۔ بل ابا بکر۔ فرمایا
عمر نہیں۔ عمر نہیں۔ ابوبکر کو کہیں کہ مصلے پہ کھڑے ہو کر نماز پڑھائے۔ جناب عائشہ نے
تھوڑا انحراف کی۔ یا رسول اللہ میرے ابا بہت نرم دل ہیں۔ کیا حضرت عمر امامت کے قابل نہیں
کیا حضرت عثمان امامت کے قابل نہیں۔ کیا جناب علی امامت کے قابل نہیں۔ میرے نبی نے
مسکرا کے فرمایا پیاری عائشہ۔ میرا علی امامت کے قابل ہے۔ میرا عثمان امامت کے قابل ہے
میرا عمر امامت کے قابل ہے۔ مگر جو ان سب کی امامت کے قابل ہے۔ وہ ابوبکر صدیق ہے

فرمایا بلاؤ حضرت ابوبکرؓ کو۔ میرے پیارے نبی نے حضرت ابوبکر کو بلایا۔ اور بڑی شدت سے فرمایا جا
نماز پڑھاؤ۔ میرے پیارے آقا نے ابوبکر کو مصلے پر کھڑا کیا۔ ان چند روز کی حیات طیبہ میں جناب
صدیق اکبر نے سترہ نمازیں پڑھائیں۔ ایک نماز ایسی بھی کی۔ کہ رسول اکرم نے دیکھا۔ ابوبکر
امام۔ عمر مقتدی۔ عثمان مقتدی۔ علی مقتدی۔ عبدالرحمن بن عوف مقتدی۔ عبداللہ ابن مسعود
مقتدی۔ کالا بلال مقتدی۔ میرے نبی نے حضرت عائشہ کے حجرے سے نقاب اٹھایا۔ مسکرا کے فرمایا
عائشہ کتنا اچھا لگ رہا ہے میرا ابوبکر۔

(5) خلعت نبوت۔ میرے پیارے آقا نے خلعت نبوت اتار دیا۔ خلعت نبوت رکھ دیا۔ میرے آقا اپنے
یاران نبوت کو زمین مدینہ کو کیسا بیوہ کر کے تشریف لے گئے۔ آج تک حدیث گواہ ہے۔ کہ میرے
پیارے صدیق امامت کرا رہے ہیں۔ اور نبی آ رہے ہیں۔ صدیق اکبر کو معلوم ہوا۔ کہ وقت کا
نبی آ گیا۔ مسکینوں کا نبی آ گیا۔ عرب کا چودھری آ گیا۔ عجم کا رسول آ گیا۔ امن و سکون کا پیکر آ گیا۔
ذرہ ذرہ کا مسیحا آ گیا۔ ہم سب کا رہبر آ گیا۔ ہم سب کا راہنما آ گیا۔ اب تو رب کا کعبہ آ گیا۔
تو صدیق اکبر مصلے سے پیچھے ہٹنے لگے۔ میرے نبی نے فرمایا اپنے مقام پر رہو۔ ابوبکر اپنے
مقام پہ کھڑے رہو۔ ہم ہی ملت کے دیوانے۔ مگر نبوت کی تعظیم کا میرے صدیق اکبر نے
جب نماز ختم ہوئی تو قریب آ کر عرض کی یا رسول اللہ لوگ کیا کہیں گے ابھی آگے نبی تھے

فرمایا ابوبکر۔ لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنہ سے آیت قرآن اس بات پہ گواہ ہے۔ کہ تمہارے لیے بہترین نمونہ عمل رسول کی ذات ہے۔ جس نے امت کو نمونہ دیا ہے۔ یعنی جہاں نبی ہو نبی ہوتا ہے۔ ابوبکر میں امت کا نبی ہوں۔ جس جہاں نبی ہوں میں نبی ہوں۔ جس نے امت کو نمونہ حیات دیا ہے۔ جو میرے صدیق کو اسی طرح امام مانے گا وہ میرا ہے۔ جو اس طرح امام نہ مانے گا وہ میرا نہیں۔

(۲) صدیق کا مقام: حضرت ابوبکر صدیق اکبر کا مقام تو میرے نبی نے فرمانے حدیث میں بلند کیا۔ اور فرمایا۔ یا ابابکر انت صاحبی فی الدنیا و فی الآخرۃ۔ اے ابوبکر۔ تو میرا دنیا کا دوست ہو ہے اور آخرت کا بھی دوست ہے۔ دوست وہ نہیں ہوتے جو مشکل وقت میں بھاگ جائیں دوست وہی ہوتا ہے جو ہر وقت ساتھ ہو۔ خوشی میں ساتھ غمی میں ساتھ۔ مسرت میں ساتھ موت میں ساتھ۔ ہجرت میں ساتھ۔ دکھ میں ساتھ۔ جوانی میں ساتھ۔ بچپنے میں ساتھ۔ مدینے میں ساتھ۔ بدر میں ساتھ۔ خندق میں ساتھ۔ تبوک میں ساتھ۔ حنین میں ساتھ۔ طوفانوں میں ساتھ۔ قیام میں ساتھ۔ رکوع میں ساتھ۔ سجدے میں ساتھ۔ بیابانوں میں ساتھ۔ کہساروں کی بلندیوں میں ساتھ غاروں میں ساتھ۔ آج تک مزار میں ساتھ۔

ہم حضرت علی کے ماننے والے ہیں۔ یعنی نبی نے میرے علی کا نام حیدر رکھا۔ کیا مطلب

ہوتا ہے کہ میں ڈر۔ اے پیارے جو چار کونے مانیں گے۔ جب حیدر کو پکاریں گے تو چار
کا لفظ زبان پر آ جائے گا۔ یہ مسئلہ حل ہو گیا ہے۔ علی جیسا نہیں بنا اور نہ ہی بن سکتا ہے۔
آج پوچھا جاتا ہے حضرت علی نے بڑی جنگیں لڑی ہیں۔ حضرت ابوبکر صدیق نے کوئی جنگ لڑی۔
حضرت عمر نے کوئی جنگ لڑی۔ ربانی کہتا ہے ایسے اعتراضات نہ کرو۔ جہاں علی وہاں صدیق
جہاں علی وہاں عمر۔ جہاں عمر وہاں عثمان۔ تاریخ میں کوئی ایسا باب نہیں ہے۔ جہاں علی ہو
اور صدیق نہ ہو۔

اور مدینہ میں سجدہ کر رہا۔ مدینہ میں بیت المقدس قبلہ تھا۔ دو مہینے وہاں رہے۔ کیا چاہتے
تھے کہ ان میں ایک قبلہ بیان دو کہ۔ جواب آیا۔ میرے پیارے جس طرف اقدس کی طرف منہ کر کے
نماز پڑھ رہے تھے۔ یہودی کا گزر ہوا۔ یہودی کہنے لگے۔ دیکھو جی یہ کیسا ہے جس کے دین
والے تو اپنے قبلہ پر رہ۔ یہ کیسی شان ہے۔ میرے نبی نے آسمان کی طرف دیکھا۔
اے رب کائنات سن لیں۔ فرمایا چلیں گے یہ قبلہ تھا۔ ذرا لفظ پر غور
کریں۔ فرمایا پیارے جو تیری مرضی۔ جو تیری رضا۔ کہتے ہیں آگے۔ رب نے کیا حوالہ
جو تیری رضا۔ وہ ہماری رضا۔ آج ہم زمین پر چل۔ حوالہ جو تیری رضا میری رضا۔ لوگ
بتاؤ محترم ہو گا۔ مرضی کی حوالہ جو تیری رضا میری رضا۔ ابراہیم آگ میں جھونک دیا گیا پڑے گا

مولا جو بھی رضا ہے میری رضا ہے۔ اسماعیل گردن میں خنجر کی آرزو میں ہے مولا جو بھی رضا ہے میری رضا ہے۔
یوسف زلیخا ہمراہ کریں گے، جیل جانا منظور ہے مولا جو بھی رضا ہے میری رضا۔ یعقوب بیٹھ
بیٹے کے فراق میں آنکھوں کی بینائی واپس لوں گا۔ مولا جو بھی رضا ہے میری رضا۔ یونس کی چالیس
دن ٹھیک کاٹے۔ مولا جو بھی رضا ہے میری رضا۔ یونس مچھلی کے پیٹ میں آرام سے رہے۔ وقت مقررہ پہ
نکالوں گا۔ مولا جو بھی رضا ہے میری رضا۔ جتنے انبیاء علیہم السلام آئے۔ سب نے کہا۔ اے رب
العالمین۔ جو بھی رضا ہے ہماری رضا۔ لیکن جب قبلہ بدلنے کی باری آئی، تو رب نے کہا
مدینے والے۔ جو بھی رضا ہے تیری رضا۔ چلو بیت المقدس قبلہ تو رکھتا۔ پیارے دیکھ کس بات کی ہے
جدھر تیرا چہرہ ہوگا۔ ادھر ہمارا بیت اللہ ہوگا۔

نوجوانو سنو۔ آج تذکرہ بھی وہ بیان کر رہا ہوں۔ کہ میرے نبی کریم نماز کی حالت
میں کھڑے ہیں۔ کعبے کی طرف رخ منسوب کیا۔ مکے کی طرف رخ منسوب کیا۔ صحابہ نے دیکھا نبی کریم
تو کچھ پیچھے کھڑے گئے۔ جب نماز ختم ہوگئی۔ میرا آقا نے کہا کہ ابن ابی طالب کہاں
ہے میرا علی۔ حاضر ہوں۔ فرمایا تو علم کا دروازہ ہے۔ جس نے تو منع کیا ہوا۔ ہم نماز میں
ادھر ادھر نہیں دیکھنا۔ تم سے رہا نہیں گئے۔ عرض کی یا رسول اللہ میں اکیلا تو نہیں کھڑا ہم
میرے ساتھ یار کھڑے۔ تو آپ کو دیکھ کر میں بھی کھڑا۔ علی تو جانے جدھر ہے نبی ادھر دین۔

میرے نبی نے فرمایا۔ یہاں تمہارے ساتھ کون تھا۔ فرمایا میرے ساتھ عثمان غنی تھا۔ مگر ختم نبوت اُن کی، عثمان
نے بیٹے نماز میں کیوں پھیرے۔ عرض کی آقا میں اکیلا تو نہیں پھیرا۔ آپ کا داماد ہوا میرے ساتھ تھا۔
میں پھیرا تو میں بھی پھر گیا۔ میرے نبی نے فرمایا عمر دار ارقم میں بھی میں سبق سکھایا تھا۔ کیوں
پھیرا نماز میں۔ عرض کی آقا۔ میں اکیلا تو نہیں پھیرا۔ آپ کے سسر جناب صدیق اکبر میرے ساتھ کھڑے
تھے۔ وہ پھیرے تو اُن کو دیکھ کر میں بھی پھر گیا۔ میرے پیارے آقا ارشاد فرمایا میں ابوبکر۔
توجہ کر۔ پوچھنے والا نبی جس سے پوچھا جا رہا ہے وہ امتی۔ پوچھنے والا امت کا شفیق
جس سے پوچھا جا رہا ہے وہ سنیوں کا صدیق۔ فرمایا نماز میں کیوں پھیرے ابوبکر۔ عرض کی
کی میرے باپ آپ کے نام پہ قربان۔ ہم کو کیا خبر ذرا ادھر ہے کہ ادھر۔ آپ نے فرمایا ادھر
ہم نے کہا ادھر۔ آپ نے کہا ادھر ہم نے کہا ادھر۔ جب آپ پھر گئے آپ نے اشارہ کیا ادھر
ہم نے کہا ادھر۔ یا رسول اللہ جدھر تم ادھر ہم۔ میرے نبی نے ابوبکر کو سینے سے لگا
جن کا سینہ ختم نبوت کا سینے سے لگا ہو۔ فرمایا اے ابوبکر تو نے [افضلیت کی دستار و دی] میرے تحت نماز میں
میرے طریقے پر عمل کیا ہے، آج سے تو سنت و الجماعت ہے ہم اسی دن سے سنی بنے
ہیں جب سے قبلہ بدلا ہے۔

(8) ہمارا تعلق ہے اولیاء کرام سے ہے۔ اولیاء کا تعلق حضرت علی سے ہے۔

حضرت علی کا تعلق حضرت عثمان سے ہے۔ حضرت عثمان کا تعلق جناب عمر سے ہے۔ حضرت عمر کا تعلق صدیق اکبر سے ہے۔ صدیق اکبر کا تعلق مصطفیٰ سے ہے۔ اور مصطفیٰ کا تعلق خدا سے ہے۔ ہم بے سہارا نہیں۔ میرے پیارے آقا نے فرمایا۔ اے میرا ابو بکر دنیا میں جو مجھ سے محبت کرے گا۔ جیسے اپنی ختم نبوت کی مشعل۔ قیامت کے دن وہ جس دروازے سے آئے گا۔ پانچ نمازیں پڑھتا ہو۔ قرآن کی تلاوت کرتا ہو۔ مجھ سے محبت کرے۔ جنت کے آٹھ دروازے ہوں گے۔ جس دروازے سے آئے گا۔ میں بھی اس کا استقبال کروں گا جس کا استقبال نبی کرے۔

(4) صحابہ کرام کے قدموں میں آنا پڑے گا۔ ڈاکٹر کی تعریف کرو مریض ہی خوش ہوتا ہے۔ کوٹ کی تعریف کرو۔ درزی خوش ہوتا ہے۔ کرسی کی تعریف کرو۔ کاریگر خوش ہوتا ہے۔ مکان کی تعریف کرو۔ معمار خوش ہوتا ہے۔ مرید کی تعریف کرو۔ پیر خوش ہوتا ہے۔ شاگرد کی تعریف کرو۔ استاد خوش ہوتا ہے۔ صحابہ کی تعریف کرو۔ مدینے والا خوش ہوتا ہے۔ میرے نبی کریم نے فرمایا۔ اے لوگو ابو بکر میرا۔ عمر میرا۔ عثمان میرا۔ علی میرا۔ طلحہ میرا۔ زبیر میرا۔ خبیب میرا۔ خباب میرا۔ ہر کالا بلال میرا۔

میں کہتا ہوں کہ جس نے کہا۔ میں اللہ کا ہو گیا۔ اللہ بھی [illegible]۔ اللہ کا ہے

محمد میرا نہیں۔ کہا میں اللہ کا ہوں۔ اللہ نے کہا میرا نہیں۔ اب قرآن تو یہ بتا ابوجہل اللہ کا بندہ ہے۔ مگر اللہ فرماتا ہے لعنت۔ ابولہب اللہ کا بندہ ہے۔ مگر اللہ فرماتا ہے تبت یدا ابی لہب آگ لگ گئی۔ عرض یار ابوجہل فرمایا میرا نہیں۔ ابولہب فرمایا میرا نہیں۔ یار اب میرا کون ہے۔ فرمایا ابوبکر میرا۔ عمر میرا۔ عثمان میرا۔ علی میرا۔ طلحہ میرا۔ زبیر میرا۔ مصعب میرا۔ خباب میرا۔ عمار میرا۔ یاسر میرا۔ حذیفہ یمانی میرا۔ ابوذر میرا۔ کالا بلال میرا۔

(اب) نبی کا دربار۔ جو بھی آ کے در اقدس پہ آیا کا حساب ہو گیا۔ ذرہ تھا ستارہ بن گیا۔ فرش کی عرش بن گیا۔ بوند تھی لہر بن گیا۔ لہر تھی موج بن گیا۔ موج تھی دریا بن گیا۔ دریا تھا سمندر بن گیا۔ بیابان یار ابوبکر تھا۔ صدیق اکبر بن گیا۔ عمر تھا فاروق اعظم بن گیا۔ عثمان تھا جامع القرآن بن گیا۔ علی تھا حیدر کرار بن گیا۔ بلال غلام تھا۔ ساری دنیا کا امام بن گیا۔

کون کہتا ہے کہ حضرت عمر تلوار لے کر آئے۔ غلط کہتے ہیں۔ ان تاریخ والوں نے تاریخ کے ساتھ زیادتی کی ہے۔ ان لوگوں کو رب کی عدالت میں ایک دن جواب دینا پڑے گا۔ جو کہتے ہیں حضرت عمر تلوار لے کر آئے۔ حضور کو قتل کرنے آئے تھے۔ ربانی پوچھتا ہے۔ ہم رسول اللہ کے ماننے والے ہیں۔ ہم صحابہ کے گرا ہیں۔ اتنی عمر حضرت عمر مکے میں تھے۔ پہلے تلوار لے کر آ جاتے۔ اس وقت تلوار اٹھا لی جب بتوں نے ہاتھ اٹھا کے دعا کی۔

میلے تلوار اٹھا لیتے جیسے ارادہ قتل کر لیتے۔ مگر اس وقت تلوار اٹھائی جب رسول اللہ نے کہا تھا اے
اللھم اعز الاسلام بعمر الخطاب۔ یا پھر شاید عمر یا عمرو سے۔ جب عرش سے نبی کے ہاتھ اٹھے تو انکی تلوار
کا تیور انتہا پہ تھا حضرت عمر ہیں۔ ہاتھ میں تلوار لی حضرت عمر نے چل نکلے کہاں جا رہے
ہو۔ مسلمانوں کے نبی کے پاس۔ پہلے گھر کی خبر تو لو۔ کیا ہوا۔ تیری بہن پھرا ہوا ہے۔ اسی نبی
کا کلمہ پڑھ رہی ہیں۔ فوراً پلٹے آ کر بہن کے دروازے پہ کان لگایا۔ اندر سے کلام رب عالم
منزل کی آواز آ رہی تھی۔ دستک دی۔ ابھی پردے کے احکام نازل نہیں ہوئے تھے۔
حضرت خباب کو چھپا لیا گیا۔ بہن نے دروازہ کھولا۔ عمر نے ننگی تلوار کر کے کہا۔ بہن سچ بتانا
کیا پڑھ رہی تھی۔ بہن نے للکار کر کہا۔ بھائی۔ تیرے جسم پہ گوشت کا لباس ہے۔ ہڈیاں
ٹوٹ سکتی ہیں۔ جسم کا قیمہ قیمہ ہو سکتا ہے۔ وجود سے خون کے فوارے نکل سکتے
ہیں۔ مگر رسول اللہ کا کلمہ سینے سے نہیں نکل سکتا۔ نبی کی ختم نبوت دل و دماغ میں درج
کی ہے۔ اللہ کی توحید کا اعلان عام کر چکی ہوں۔ بھائی نے مارا۔ بہن گرنے لگی پر وہ
نشہ پینے سے ترشی اتارا۔

نبی کو دل فدا کر چکی ہوں۔ جو قرض تھا۔ ادا کر چکی ہوں۔

آخر کہنے لگا۔ مجھی کلام مجھے کیں سنا دو۔ کیا ادب سے بیٹھنا پڑے گا۔ گردن کو جھکانا

پڑھنا ہوگا۔ پہلے غسل کرنا پڑے گا۔ پھر وضو کرنا پڑے گا۔ غسل کیا، وضو کیا، ادب سے
بیٹھے تو بہن نے سورۃ طٰہٰ کی آیات ربانی تلاوت کی۔ آنکھوں میں نم۔ چہرے پہ الم
دل میں غم۔ بہن اشک تو میں کھولا رہا۔ معلوم ہوتا ہے۔ یہ بشر کا کلام نہیں۔ مجھے
بھی لے چل۔ تلوار اسی طرح لٹکائی ہوئی ہے۔ بہن ساتھ آ رہی ہے۔ کچھ درویشوں نے دیکھا
سہمے ہوئے حضرت حمزہ نے قریب آ کر لیا۔ وہ دیکھو بلا آ گئی۔ جبرائیل امین کو رب نے
بھیجا۔ کہ ان سے کہہ دو۔ بلا نہیں آئی، محمد کی دعا آ گئی۔

دوستانِ محترم جب قریب آ گئے تو سامنے نے کھڑے ہو کر دامن کھینچا۔ فرمایا عمر
ومارتا کس نیت سے آپ کس نیت سے آئے ہو۔ حضرت عمر قدموں میں گر پڑے۔ جہنم سے
بچا دو۔ جنت کا دروازہ دکھا دو۔ غیروں سے بچا لو۔ اپنا بنا لو۔ گنہگاروں کی معافی
دلانے والو مجرم کو رب سے ملا دو۔ صحابہ نے بلند آواز سے نعرہ تکبیر بلند کیا۔
جنت کی حوروں نے جواب دیا۔ کون نعرہ لگا رہا ہے۔ رسولوں کا رسول۔ دنیا انسانیت
کا راستہ، آج کیا ہو رہا ہے۔ عمر نے دائرہ اسلام میں قدم رکھا۔ تلوار کا نشانہ تھا۔
اسلام میں رسول کی غلامی کا نشانہ تھا۔ اللہ نماز ظہر کا وقت ہے۔ عمر نماز پڑھو۔
الصلوۃ معراج المومنین۔ نماز مومنوں کی معراج ہے۔ نماز مسلمان اور کافر کے

درمیان فرق کرتا ہے۔ اشعونمات پڑھو۔ آقا کلمات پڑھیں گے۔ فرمایا ارشم صحابی نے کہا۔

تو ادب سے عرض کی یا رسول اللہ آج تک آپ حبیب کے پیچھے رہے۔ اب عمر نے کلمہ پڑھ لیا

اب حبیب کے آگے نہیں۔ اب کعبے کی دیوار پر چڑھ کر بلال کی آذان ہوگی۔ مگر عمر کی اجازت ہوگی۔

تاریخ اسلام اس بات پر گواہ ہے۔ سب سے پہلے خانہ کعبہ کے اندر جو نماز پڑھی گئی وہ حضرت

عمر کے آنے سے پڑھی گئی۔

(11) مسجد اقصیٰ۔ آج پھر مسجد اقصیٰ تڑپتی رہی ہے حضرت عمر کے آنے کو۔ آج

دنیا حضرت عمر کے خلاف بات کرتی ہے۔ لوگوں خدا کے واسطے صحابہ کی عزت کرو۔ نماز کے

عادی بنو۔ قرآن کے قاری بنو۔ رسول پر درود پڑھو۔ ہم نبی کی تعریف کر رہے ہیں۔

صحابہ کی تعریف کر رہے ہیں تو فرشتے عرش کے گواہ ہو رہے ہیں۔

(12) حضرت عثمان کا کنواں۔ جب نبی کریم مدینہ میں آئے۔ تو مدینہ میں ایک ہی کنواں

تھا۔ جو یہودی کے قبضے میں تھا۔ یہودی پانی کو بیچتا تھا۔ ایک وقت آیا مسلمانوں کو پیسوں کے

بدلے بھی بند کر دیا تھا۔ میرے نبی صبح کی نماز کے بعد مسجد کی محراب پہ کھڑے ہو گئے فرمایا

ہے کوئی میرا دوست۔ یہودی سے کنواں خرید لے۔ مسلمانوں کو وضو کے لیے پانی کی تکلیف

ہے۔ حضرت عثمان صحابہ میں کھڑے ہو گئے۔ یا رسول اللہ ہر کام کو وقف کا ... میرے لیے دعا

فرمایا۔ میرے بھائی نے دیا مسلمان خدا تیری مدد کرے گا۔ حضرت عثمان غنی گو گئے۔ جا کر بیچ دیا مگر
کی ساری دولت اکھٹی کر لی۔ یہاں تک کہ جوتے بھی لباس بھی بیچ دیا تھا۔ جب بھی بیچ دیا۔ 32 ہزار سونا کا
درہم اکھٹے کئے۔ جا کر یہودی کے دروازے پر دستک دی۔ یہودی۔ میں دلی میں کنواں خریدنا
آیا ہوں۔ اس نے قہقہہ لگایا۔ اس نے مذاق کیا۔ مسلمان تو ایسا ہیں وہ نہیں خرید کر سکتے۔
فرمایا دیا تو مانگ۔ یہودی سوچ کر کہنے لگا آدھا کنواں بیچوں گا۔ بیچو آدھا کنواں بھی ٹھیک ہے۔
جب ایک دن پانی تو بھر لینا۔ دوسرے دن میں بھر لوں گا۔ عثمان نے سوچ کے فرمایا۔ اچھا
بیچ منظور ہے۔ کتنے پیسے چاہیں۔ کہنے لگا پندرہ ہزار درہم۔ حضرت عثمان مسکرائے
ہے مجبوری میں شہر کا تنگ ہے میرا مسلمان کوئی پیاسا ہیں۔
میں تو 32 ہزار لے کر آیا تھا۔ تو سارا بھی پندرہ ہزار مانگے۔ پندرہ ہزار دیتے گیا
یہودی کہنے لگا ہے کل پانی میں بھر دوں گا۔ پرسوں تو بھر لینا۔ اب یہودی پانی بیچ رہا ہے
سب پانی خرید رہے ہیں۔ جس کے پاس کچھ ہے کچھ دے رہا ہے۔ جس کے پاس کپڑا ہے
کپڑا دے رہا ہے۔ جس کے پاس درہم ہیں درہم دے رہا ہے۔ دوسرے دن میرے عثمان کی
باری آئی۔ مدینے کی مسجد کے دروازے پر کھڑے ہو کر اعلان کیا۔ او مدینے کے رہنے والو
جو بھی اپنے ہو کر پیاسے ہو۔ چھوٹے ہو یا بڑے ہو۔ منافق ہیں یا مومن ہو۔ آ کر کنواں

پیاسا پھرتا۔ رسول اللہ کا تشنگ جا رہا ہے۔ جاؤ پانی لے کر آؤ۔ کوئی صحابی بیٹھے ہیں؟ کوئی سیدہ پہنچا۔
میری اُمت کے نوجوانوں تمام عورتوں نے کہا، یہ پانی صرف مل گیا۔ انہوں نے دوسرے دن کا
یہودی نے پانی لے لیا۔ تیسرے دن یہودی پانی لا کے کر چلا یہ پانی پلا دی۔ آنحضرت نے کہا۔ یہ سن کر یہودی نے کنواں
مکمل یہ عثمان کی باری ہو گئی۔ یہودی شرمندہ ہوا۔ آ کر عثمان غنی کے دروازے پر دستک دی کہا
آدھا کنواں بھی خرید لے۔ چار ہزار درہم پر سودا ہوا۔ جب کنواں خرید لیا۔ حضور کے پیچھے
نماز پڑھی صبح کی۔ جب حضور نماز پڑھا چکے۔ تو حضرت عثمان غنی کھڑے ہو گئے۔ کہنے لگے
یا رسول اللہ آپ کے نام پر میرے ماں باپ قربان ہوں۔ میں نے یہودی سے پورا کنواں خرید لیا
ہے۔ اور آپ کے نام پر وقف کر دیا ہے۔ میرے آقا نبی نے نبوت والے ہاتھ اٹھائے
اللہم یا رب السموات والارض۔ میرے نبی نے فرمایا۔ اے زمین و آسمان کے خلاق۔
تو دلوں کے راز جانتا ہے۔ آج میں عثمان سے خوش ہوں۔ میرا علی بھی خوش ہے۔ تو جواب
دے تو بھی خوش ہے؟ اللہ نے فرمایا، جبرئیل میرے نبی سے کہہ دو۔ رضی اللہ عنہ
رضی عنہ۔ اگر علی بھی راضی۔ نبی بھی راضی۔ تو میں خدا بھی راضی۔ تو عثمان سے
پوچھو عثمان مجھ سے بھی راضی ہے یا نہیں۔

یہ وہ کنواں تھا۔ جس کا پانی امام حسین نے پیا۔ امام حسین نے

دیا۔ مولا علی نے پیا۔ یہی وہ کنواں تھا جس کا پانی رسول اللہ نے پیا۔ ساری زندگی اہل بیت
حسین نے کنویں سے پانی پیتے رہے۔ ہم اس کو کالا پانی دیتے رہے ہو۔ قیامت کے دن علی تم کو کیسے اپنے قریب
آنے دے گا۔ علی یہیں فرمائے گا میں نے ساری زندگی اس کے کنویں کا پانی پیا۔ یہودی نے پانی پیا
جب آئے گھونٹ ہوا گیا۔ اسی میں پانی عثمان کے کنویں کا لایا۔ جنت کی بشارت جب آیا گھونٹ پی لی۔
سعادت اسلام کی سب سے بڑی چادر تطہیر کی مانند۔ جب آیا گھونٹ اس میں پانی حضرت عثمان کے کنویں
کا تھا۔ وہی پانی پی کر حسین کربلا کے میدان میں آیا۔ کربلا کے میدان میں جو شجاعت بہادری
کے کمالات دکھائے۔ وہ عثمان کے کنویں کا پانی کا جاہ و جلال تھا۔ ہم کہتے ہیں آؤ علی علی کرو
ہم دوسروں کی تعریف کرو۔ نماز کا عادی بنو۔ قرآن کا قاری بنو۔ حضرت علی نے جس طرح صبر
کیا ہے۔ اسی طرح صبر کر کے دکھاؤ۔

(B) علی صابر ہے۔ جب حضرت پہ وار ہوا۔ عبدالرحمن ابن ملجم نے تلوار ماری۔ تو دوسرے
حضرت امام حسین نے شہد کا پیالہ دیا۔ ابا جان زخم گہرا ہے۔ مہربانی کریں لبوں سے
لگائیں۔ تو میرے پیارے مولا علی نے فرمایا۔ بیٹا ساری رات انتظار کرتا رہا۔ عبدالرحمن
میرا قاتل۔ فرمایا پہلے میرے قاتل کو دے کہیں میرا قاتل رات کا بھوکا ہو، اللہ تعالیٰ
ارشاد فرماتا ہے والا ان الانسان لفی خسر۔ —— قسم ہے زمانے کی

انسان تو گھاٹے میں ہے۔ مگر وہ لوگ جو ایمان لائے۔ جنہوں نے نیک اعمال کیے۔ اور جو حق پر جمے رہے۔ اور جنہوں نے صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑا۔ الا الذین امنو سے مراد صدیق اکبر ہیں۔ وعملوالصلحت سے مراد عمر خطاب ہیں۔ وتواصوا بالحق سے مراد عثمان غنی ہیں۔ وتواصوا بالصبر سے مراد مولا علی ہیں۔

ہم سب کے جاننے والے۔ صحابہ آپس میں شروع ہی سے ساتھ تھے۔ جو صحابہ کے ذکر کا گھر بن گیا نبی نے انکو سینے سے لگا لیا۔ دربار نبوی مسجد نبوی اللہ کا گھر ہے اس گھر میں صحابہ کا ذکر ہے۔ ذکر صدیق ہے۔ ذکر عمر ہے۔ ذکر عثمان ہے۔ ذکر علی ہے۔ ذکر نبی۔ ذکر اہل بیت ہے ذکر رسول ہے۔

آ:2 انگریز کہتے ہیں ہم نے ٹیلی فون بنایا ہے۔ مسلمان سائنسدان نے پہلے کوئی ٹیلیفون بنایا عین سینا میں ذرا یوں ہی ہو۔ مسلمان سائنسدان بات کرتے ہیں۔ عمر سامنے نہیں تھے فاصلوں کو ٹیلیفون کی ضرورت نہیں۔ دین نے بنایا۔ تم نے ٹیلیفون لگایا کس طرح۔ کہنے لگا ہم نے ٹیلیفون بنایا تار بچھا کر۔ جہاں تار نہیں جاتی۔ وائرلیس سسٹم تمام بنایا۔ خلاؤں میں آواز کو بھیجا۔ عمر دوسرے وائرلیس نظام کے ذریعے آواز کو کھینچ لیا۔ جس نے اپنا سفر نبی کا دفاع (دل کی) تو وہ یا ساریۃ الجبل۔ میرے عمر کو تاروں کی ضرورت نہیں۔ وائرلیس سسٹم فرد

نہیں جسم نبوی کے مہر پر مہر لگا رہا ہے۔ یا ساریۃ الجبل۔ او ساریہ پہاڑ کے پیچھے ہٹ جا۔ دشمن حملہ کر رہا ہے۔ اُن کو ناسا کی ضرورت نہیں۔ اُن کو وائرلیس سسٹم تک کی ضرورت نہیں۔ آج دنیا کو ائیر کنڈیشنر بنگلوں کی ضرورت ہے۔ دنیا کو ٹیلی ویژن کی ضرورت ہے۔ ٹیلی ویژن کیپیٹل سٹوروں کی ضرورت ہے۔ خلاؤں کی ضرورت ہے۔ وائرلیس سسٹم (ان) کی ضرورت ہے۔ ناسا کی ضرورت ہے۔ مگر میرا نبی نہ ناسا کا محتاج۔ نہ وائرلیس سسٹم کا محتاج۔ میرا نبی بیٹھا مسجد میں ہے۔ مگر بلال کی آواز سن رہا ہے۔

ہمارا عقیدہ یہ ہے جب ہم نبی کی تعریف کرتے ہیں تو ہمارا نبی خوش ہوتا ہے۔

دوستان محترم۔ آپ ہم نبی کا کرم ہے۔ اللہ فرماتا ہے جب بخشنا چاہتا ہوں اپنے پیاروں کی محفل میں بھیج دیتا ہوں۔ پھر فرشتوں سے پوچھتا ہوں بتاؤ کہاں سے آئے ہو۔ حالانکہ خود ہی پوچھتا ہے خود ہی جانتا ہے۔ میں نے ایک عالم سے پوچھا۔ حضرت یہ حدیث میری سمجھ میں نہیں آ رہی۔ اللہ فرشتوں کو علیم بالذات خود ہے۔ فرشتوں سے پوچھتا ہے کہاں سے آئے ہو۔ اللہ قدیر ہے سمیع بصیر ہے۔ علیم ہے خبیر ہے۔ مومن ہے مومنین ہے۔ اول ہے آخر ہے۔ ظاہر ہے باطن ہے۔ اندر سے باہر ہے۔ وہ کہنے لگے یہ بات سمجھ میں نہیں آئے گی۔ کسی کا بیٹا ہو تو اس کا نام عبدالعزیز، عبدالغفور، وغیرہ۔ جیسے معوذ اسا

بڑا ہو جا کے نام بابا اس کو کہتے ہیں بڑا لڑکا کے نام۔ نام رکھتا خود ہے۔ بچہ پیدا ہوا نام رکھا۔ عبد الرحیم
عبد الرحمٰن۔ رسول بخش، کریم بخش۔ اور جب بڑا ہو، کہتے ہیں بڑا لڑکا سے پوچھتا ہے بیٹا تیرا
نام بتا، بڑا لڑکا نام ہے۔ رکھا تو تو نے خود ہے۔ پھر مجھ سے کیوں رہا پوچھ۔ جواب آتا ہے
محبوب ایسے ہیں تو محبت کی باتیں ہیں۔ جب پیارا رکھا ہوا نام میں بتاؤں گا۔ میرا دل خوش ہو جائے گا
اور تو جانتا ہے پہلے تو فرشتے تو خود ہی لے لیا۔ جب وہاں سے آتا ہے تو پوچھتا ہوں کہاں سے آئے
ہو۔ جب کہاں سے آئے ہو جہاں پر حسین کا ذکر ہو رہا تھا۔ پڑا سا نبی کے یاروں کا ذکر ہو رہا
تھا۔ جہاں نبی کی اہل بیت کا ذکر ہو رہا تھا۔ تو مجلس میں بندوں پہ غفور رحیم ہو جایا کرتا ہوں۔

ابوبکر صدیق۔ زندہ باد۔ عمر۔ عثمان۔ علی۔

سب تو نور کا کنبہ اسی کو کہتے ہیں۔ میں کہتا ہوں مرکز کے نور ہیں۔ صراط مستقیم ہے۔
ابوبکر کا راستہ صراط مستقیم ہے۔ عمر کا راستہ صراط المستقیم ہے۔ عثمان کا راستہ صراط مستقیم ہے
علی کا راستہ صراط المستقیم ہے۔ جس پہ تنقید کرو سب کا راستہ ہے
میرے سب میں جمع کا ہوں۔

ایک آدمی کہنے لگا، ان کی بات کرو، جو چاند تک پہنچ گیا۔ میں نے کہا اس
نبی کی بات کرو جن کے قدموں میں چاند آگیا ہے۔ کہنے لگا نبی کے قدموں میں چاند

کس طرح آگیا۔ میں نے کہا۔ آپ سے ان کا پیار۔ قوم آمنہ کا لال۔ کیسا پیارا۔ پیارا آمنہ کا لال

دوستان محترم اللہ کا قرآن حق ہے نبی کی عظمت حق ہے صحابہ کی عظمت حق ہے۔ اہل بیت کی

طہارت حق ہے۔ ولیوں کی ولایت حق ہے۔ میرے شیخ بغداد کی ولایت حق ہے۔

دوستان محترم نماز کو ادا کرو۔ بڑوں کی عزت کرو۔ ماں کی عزت کرو۔ ماں کے قدموں میں

بیٹھا کرو۔ اللہ نے ماں کے قدموں میں جنت رکھی ہے۔

Molana Muhammad
Abbas Nazami

[signature]

12.3.02

حضرت عمر فاروق — عبدالوحید ربانی

محمد رسول اللہ والذین معہ اشداء علی الکفار

تاریخ صحابہ کرام میں جتنے بھی صحابہ ہیں۔ وہ معیار دین ہیں۔ جتنے بھی صحابہ ہیں وہ نبی کے مرید ہیں۔ تاریخ صحابہ یہ کہہ رہی ہے۔ کہ حضرت ابوبکر صدیق پیارے پیارے نبی کے مرید ہیں۔ حضرت جناب عثمان پیارے نبی کے مرید ہیں۔ حضرت علی نبی پاک کے مرید ہیں۔ سلمان فارسی نبی کے مرید ہیں۔ ابوذر غفاری مبارک آقا کے مرید ہیں۔ جناب انس بن مالک پیارے نبی کے مرید ہیں۔ سعد بن ابی وقاص پیارے نبی کے مرید ہیں۔ عشرہ مبشرہ صحابی پیارے نبی کے مرید ہیں۔ خصوصاً میدان بدر میں آنے والے سب حضرات پیارے نبی کے مرید ہیں۔ حضرت ابوہریرہ پیارے نبی کے مرید ہیں لیکن حضرت عمرؓ ایسے امتیازی صحابی ہیں۔ جو نبی کے مرید بھی ہیں اور مراد بھی ہیں۔

(۱) جنگ کے لیا۔ پیارے نبی نے حضرت عمر کو مانگ کے لیا۔ اللہ کے دربار میں التجا کی۔ اے پروردگار میں تیرا نبی ہوں۔ میں تیرا رسول ہوں۔ میں تیرا پیغمبر ہوں۔ تو نے مجھے دین اسلام کی اشاعت کے لیے بھیجا ہے۔ تو نے مجھے تبلیغ دین کے لیے بھیجا ہے۔ ہمارے مکے میں کفار کا بڑا زور ہے۔ مکے کے اندر کفر سیسے کی بنائی ہوئی دیوار بن کر سامنے آ رہا ہے۔ اور کافر مسلمانوں پر ظلم کر رہے ہیں۔ کافر

کہیں حضرت بلال کو تکلیف دے رہے ہیں۔ کہیں حضرت یاسر کو مار رہے ہیں۔ مسلمانوں پہ
ظلم ہو رہا ہے۔ اے کائنات کے خالق۔ تو زمین و آسمان کا مالک ہے۔ مکے میں دو
تو دو ہی ہیں۔ ایک ہشام کا بیٹا ہے۔ دوسرا خطاب کا بیٹا ہے۔ یا اللہ جو بڑا ہو
مرتبہ میں آ گئے۔ چاہے ہشام کا بیٹا دے دے۔ چاہے خطاب کا بیٹا دے دے۔

(د) نظر انتخاب۔ اے شاہی کی نظر انتخاب خطاب کے بیٹے پہ ہوا۔ خدا کی رحمت
حضرت عمر پہ ہوئی کہ جناب حضرت عمر رض رسول اللہ کے دربار میں آ گئے۔ آج دنیا کہہ
رہی ہے۔ بڑے بڑے ادیب لکھ رہے ہیں۔ بڑے بڑے ڈاکٹر کہہ رہے ہیں۔ بڑے بڑے
مولوی کہہ رہے ہیں۔ کہ جناب عمر تو تلوار لے کر حضور کو قتل کرنے آئے تھے۔
میں کہتا ہوں ہوش سے بات کرو۔ دنیا والو ذرا غور کرو۔ دنیا والو ذرا
غور کرو۔ اعتراض کرنے والو۔ حضرت عمر کی حالات زندگی پہ تنقید کرنے والو مجھے بتاؤ
کہ حضرت عمر اگر حضرت کے سامنے تھے۔ اس وقت تو تلوار نہ رکھا تھا۔ تلوار اس وقت
رکھا گیا۔ جب رسول اللہ نے دعا کی تھی تو رکھا گیا۔

میرے ساتھیو۔ جب رسول نے کہا۔ فرمایا اللھم اعز الاسلام بعمر او بعمرو
یا اللہ اسلام کو طاقت دے عمر سے یا عمرو سے۔ اللہ کی نظر انتخاب جناب عمر پہ

پڑا۔ یہ تلوار کا پیمانہ تھا۔ اصل میں یہ ہی کی غلامی کا نشان نہ تھا۔

حضرات محترم اللہ تعالیٰ آپکو عزت و عظمت سے نوازے۔ میں آپکی خدمت عالیہ میں عرض کرتا ہوں کہ جب رسول اللہ نے دنیا کی یہ حالت دیکھی کہ سرزمین مکہ کھلے جنگ کی جا رہی ہے۔ شرافت کا دامن تار تار کیا جا رہا ہے۔ حیا کے تقدس پہ حملے کیے جا رہے ہیں۔ انسانیت کو ذلیل کیا جا رہا ہے۔ مسلمانوں پہ ظلم کیے جا رہے ہیں۔ شرابی کعبۃ اللہ کے اندر ننگے طواف کیے جا رہے ہیں۔ شراب کو بیت میں بتوں کی پوجا کی جا رہی ہے۔ یا اللہ اب عمر کو یا عمر کو اسلام عطا فرما تو حضرت عمر پر اللہ کا کرم ہو گیا۔ میرے محترم بزرگو۔ یہ تلوار کا ٹکڑا نہ تھا ادھر نبی نے دعا کی نہ جانے کیا کیا اثر ہوا کہ ادھر حضرت عمر نے تلوار اٹھا لی۔ چلے راستے میں خباب نامی شخص ملے۔ پوچھا کہاں جا رہے ہو۔ کہنے لگے مسلمانوں کے نبی کے قتل کو جا رہا ہوں۔ وہ کہتا ہے اللہ ایک ہے۔ زمین بنانے والا اللہ ہے آسمان بنانے والا اللہ ہے۔ چاند بنانے والا اللہ سورج بنانے والا اللہ ہے۔ ستاروں میں چمک دینے والا اللہ۔ خوشبو کو مہک دینے والا اللہ، پھولوں کو چمک دینے والا اللہ ہے۔ ان آدمیوں اور عورتوں کی ماؤں کے پیٹوں میں تمہاری تصویریں بنانے والا اللہ ہے۔ وہ واحد ہے کی بات

بات کرتا ہے کہ بیشک اللہ کے سوا کسی کو سجدہ نہ کرو۔ اللہ کے سوا کسی کے آگے سر کو جھکا کر۔ آج تلوار لے کر جا رہا ہوں۔ مسلمانوں کے نبی کو قتل کرنے جا رہا ہوں۔ معاذ اللہ معاذ اللہ۔ تو صاحب طبرستہ نے کہا ہوش کر عمر۔ تو قبیلے کا سردار بھی ہے سمجھدار بھی ہے۔ تیری بہن اور تیرا بہنوئی اس نبی کا کلمہ پڑھ چکے ہیں۔

(۱) آنکھوں میں خون = حضرت عمر کی آنکھوں میں خون اتر آیا جب بہن کا کلمے کی بات سنی۔ فوراً پلٹا۔ اسی طرح تلوار لیے بہن کے دروازے پہ دستک دی۔ اندر حضرت خباب ان کی بہن کو قرآن مجید پڑھا رہے تھے۔ ابھی پردے کا حکم نازل نہیں ہوا۔ ان کو چھپا دیا گیا۔ بڑی جرات کے ساتھ دروازہ کھولا۔ جیسا عمر کی آنکھوں میں خون اترا ہوا تھا۔ کہنے لگا میں نے سنا ہے۔ تو نے آباء کے اول کا دین بدلا۔ عبدالمطلب کا پوتا وہ عبداللہ کا لخت جگر۔ جو اپنے آپ کو رسول کہتا ہے کیا تو نے عبداللہ کے بیٹے کو رسول مانا ہے۔ بہن نے کہا دنیا جانتی ہے۔ جس باپ دادا کو کہتا ہے اس باپ کی میں بھی بیٹی ہوں۔ جس باپ کا خون تیری رگوں میں ہے اسی باپ کا خون میری رگوں میں بھی ہے۔ اچھی طرح سن لو گردن کٹ سکتی ہے پیغمبر کی بات نہیں۔ جسم ٹکڑے ٹکڑے ہو سکتا ہے۔ رگوں سے خون کا آخری

قطرہ نکل سکتا ہے۔ مگر دل کی گہرائیوں سے اس محمد عربی کا کلمہ نہیں نکل سکتا۔
حضرت عمر کی آنکھوں میں خون اتر آیا۔ تلوار کی میان سے مارنا شروع کیا۔
بہن نے کہا مار دے جا مار جا۔ محمد کو دل میں خدا کا محبوب مان
جو دین خدا کا ادا کر رہی ہوں۔
کہنے لگا تیری ہڈیاں توڑ دوں گا۔ فرمایا اگر ٹوٹ جائیں میری ہڈیاں بہن جگر
کا دین نہ چھوڑوں گی کبھی۔ جب جناب عمر مار مار کے تھک گئے۔ کہنے لگے
بہن تجھ نے کونسی شراب پی ہے۔ جس کی مستی تیری آنکھوں میں چمک رہی
ہے۔ مجھے بتا سہی۔ بہن نے کہا بھائی تو نے وہ قرآن سنا نہیں ہے۔ تو نے وہ کلام
میں نے سنا ہی نہیں۔ قرآن کا ایک ایک لفظ اپنے اندر تاثیر رکھتا ہے۔ اچھا
پھر وہی کلام مجھے بھی سنا۔ کہا تیرا جسم ناپاک ہے۔ غسل کر
وضو کر۔ جناب عمر نے وضو کیا۔ ادب سے بیٹھا۔ بہن نے سورۃ طٰہٰ کی آیات
تلاوت کیں۔ تاریخ کہتی ہے اس بات پر گواہ ہے۔ کہ جب سورۃ طٰہٰ کی آیات
پڑھی جا رہی تھیں۔ تو قرآن مجید کی تاثیر سے جناب عمر کی آنکھوں سے آنسو
امڈ رہے تھے۔ جب بہن نے تلاوت ختم کی۔ کہنے لگا بہن یہ کلام بے مثال ہے

ہمیں بتایا جو ہم پر نازل ہوا جس میں کوئی شک نہیں ہے۔ کہنے لگا جلدی کرو مجھے اس کے
دربار میں لے چل۔ ہمارے آقا و مولا ملجا و ماویٰ سید المرسلین جناب محمد رسول اللہ
حضرت ارقم صحابی کے گھر میں چھپ کر عبادت کر رہے تھے۔ ہم چلے۔ بھائی ساتھ تھے۔
کچھ دیر چلنے کے بعد میں نے ایک جسم شرافت کی میں ماننے والی ہوں۔ اس شریعت کا
تعالیٰ تو ہی ہے کہ مبارک ہو آگے چلے۔ بہتر اعمال آگے آگئے۔ ہاتھ میں ننگی تلوار ہے۔ صحابہ
کرام نے دیکھا تو بڑے ادب سے عرض کی۔ وہ دیکھو ابن خطاب آگیا۔ کیوں کیا کا دور
ہے۔ کیونکہ عمر کا سر زمین پر۔ بعد ازاں عمر کے ہیں رشتے والے ہیں۔ جناب عمر کا رعب اور
دبدبہ تھا۔ انہوں نے کہا ابن خطاب آگیا۔ جبرائیل نے سدرۃ المنتہیٰ سے آواز دی
حبیب رسالت کا جواب آگیا۔ انہوں نے کہا دیر کر کی بلا آ گئی۔ فوراً بلا بھیں آگے کا غبار
نبی کی دعا آگئی۔ حضور سرور کائنات ﷺ حضرت ارقم کے گھر سے باہر تشریف لائے
آکر جناب عمر کا دامن پکڑ کر جھنجوڑ دیا۔ عمر۔ جلدی کر کس نیت سے اب کس نیت
سے آئے ہو۔ عمر جواب دو۔ کیا ارادہ ہے۔ عرض کی گناہوں کی معافی مانگنے
آیا ہوں۔ مجھے جہنم سے بچا دو۔ جنت کا در دکھا دو۔ میرے گھر والوں کو اللہ کے
دربار میں حاضر کر دو۔ حضرات احادیث میں پڑھا ہوگا موجود ہے کہ عمر فاروق

کا وقت قریب تھا۔ جناب امام الانبیاء خاتم المرسلین اس دنیا کے آخری شب
ہادی اسلام نے فرمایا علی وضو کر۔ نماز عصر کا وقت قریب ہے۔ بڑے ادب سے
عرض کی یا رسول اللہ۔ نماز عصر ہم کہاں پڑھیں گے۔ فرمایا خانہ کعبہ اپنی پوری آب
و تاب پر ہے۔ کافر مسلمانوں پر ظلم کر رہے ہیں۔ ہم ارقم بن ارقم کے گھر چھپ چھپ
کر نماز پڑھتے ہیں۔ محترم بزرگو۔ تاریخ مکہ کا ایک ایک لفظ گواہ ہے
لفظ کا ایک ایک حرف گواہ ہے۔ حرف کا ایک ایک نقطہ گواہ ہے۔ نقطے کا ایک
ایک شوشہ گواہ ہے کہ جناب علی مجسمہ ادب بن کر کہتے ہیں۔ اے اللہ کے آخری
پیغمبر۔ جب تک عمر دور تھا دور تھا۔ آج عمر آپ کے در کا خادم بن چکا ہے۔ آج ہم
نماز عصر کعبہ میں پڑھیں گے۔ کعبے کی دیواریں بولیں گی۔ حرم کی ہوا ہو گی بلال
کی اذان ہو گی۔ امام محمد کی امامت ہو گی۔

(۳) دو قطاریں بنائی گئیں۔ ایک قطار کی قیادت جناب امیر حمزہ نے کی۔ دوسری
قطار کی قیادت جناب فاروق اعظم نے کی۔ آگے آگے رسول اللہ قائد بن کر چلے
جب حرم کعبہ میں پہنچے۔ تو ابو جہل نے حیران ہو کر کہا۔ مسلمانوں کو جرأت
کیسے ہوئی کہ حرم کعبہ کے اندر داخل ہوں۔ جناب فاروق اعظم آگے بڑھے۔

اور ابوجہل کی کھوپڑی کو ہلا کے کہا۔ مجھ سے بات کر۔ اگر بچوں کو تنگ کرتا ہے تو میرے بچوں کو ہاتھ لگا کے دکھا۔

محترم حضرات! اسلام کے اندر حرم کعبہ میں پہلی نماز اس وقت ہوئی۔ جب حضرت عمرؓ اسلام کے حلقے میں داخل ہو گئے۔ اور آج تاریخ اس بات پر ناز کرتی ہے۔ کعبہ آج کی دیواریں ناز کرتی ہیں۔ حرم کعبہ کی فضا ناز کرتی ہے کہ سب سے پہلے باجماعت نماز کعبہ میں پڑھی گئی۔ جو حضرت عمرؓ کے قبول اسلام لانے سے ہوئی۔ حضرت عمرؓ نے ساری زندگی رسولؐ کی غلامی میں وقت گزارا۔ جب حضرت عمرؓ اسلام کے اندر داخل ہو گئے۔ تو کفار پر رعب و دبدبہ پڑ گیا۔ کہ اب تو عمرؓ آ گیا ہے۔ جناب عمرؓ میں جلال تھا۔ حضرت عمرؓ کی طبیعت میں جلال تھا۔ کہ وہ دو دلوں میں جینے والے کا کام تھا۔ حضرت عمرؓ سب کے دلوں میں ہیں۔ حضرت عمرؓ بھی فخر حرم ہیں۔ حضرت عمرؓ نے پرچم اسلام کو لہرا کر۔ دنیا کو بتا دیا۔ کہ جس نے محمد عربیؐ کی طرف نگاہ اٹھا کے دیکھا۔ عمر اس کی آنکھ نکال دے گا۔ جو مسلمانوں کے خلاف آواز اٹھائے گا۔ اس کی زبان کو نکال دیا جائے گا۔ جناب عمرؓ آئے تو رسولؐ نے کہا میرا عمر فاروق اعظم

ہے۔ فرق کر دینے والا ہے۔ کفر اور اسلام کے درمیان۔ جائز اور ناجائز کے درمیان۔ ظلمت اور نور کے درمیان۔ منافق اور مومن کے درمیان۔

(ج) محبت کا عالم یہ دیکھو کہ رسول نے مکہ چھوڑ دیا۔ حضرت علی نے بھی مکہ چھوڑ دیا۔ نبی میدان بدر میں آئے تو علی بھی میدان بدر میں آ گئے۔ نبی احد کے پہاڑ پہ آئے تو علی بھی احد کے پہاڑ پہ آ گئے۔ نبی خندق میں آ گئے۔ تو علی بھی خندق میں آ گئے۔ نبی خیبر میں آئے تو علی بھی خیبر میں آ گئے۔ نبی مصلے پہ علی مصلے پہ۔ نبی مسجد میں علی مسجد میں۔ نبی جنگ میں علی جنگ میں۔ نبی واقعہ میں علی واقعہ میں۔ نبی میدان میں علی میدان میں۔ تاریخ اس بات پہ گواہ ہے۔ کہ نبی مزار میں تو علی ~~مزار میں~~ بھی آج تک مزار میں ہے۔

(د) حضرت علی کا مقام بہت بلند ہے۔ حضرات محبت کا عالم دیکھیے۔ مدینہ کی مسجد ہے۔ دو آدمی آ گئے۔ حضور صحابہ میں ایسے لگ رہے ہیں۔ جیسے ستاروں میں چودھویں کا چاند چمک رہا ہو۔ ایک کافر ہے۔ ایک منافق ہے۔ ایک یہودی ہے۔ زمین کا جھگڑا ہے۔ منافق سمجھتے ہیں کلمہ بھی نبی کا پڑھتے ہیں پھر نبی پہ اعتراض بھی کر رہا۔ نماز میں بھی نبی کے پیچھے پڑھتا ہے۔ مگر دشمنی بھی نبی سے

کرتے ہیں۔ اُن کو اسلام کے اندر منافق کہا جاتا ہے۔ منافق اور یہودی کے درمیان
ایک زمین کے بارے میں جھگڑا ہو گیا۔ [illegible] دونوں مدینے
کی مسجد میں آگئے۔ منافق نے بڑھ چڑھ کر گفتگو کر دی۔ منافقین کی عادت ہے کہ بہت
بولتے ہیں۔ بات میں وزن نہیں ہوتا۔ لیکن بولتے بہت ہیں۔ منافق نے بولنا شروع
شروع کیا۔ جب وہ بول بول کے خاموش ہو گیا۔ تو نگاہ رسالت اٹھی۔ فیصلہ حکم
شریعت اٹھی۔ پھر حکم ہوا بولو۔ تو کہا میں کچھ کہنا چاہتا ہوں۔ اس نے مختصر گفتگو کر کے بات
ختم کر دی۔ منبر سامنے چند سیکنڈ کیلئے خاموش ہو گئے۔ پھر تاجدار مدینہ نے۔ شمس الضحیٰ
نے۔ بدر الدجیٰ نے۔ قمر الہدیٰ نے۔ [illegible] نے۔ رحمت دوسرا نے۔ حضور ﷺ
احمد مجتبیٰ ﷺ نے فیصلہ دیا۔ کہ یہ زمین یہودی کی ہے۔ آپ نے یہودی کے
حق میں فیصلہ دے دیا۔ جب مسجد سے باہر نکلے منافق کہنے لگا۔ یہ فیصلہ بھی ہم نہیں
اور فیصلے کیلئے [illegible] تھا۔ تو یہودی نے کہا۔ کسی اور سے فیصلہ کروانا چاہتا ہے۔ اس
نے کہا ہاں۔ ایک عمر بن خطاب ہے۔ اس سے فیصلہ کروانا چاہتے ہیں۔ اس نے پوچھا
عمر کو جانتے ہو۔ کہنے لگا اس ہی کا نام تو ہے۔ تو یہودی کہنے لگا اب مجھے یقین
ہے۔ جو نبی کا غلام ہوگا۔ وہ نبی کے خلاف بات نہیں کرے گا۔

میرے ساتھ عمرؓ کے پاس چلو۔ اور وہ دونوں آگئے۔ پھر ان دونوں نے حضرت عمرؓ کی خدمت میں
دونوں آگئے اور دروازہ کھٹکھٹایا۔ دروازے پر دستک دی۔ دربار میں اجازت کے بعد۔ چہرہ جلال
نکلا۔ حضرت عمرؓ نے پوچھا کیسے آئے ہو۔ منافق نے شرارتاً گفتگو شروع کر دی کہ
جناب عمرؓ نے کہا یہودی کی تو مجھ کو سمجھ آتا ہے۔ اس نے کہا کہ جی ذرا میری بات
سن لیجئے۔ جس نبی کا آپ کلمہ پڑھتے ہیں۔ اس نبی نے فیصلہ میرے حق میں دے
دیا ہے۔ یہودی نے لفظ سنتے رہے۔ طالب نے مطلوب کا نام سنا۔ محب نے محبوب
کا نام سنا۔ پروانے نے چراغ کا نام سنا۔ بلبل نے پھول کا نام سنا۔ عمرؓ نے
اپنے رسولؐ کا نام سنا۔ تو مجسمہ حیرت بن کے کہا، کہ یہ بتاؤ۔ ذرا جواب دو
کہ جب میرے نبی نے فیصلہ کر دیا ہے۔ پھر میرے پاس کیا لینے آئے ہو۔ یہودی
نے کہا جناب۔ آپ کے نبی نے آپ کے پیغمبر نے آپ کے رسول نے فیصلہ میرے
حق میں دیا۔ مگر اس نے اپنا عمر بن سمجھ لیا ہے۔ چلو عمر سے دوبارہ فیصلہ
کرا لیں۔ جناب عمرؓ کی آنکھوں میں خون اتر آیا۔ کہا ٹھہر جاؤ۔ ابھی میں تیرا
فیصلہ کرتا ہوں۔ جناب عمرؓ گھر گئے۔ تلوار میان سے باہر نکالی۔ باہر آ کے
اس منافق کی گردن پر بھرپور وار کر کے کہا۔ جس کو میرے نبی کا فیصلہ منظور نہیں

اس کا ضرور بدلہ ہیں پیارے

اس کا گردن تن سے جدا کر کے پھینک دی۔ پورے مدینۃ المنورہ میں شور برپا ہو گیا
کہ عمر نے ایک مسلمان کو قتل کر دیا۔ عمر نے کلمہ پڑھنے والے کو قتل کر دیا۔ عمر نے
نماز پڑھنے والے کو قتل کر دیا۔ عمر نے مدینہ کے نبی کی مسجد میں آنے والے کو قتل
کر دیا۔ پورا شور برپا ہو گیا۔ تمام لوگ آنے لگے۔ رسول اللہ مسجد نبوی
کے محراب میں تشریف فرما ہیں۔ مصلیٰ ختم نبوت پہ رسول جلوہ گر ہیں۔
میں سارا ماجرا سنا رہا ہوں۔ لوگ آ رہے ہیں۔ گواہیاں دی جا رہی ہیں۔ ہم نے اپنی
آنکھوں سے دیکھا۔ عمر نے۔ عمر نے۔ پوری تلوار چلا دی۔ گردن اڑا
کے باہر پھینک دی۔ سب گواہیاں دیتے رہے۔ جب باری آئی۔ حیران حالات
کیسے ہے سوار کی۔ باری آئی فاروق اعظم کی۔ پیارے آقا نے فرمایا عمر۔ تو کچھ
کہنا چاہتا ہے۔ جناب عمر ابھی کچھ کہنا ہی چاہتے تھے۔ فوراً جبرئیل پرواز
کر کے آئے۔ فرمایا رب حبیب اللہ سلام دے رہا ہے۔ اور کہتا ہے میرا
سلام ہو۔ عمر سے نہ پوچھو۔ عمر دنیا میں خدا نے ہے۔ گواہی بھی میں خدا دوں گا
عمر میں نے دیا گواہی بھی میں دوں گا۔ اس وقت تک کوئی مسلمان نہیں ہو سکتا

مقدور بیت کا بو منحوں تھا پتہ سارب کی منشم۔ حق بجوگی۔ جب تک اپنے قبضے میں
بھی حاکم نہیں بنائیں گے۔ کا کہ نماز میں پڑھتے رہیں۔ یہ کہ کلمہ طیبہ پڑھتے رہیں۔
جب تک اپنے قبضے میں مجھ محمد کو حاکم نہیں بنائیں گے اس وقت تک ایمان دار نہیں
ہو سکتے۔

حضرات محبت کا عالم یہی دیکھو۔ اور تاریخ اس بات پر گواہ ہے کہ ابوبکر
صدیق کے بعد تمام مسلمانانِ عالم نے اپنی شوریٰ سے حضرت عمر کے حق میں
بیعت کی۔ تمام شوریٰ کا فیصلہ تھا اب مسلمانوں کا امیر المومنین خلیفۃ المسلمین
حضرت عمر فاروق ہونگے۔

(8) خلافت کی کرسی۔ جب آپ خلافت کی کرسی پر بیٹھے آپ نے سوال جو
قانون بنایا۔ آج میں صاحب بصیرت کو دعوت فکر دینا چاہتا ہوں۔
کہ آلِ حضرت عمر کی اہل بیت سے محبت دیکھیے۔ جب آپ خلافت کی کرسی
پر بیٹھے۔ آپ نے اعلان عام کیا۔ فرمایا اے لوگو میں نے ایک قانون بنایا ہے
کہ بیت المال سے میرے بیٹوں کو ایک ایک سو دراہم ماہانہ دیا کرو۔ لیکن امام
حسن امام حسین کو پانچ پانچ سو دراہم ماہانہ وظیفہ لگایا کرو۔

جب حضرت عمرؓ گھر گئے۔ کھانا کھانے لگے۔ بیٹوں نے کہا ابا جان۔ کیا آپ امیر المومنین
نہیں ہیں۔ فرمایا امیر المومنین ہوں۔ کیا آپ خلیفۃ المسلمین نہیں ہیں۔ فرمایا خلیفۃ
المسلمین ہوں۔ کیا رسول نے آپ کے لیے نہیں کہا۔ کہ جس راستے سے عمر گزر جائے
اس راستے سے شیطان پناہ مانگتا ہے۔ فرمایا تم صحیح کہتے ہو۔ بیٹا کیا چاہتے ہو
بیٹوں نے کہا ابا جان۔ ہم آپ کے بیٹے ہیں۔ آپ کے لخت جگر ہیں۔ آپ کے نور چشم ہیں
آپ کا خون ہیں۔ آپ ہمارے لیے ایک ایک سو درہم۔ مگر امام حسن حسین
کو ملتے ہیں پانچ پانچ سو درہم۔ جناب فاروق اعظم کی آنکھوں میں خون اتر آیا فرمایا
بات نہ کرو خاموش ہو جاؤ۔ تمہیں نسبت ہے عمر بن خطاب سے۔ حسن حسین
کو نسبت ہے محمد مصطفیٰ سے۔ خبردار ہو جاؤ آگے بات نہ کرو۔

آج دنیا کہتی پھرتی ہے کہ حضرت عمر فاروق کو اہل بیت سے محبت نہ تھی
میں ان سے کہتا ہوں بس نہ جنگ کرنے کی۔ مجھ پر جھگڑا ہی کرو۔ دوستو! ان ادھاریوں
کو مٹا دو نئی بڑائی۔ مسلمانوں کو اسلام کی بنیاد نہ بناؤ۔ منفیتوں کو اسلام کی
بنیاد نہ بناؤ۔ اسلام وہی ہے۔ جو رسول کی زبان سے آیا۔ اور صحابہ نے عمل کر کے
دکھا دیا۔ دو بڑے ادھار ہیں۔ تمام اسلام نہیں ہے۔ کچھ باتوں کا نام اسلام نہیں ہے

ہے پیشتر کہ تم دنیا سے اٹھ جاؤ ہم اس کا نام نہیں بتا سکتے۔ اس کا نام ہے

حضرت ابن محمد سے آ گیا ہے۔

اور میرے نبی نے فرمایا لو کان نبی بعدی لکان عمر۔ میرے بعد نبوت کا سلسلہ ختم ہو چکا ہے۔ اگر دنیا والو میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو وہ عمر ہوتا۔

حضرات کبھی آپ نے غور کیا۔ نگاہ نبوت میں حضرت عمر رسالت کے قابل ہیں مگر یہ کیسے نادان لوگ ہیں جو خلافت کے قابل بھی نہیں سمجھتے۔ نبی تو رسالت کے قابل سمجھ رہے ہیں۔ اور بے عقل نادان لوگ تو خلافت کے برابر بھی نہیں سمجھتا۔ نبی نگاہ نبوت میں عمر کو رسالت میں منتخب کر رہے ہیں۔ اور پیش نیز دیگر یہ خلافت کے نزدیک بھی نہیں سمجھتے۔

⑨ نبوت ختم — ہمارے نبی پر نبوت ختم ہو چکی ہے۔ ہمارا نبی خاتم النبیین ہے کوئی اور نبی نہیں ہے گا۔ آخری نبوت کا سکہ جو چلے گا وہ آخر کے اول تک چلے گا۔ حضرت عمرؓ نے میدان خلافت میں قدم رکھتے ہی اپنا ایک طریقہ بنا یا کہ مدینے والے سو رہے ہوتے تھے۔ اور عمر رات کو پہرہ دے رہا ہوتا تھا۔ حضرات آپ اندازہ لگائیں۔ مدینے کی گلیوں

میں کھو سا دیا جا رہا ہے۔ آدھی رات کا وقت ہے ایک دکھی کے رونے کی آواز
آ رہی ہے دروازے پر دستک دے کر بابا جی کیوں رو رہی ہے خاموش کراؤ لوگوں
کی نیند میں خلل آ رہا ہے۔ بڑھیا نے کہا۔ یہ بچی عمر کو رو رہی ہے۔
حضرت عمرؓ کی چیخ نکل گئی۔ کیا عمر کو کیوں رو رہی ہے۔ اس بوڑھی
عورت نے کہا آج تین دن ہو گئے ہمارے گھر میں چولہا نہیں جلا۔ یہ بچی تین
دن کی بھوکی ہے۔ بھوک سے رو رہی ہے۔ جناب عمرؓ تو بادشاہ ہیں عیش
کر رہا ہوگا اسے کیا خبر کہ شہر کی بچی بھوکی ہے۔ اس نے دیوار سے آواز دی
ہمارے بھوکے پن کا پتہ نہ تھا۔ تو خلافت کی کرسی پہ کیوں بیٹھا ہوا۔
او اقتدار کی کرسیوں پہ آنے والو۔ حضرت عمرؓ کی چیخ نکل گئی۔ آج جرنیل
اس ملک کا حکمران ہے۔ ہم سیاست کو کچھ نہیں سمجھے۔ ہم تو بھٹی کا لنگر
کھانے والے ہیں۔ ہم بند رستوں کو کچھ نہیں سمجھے۔ ہم تو تسبیح کو ہاتھوں میں گھمانے
والے ہیں۔ ہم بندوق والے نہیں ہیں۔ ہم درود والے ہیں۔ ہم تلاشی کروانے
والے نہیں ہیں۔ ہم دکھوں والے ہیں۔ جرنیل صاحب۔ اسلام کے نزدیک
جرنیل کی ایک تعریف ہے۔ جرنیل وہ نہیں ہوتا۔ جو بندوق کے سہارے آ کر

جرنیل وہ نہیں ہوتا جو بوٹ پالش کروا کے آ گئے۔ اسلام کے نزدیک حضرت عمر فاروق
کی تاریخ میں جرنیل وہ ہوتا ہے۔ جس کے ایک ہاتھ میں قرآن ہو۔ دوسرے
ہاتھ میں تلوار ہوتی ہے۔

(11) فاروق کے ہاتھ - فاروق اعظم کے ایک ہاتھ میں تلوار ہوتی۔ دوسرے ہاتھ میں
قرآن ہوتا۔ اندازہ لگاؤ۔ حضرت عمر کی چیخ نکل گئی۔ بڑھیا نے کہا جب
ہمارے بچوں کا ہی کا پتہ نہ تھا۔ تو خلافت کی کرسی پہ کیوں بیٹھا تھا۔ جناب عمر
رو گئے۔ فوراً بیت المال میں آئے آٹے کی بوری اٹھائی اپنی کمر پہ رکھی۔
غلام نے عرض کی امیر المومنین میں حاضر ہوں۔ آپ کی آنکھوں میں آنسو آ گئے
منہ سے فرمایا قیامت کے دن تو کیا آ کر میرا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔
میرے سامنے رسول خدا شکوہ کریں گے۔ جناب فاروق اعظم امیر المومنین اپنے
کندھے پہ آٹے کی بوری رکھتے ہیں۔ بڑھیا کے گھر آتے ہیں۔ آٹا خود گوندھتے ہیں
اس کے چولہے میں آگ خود جلاتے ہیں۔ جلانے کے بعد کھانا تیار کر کے بڑھیا
کے سامنے رکھتے ہیں۔ اپنے ہاتھ سے بچوں کے منہ میں ڈال رہے ہیں بڑھیا نے ایک گھونٹ [illegible]
[illegible] کاش عمر کی جگہ تو ہوتا۔ حضرت عمر کی دھاڑیں نکل گئیں۔ رو رو کے فرمایا

جس ظلم کو دور رہی ہے اس میں بھی ساتھ موجود ہوں۔ اگر تو مجھے معاف نہیں کرے گا
تو رب مجھے معاف نہیں کرے گا۔ تو ہم کے نام پر معاف کر دے۔ نیاز منبری دیکھ کر
بڑا ہوا ہے معافی مانگ رہے ہیں۔ جلال دیکھ کر۔ جمعے کا خطبہ دے رہے ہیں۔ گرمی
کی شدت ہے۔ جتنے نمازی بیٹھے ہیں ان کے کپڑے سے ہوا دینا شروع کی۔ کسی نے
اپنا قمیض اتار کے ہوا دینا شروع کیا۔ گرمی شدت سے ہے۔ جناب عمر نے
جب یہ منظر دیکھا۔ تو نیچے اتر آئے منبر سے۔ صحن میں چلے گئے۔ سورج کو دیکھ کر کہا
اے سورج۔ کیوں آگ برسا رہا ہے۔ کیا عمر عدل نہیں کر رہا۔ مدینے والے کہتے ہیں
کچھ دن تک سورج نے دھوپ نہیں دی۔ جلال دیکھ کر۔ رعب دبدبہ دیکھ کر۔ مدینہ
شریف میں قیصر و کسریٰ کا ایک ایلچی آیا۔ دن کا وقت تھا۔ اُس نے آ کر کہا
لوگو، ہمارا بادشاہ کہاں ہے۔ انہوں نے کہا ہمارا بادشاہ نہیں ہوتا ہمارا امیر ہوتا
ہے۔ ہمارا خلیفہ ہوتا ہے۔ اس نے کہا اچھا تمہارے خلیفے کا محل کہاں ہے۔ ایران کے
شہنشاہ ہمارا خلیفوں کے محل نہیں ہوتے۔ مسلمانوں کے خلیفے کا محل نہیں ہوتا۔ بلاک کی
ہوتا ہے۔ سنیے اپنا ایمان تازہ کریں۔ مدینے کے بزرگوں نے فرمایا۔ ہم سو رہے
مسجد میں ہمارا خلیفہ ہو گا سو رہا ہوتا ہے۔ اس نے کہا اس وقت تمہارا خلیفہ

کہاں سو گئے۔ میرے پیارے بچو انہوں نے کہا رات کا تھکا ہوا ہوگا کہیں جنگل کی طرف چلے جاؤ۔ کسی سایہ دار درخت کے نیچے سویا ہوا ہوگا۔ عشق کا ایسی کتاب دیکھتا ہے۔ دو پتھر سر کے نیچے رکھے ہوئے ہیں۔ ٹھنڈی ہوا دل ربا ہے جناب فاروق اعظم آرام سے سکون سے نیند کر رہے ہیں۔ اس نے فاروق اعظم کا چہرہ دیکھا تو کانپ گیا۔ اتنی دیر میں آنکھ عمر کی کھلی۔ پوچھا کون ہو۔ کس کو ڈھونڈ رہے ہو۔ اس نے کہا اے عمر۔ میں نے بڑے بڑے دربار دیکھے ہیں میں حاضری دی ہے۔ بڑے بڑے شہنشاہوں کے تخت بھی دیکھے ہیں۔ مگر جو رعب تمہارے چہرے میں ہے وہ کسی جگہ نظر نہیں آیا جناب فاروق اعظم نے فرمایا یہ میرے دو جہاں کے رسول کی غلامی کا نقشہ ہے۔

میرے دوستو۔ اگر تم نبی کی تعلیم پہ عمل کرو گے تمہارے چہرے پہ جلال آئے گا جب تم نبی کی تعلیم پر عمل کرو گے رعب و دبدبہ آئے گا۔ آج مسلمان کیوں کمزور ہے اس لیے کہ مسلمانوں نے نبی کی تعلیمات پہ عمل کرنا چھوڑ دیا ہے۔ آج کے مسلمان اپنے بچوں کو انگریزی تعلیم پڑھاتے ہیں۔ اپنے بچوں کو انگریزی زبان تعلیم سے مشغول کراتے ہیں۔ قرآن مجید کو اور حدیث نبوی کو۔ علم رسول کو پاؤں کے نیچے کچلا جا رہا ہے۔ کہ ہم بچوں کو مدرسے میں کیوں پڑھائیں۔ ہماری قوم دہشت گرد

پیدا ہوتے ہیں۔ یہاں مدرسوں کو کیوں چھیڑتے ہیں۔ وہاں تو آدھا تعلیم ہی نہیں ہے۔ ہم پوچھنا
چاہتے ہیں۔ تاریخ عمر فاروق کو سامنے رکھ کے بتاؤ۔ اور موجودہ حالات کو بھی سامنے
رکھو۔ روزانہ اخباروں میں لکھا ہوتا ہے۔ بینک لوٹ لئے گئے۔ اغوا کر دیا گیا۔ نتیجے
مسلسل آ رہا ہے کبھی پشاور سے لاہور کا جہاز اغوا کیا۔ کبھی افغانستان والوں کا
جہاز اغوا کیا۔ ربانی عدالت کے اندر سے ہم پوچھنا چاہتا ہے۔ انصاف کی عدالت میں
ایمان سے سچی بتاؤ۔ کہ اغوا کرنے والے کون ہیں۔ یہ جہاز چھینا کرنے والے
کون ہیں۔ یہ بینک لوٹنے والے کون ہیں۔ یہ ہوٹلوں میں شراب کے جام پینے والے
کون ہیں۔ انسانیت پر ظلم کرنے والے کون ہیں۔ اقوام متحدہ کی کرسیوں پر بیٹھ
کر۔ انسانوں کی عصمت پر ظلم کرنے والے کون ہیں۔ جواب ملے گا۔ یہ مدرسوں
کے طالب علم نہیں ہیں۔ یہ حافظ قرآن نہیں ہیں۔ یہ نبی پاک کی تعلیم پانے والے نہیں بلکہ
یہ انگریز کے نظام تعلیم پانے والے ہیں۔ انگریز کی تعلیم نے چور پیدا کئے۔ ڈاکو پیدا
کئے۔ بدمعاش پیدا کئے ہیں۔ بدکردار پیدا کئے ہیں۔ رشوت خور پیدا کئے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ
کے نظام تعلیم نے۔ ابوبکر صدیق پیدا کیے ہیں۔ عمر فاروق پیدا کیے ہیں۔ عثمان غنی
پیدا کئے ہیں۔ علی ابن ابی طالب پیدا کیے ہیں۔ سلمان فارسی پیدا کیے ہیں۔ ابوذر پیدا

Scanned with CamScanner

کرتے ہیں۔ بابا تاج ابوذر غفاری پیدا ہوئے ہیں۔ الجزیرہ پیدا ہوئے ہیں۔ شہر کالے رسول
پیدا ہوئے ہیں۔

میرے محترم ساتھیو! ہمیں کوئی ایسا بادشاہ دکھاؤ، ہمیں کوئی ایسا حکمران دکھاؤ!
ہمیں کوئی ایسا پیر دکھاؤ۔ جس نے دریا کے نام خط لکھا ہو۔ اگر لکھا ہے تو عمر
فاروق اعظم نے لکھا ہے۔ آپ مسجد میں بیٹھے ہوئے۔ مصر سے وفد دوست
آئے ملنے کیلئے۔ آپ نے فرمایا کیسے آنا ہوا۔

12 دریائے نیل = انہوں نے کہا امیر المومنین ہمارے قریب ایک دریا ہے
جب تک اس دریا میں زندہ لڑکی کو ڈالا نہ جائے۔ وہ پانی نہیں دیتا۔ چھ ماہ
کے بعد پانی خشک ہو جاتا ہے۔ پھر لڑکی ڈالی جاتی ہے۔ پھر پانی آتا ہے
جناب عمر فاروق کو جلال آیا۔ کہا میرے دور خلافت میں ایک جان ضائع ہو
یہ نہیں ہو سکتا۔ قلم لاؤ۔ چمڑے کی کھال کا ایک ٹکڑا لایا گیا۔ اس زمانے میں
کاغذ نہیں ہوتا تھا۔ قلم دوات لی مشیروں نے پوچھا امیر المومنین کس کو
خط لکھنا ہے۔ فرمایا دریا کو خط لکھنا ہے۔ آپ نے قلم سے بسم اللہ
الرحمٰن الرحیم لکھا۔ فرمایا من عمر بن خطاب الی بحر نیل۔

عمر دریائے نیل کو خط لکھ رہا ہے۔ بعد فرماتے ہیں ایہا البحر۔ انا امیر المومنین
فرمایا میں آغاز کرتا ہوں اس خدا کے نام سے۔ جو رحمٰن بھی ہے رحیم بھی ہے
عمر ابن خطاب خط لکھ رہا ہے۔ دریائے نیل کے نام، ادھر دیکھو۔ میں امیر المومنین
تجھے تبلیغ کرنا چاہتا ہوں۔ اگر اللہ کے حکم سے چلتا ہے تو بہتر ہے۔ اور اگر
عمر کے ڈر سے ایک لڑکی نہیں دی جائے گی۔ ایک جان ضائع نہیں ہو گی۔ اگر
تو پانی نہیں دے سکتا۔ تو قیامت کے دن دربار الٰہی میں مقدمہ کر دوں گا۔ مجھے تیرے
پانی کی ضرورت نہیں ہے۔ فرمایا جاؤ۔ یہ تحریر ہے۔ دریا کے درمیان میں ڈال
دینا۔ سکندریہ کے قریب سے جہاں گزر رہا ہو۔ وہاں دریا کے وسط میں ڈال دو
سب سے ہنسیاں حیران۔ یہ کیا ہو رہا ہے۔ امیر المومنین نے تحریر دی ہے ڈال میں
ڈال دو۔ مذاق ہوا۔ لوگوں نے طنز کیا۔ استہزا کیا۔ یہودیوں نے مذاق کیا کہیں۔
تحریروں سے کہیں پانی آتا ہے۔ مگر تاریخ آج تک گواہ ہے۔ کہ جب حضرت عمر کی تحریر
کو دریا میں دفن کیا گیا۔ تو چند منٹ کے بعد پانی ابل کے آگیا ہے۔ چھ ماہ کے بعد
لڑکی دفن ہوتی۔ روکتا۔ پانی ختم ہو جاتا۔ لیکن جب سے جناب فاروق اعظم۔ حضرت عمر
بن خطاب کی تحریر گئی ہے آج تک پانی بند ہونے میں نہیں آیا۔ حضرت عمر کا دبدبہ

اور رعب و دبدبہ سب جان گئے۔ خدا جانتا ہے۔ آج جو یہ مسجد اقصیٰ ہے۔ یہ کس نے فتح کی
میں یہودیوں کے پاس تو دیں کیوں۔ یہ جناب عمر نے فتح کی۔ دلکار نے کہا کہ جہاں تک ذرا کی
بات ہے میں ہے۔ وہاں تک حضور سرکار دو عالم کی شان ہے۔

اگر آپ تاریخ پڑھ کر دیکھیں۔ جب مسجد اقصیٰ کو فاروق اعظم فتح کرنے گئے۔ اس
وقت کیا ہوا۔ ایک خادم ساتھ ہے۔ اونٹنی تھی۔ خادم سے کہا کہ ۔ آدھا راستہ تو پیدل
میں امیر المومنین اونٹنی کی لگام تھاموں گا۔ اور آدھا راستہ میں بیٹھوں گا تو لگام تھامے
تاریخ اسلام بتا رہی ہے کہ جب یہودیوں کے شہر میں داخل ہوئے۔ مسجد اقصیٰ قریب
نظر آنے لگی۔ اس وقت اتفاق سے تھا۔ یہ لگام پکڑنے کی باری جناب فاروق اعظم کی تھی۔
خادم اونٹنی پر بیٹھا تھا۔ دیکھنے والوں لوگوں نے یہ سمجھا کہ جو اونٹنی پر بیٹھا ہے۔ وہ امیر المومنین
ہے۔ مگر یہ درخت کا تنہ پر بیٹھا تھا۔ مگر ان کا جو لگام پکڑ رہا تھا۔ وہ دیکھو دلالت کا اعلان)

وہ دیکھو دلالت کا امام آتا ہے۔

خود تو پیدل ہے سواری پہ غلام آتا ہے۔

کہا۔ وہ دیکھو سواری پہ بیٹھنے والا غلام ہے۔ لگام تھامنے والا امیر المومنین فاروق اعظم ہے
حضرات تاریخ اسلام یہ بات بتا رہی ہے کہ یہ جو ایران تک فتح ہوئی کہ حضور سرکار

کے دور میں ہوئی۔ جب ایران حضرت عمرؓ نے فتح کیا۔ بی بی شہر بانو کو۔ کنیز بنا کر ان کی جشن میں بے شمار۔ اور مجھے کہنے دو۔ یہ مجاہد یہ کہتا تھا۔ کہ شہر بانو سے میں شادی کروں گا مگر جناب عمرؓ نے گوارا کیا نہ کیا۔ شہر بانو شہزادی ہے۔ اس کے لیے اسلامی ادب کا یہ فرمانا ہے۔ آپ نے بی بی شہر بانو کا نکاح حضرت امام حسینؓ سے کروا دیا اور خود نکاح پڑھا۔ جو بزرگ شیعے میں سے وارد ہیں حضرت عمرؓ کا ذکر دائرہ اسلام سے خارج تھے۔ میں ان سے پوچھتا ہوں۔ کہ کیا آپ ایمان کے دامن کو تھام کے بتاؤ۔ کہ وہ بات شہزادی تک جائے گی۔ اگر حضرت عمرؓ ایمان سے خارج ہیں۔ تو پھر بی بی شہر بانو کا نکاح سچا نہ ہوا۔ اگر نکاح سچا نہ ہوا تو پھر اہل بیت کے لیے تمہارا فتویٰ کیا ہوگا۔ ہوش کرو۔ نکاح بھی سچا ہے۔ بی بی شہر بانو کا اسلام بھی سچا ہے۔ حضرت عمر فاروقؓ کا نکاح بھی سچا ہے۔ امام حسینؓ کی اولاد بھی سچی ہے۔

حضرات محترم حضرت عمرؓ کی تعلیمات میں اس کے اندر بہت ترقی کر گئی۔ کہ چھوڑ کر تمام ہے کہ مسلمان نے بتایا۔ فوج کے اندر چھ ماہ کی چھٹی سب سے پہلے فاروق اعظمؓ نے طے کی۔ خود ہو۔ کہ چھ ماہ کے بعد بھی دو ماہ کی چھٹی مل جاتی ہے۔ ہم عمر فاروقؓ کو سلام کیا کریں۔ حضرت عمرؓ راستے سے گزر رہے تھے میں آدھی رات کا وقت ہے۔ ایک عورت

عشقیہ شعر پڑھ رہی ہے آ خاوند میرے پاس آجا۔ صبح اٹھتے عدالت میں بلا لیا۔ کہ رات کو
تو عشقیہ شعر پڑھ رہی تھی۔ اس نے کہا عمر میں حق پر پڑھ رہی تھی۔ مسکین تو بتا۔
آج میرے خاوند کو تین سال ہو گئے ہیں۔ میدان جہاد میں گیا۔ کیا میں عورت نہیں
کیا میرے سینے میں دھڑکتا ہوا دل نہیں۔ کیا میری خواہشات نہیں۔ کیا میرا نسوانی
تصورات نہیں ہے۔ فوراً عمر اٹھ کے گھر گئے اپنی بیوی کو بلا کے کہا۔ صحیح بتا۔
عورت کتنی دیر خاوند کا انتظار کر سکتی ہے۔ اس نے کہا ہے کہ نیک عورت کو بہت
مشکل عورت کو بہت صبر والی عورت کو۔ اس کو آخری لمٹ آخری حد چھ ماہ ہے
چھ ماہ سے زیادہ کوئی عورت برداشت نہیں کر سکتی۔ فوراً آگے قلم اٹھایا کہ آج
سے ہم قانون بنانا چاہتے ہیں۔ ہر فوجی کو پکا کرو چھ ماہ کے بعد دو
مہینے گھر میں آنا چاہیئے۔ یہ فوج کا رولز چھ ماہ کے بعد چھٹی یہ بھی حضرت عمر کو
سپرد کرو۔ یہ ڈاکخانے کا نظام یہ حضرت عمر نے بنایا۔ حضرات بات طویل
ہو جائے گی۔ میں ~~جناب~~ حضرت عمر کے حوالے سے گفتگو کر رہا ہوں۔ درخواست یہ
میں یہی کرتا ہوں کہ حکومت کو تسلیم کرو۔ اہل بیت پر درود وسلام پڑھو۔
مسلمان سب بیدار ہو گا۔ دنیا اسلامی بیدار ہو جائے گا۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو حضرت عمر

کی تعلیمات پے عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے ۔

— ۰ —

Molana Muhammad Abbas Nazami

[signature]

13-7-2002

معراج المصطفےٰ ﷺ

محمد اقبال چشتی

سبحٰن الذی اسریٰ بعبدہٖ ——— نشانِ فرید ۔

حضرات محترم - اللہ نے ہمیں کتنا عظیم المرتبت نبی عطا فرمایا ۔ نبی پاک ﷺ آرام فرما رہے ہیں ۔ جناب جبرائیل امین حاضرِ بارگاہِ رسالت ہوتے ہیں ۔ عرض کی یا رسول اللہ ﷺ! آپ آرام فرما رہے ہیں ۔ آپکی امت گنہگار ہے ۔ جبرائیل سے میرے نبی نے فرمایا جبرائیل بتاؤ ۔ پھر میں کیا کروں ۔ عرض کی آقا اگر تہائی رات جاگیں گے ۔ تو اللہ آپکے جاگنے کا صدقہ آپکی تہائی امت کو معاف فرمائے گا ۔ اگر آپ آدھی رات جاگیں گے ۔ اللہ آپکی آدھی امت کو معاف کر دے گا ۔ اگر پوری رات جاگیں گے اللہ آپکی پوری امت کو معاف کر دے گا ۔ جب جناب جبرائیل امین نے میرے آقا کی بارگاہ میں یہ گزارش کی ۔ تو میرے آقا نے فرمایا ۔ جبرائیل تہائی کی بات کیوں کرتے ہو ۔ کیا میں کوئی تہائی کے لئے رحمت بن کر آیا ہوں ۔ آدھی کی بات کیوں کرتے ہو ۔ کیا میں آدھی امت کے لئے رحمت بن کے آیا ہوں ۔ میرے دوست ۔ اب رب میرے جاگنے پر امت کو معاف کرتا ہے ۔ تو میں اللہ کا نبی بستر سمیٹ کے رکھ دیتا ہوں ۔ جب تک رب میری امت کی بخشش کا اعلان نہیں کرے گا ۔ اس وقت تک آرام نہیں کروں گا ۔ میرے پاک نبی نے امت کی یاد میں رونا

شروع کر دیا جیسا کہ ساری کی ساری رات اللہ کی یاد میں ہوتی ہے۔ ارشاد الٰہی فرمایا دیتی ہے۔ آخر خالق کائنات نے فرمایا۔ ساری کی ساری رات رو رو کر گزارنے والے محبوب کچھ دیر آرام بھی کر لیا کر۔

میاں بڑی عجیب بات ہے اللہ نے فرمایا، محبوب کچھ دیر آرام بھی کر لیا کر۔ میرے پاک نبی ﷺ نے عرض کی مولا۔ اگر میں آرام کرتا ہوں۔ تو ان گنہگاروں کو کون دیکھے گا۔ مجھ کو جبرائیل آ کر کہہ گئے ہیں۔ جتنا جاگیں گے اتنا امت بخشی جائے گی۔ خالق کائنات نے فرمایا۔ جب تو آرام کر۔ تیری امت جانے تیرا خدا جانے۔ فرمایا میں اتنا مجبور رب تھوڑا ہوں کہ تیرے پیار میں خوش نہ کر سکوں۔

کچھ بزرگ کہہ دیتے ہیں کہ ہمارا کوئی اوقات نہیں۔ جی ہم تو گنہگار ہیں۔ سب بڑا گنہگار وہ ہے۔ میں بھی کان کھول کے۔ جب ہمارا تعلق سرکار سے ٹوٹ جائے تو ہم کسی کے سمجھ نہیں رہتے۔ جب ہمارا تعلق سرکار مدینہ سے ہے۔ تو فرشتے ہماری خدمت کیا کرتے ہیں۔

حضرات محترم جب سرکار معراج پہ تشریف لے گئے۔ سدرۃ المنتہیٰ پہ جناب جبرائیل امین رک گئے۔ محبوب پاک نبی نے فرمایا۔ جبرائیل مجھ سے

لائے ہیں۔ اور سدرۃ پہ رک گئے ہیں۔ عرض کی آقا اگر آگے چلوں گا۔ تو جلوں گا اور یہیں رہوں گا تو بچوں گا۔ میرے جیسے پر غور کرنا۔ جناب جبرائیل نے عرض کی آقا اگر میں آگے چلوں گا تو جلوں گا اور سدرہ پہ رہوں گا تو بچوں گا ایک چھوٹی سی بات عرض کرنے چاہتا ہوں۔ جبرائیل فرشتوں کا امام ہے۔ حضور پرنور کا امام ہے۔ مگر وہ کہتا ہے۔ کہ میں اگر آگے چلوں گا تو جلوں گا اگر سدرہ پہ رہوں گا تو بچوں گا۔ جبرائیل نے فرمایا بندے کو اپنی اوقات میں رہنا چاہئیے۔ اگر میں نوریوں کا امام مگر نبی کی برابری نہیں کر سکتا۔ تو کسی مسجد کا امام محمد کے برابر کیسے ہو سکتا ہے۔

جناب جبرائیل نے عرض کی حضور میں آگے نہیں چل سکتا۔ یہیں رکوں گا تو بچ جاؤں گا آگے چلوں گا تو جل جاؤں گا۔ اب میں آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں۔ اگر میرے نبی جناب جبرائیل کو ساتھ لے جاتے۔ تو جبرائیل جل جاتے۔ حضور فرشتہ نہیں لے گئے۔ فرشتہ کو کچھ نہ ہوا۔ اور لباس پہن کے گئے لباس کو کچھ نہ ہوا۔ اگر جبرائیل کو لے جاتے ہوتا کچھ نہ۔ رب نے فرمایا محبوب عرش سارا معطر کر رہا ہے۔ کہ یہ بات میں جبرائیل ہو۔ محبوب جبرائیل کو سدرہ پہ

حبیب دیکھ۔ آج محب و محبوب کی ملاقات ہے۔ بڑی بات ہے۔ یا خدا جانے یا مصطفےٰ جانے
اور فرمایا جبرائیل صاحب کیا جبرائیل کو لے کر آئیں گے۔ میں تو نہیں جلا دوں گا۔ مگر ہو سکتا
ہے۔ کوئی ایسے جبرائیل راستے بتاتا آئے۔ حضور مہربان کر۔ فرمایا پیارا صاحب جبرائیل کو سدرہ
پہ رہنے دیجئے تاکہ پتہ رہے عاشق حقانیت تک آنے والے لوگوں کو بتا سکیں۔ اور ساتھ
مراسلوں کا جبرائیل کو پتہ ہی نہیں تھا۔ حضور مہربان اُن راستوں سے نکل آگے چلے گئے۔
اب جبرائیل رک گئے۔ سرکار نے فرمایا جبرائیل۔ ایک وقت یاد ہے تمہیں۔ جب
ابراہیم کو آگ میں ڈالا جا رہا تھا۔ تو تم نے پکارا تھا۔ اے ابراہیم ؑ کہتے کہ میں
مدد سے کیا دوں۔ آج دیکھو تو سہی سدرہ پہ کھڑا ہوا۔ اور میں جا رہا ہوں لا مکان پہ
اگر تھوڑی کوئی خواہش ہے تو مجھے بتا دے۔ دوستو۔ اگر جبرائیل کو موقع ملے تو وہ بھی
مدینے کے در کا کتا بن جاتا ہے۔

میرے نبی نے فرمایا۔ جبرائیل اگر کچھ مانگنا ہے تو مانگ لے۔ اب جبرائیل نے کیا
مانگا۔ حضور کی آقا میں چاہتا ہوں۔ جب پل صراط سے آپ کی امت گزرے تو مجھے
پر بچھانے کا موقع مل جائے۔ میں کہنا چاہتا ہوں جبرائیل نے یہ خواہش کیوں کی۔
میرے آقا (بار اتنی) ہی چاہتا ہے کہ دنیا خوش ہو جائے۔ جبرائیل کو پتہ تھا کہ عشق والوں کا درد

اس وقت خوش ہوگا۔ جب اس کی امت خوش ہوگی۔ تو جبرائیل نے جب عرض کی تو میرے آقا نے فرمایا۔ بڑی ہی عرض مشکل ہے۔ مگر کیا کروں۔ میرے ہاں کے ایک عاشق ہوئے گزرے امام احمد رضا۔ فاضل بریلوی رح عرض کی آقا نعت آپکی پڑھ دوں۔ اس دل سے جبرائیل گزارش۔ میلاد آپکا پڑھوں دل سے جبرائیل گزارش۔ قرآن آپکے پڑھوں دل سے جبرائیل گزارش۔ لڑوں آپکے دشمنوں سے دل سے جبرائیل گزارش۔ آقا نے فرمایا بریلی کے احمد رضا۔ بتا تو کیا چاہتا ہے۔ عرض کی آقا۔

دل سے اشارہ آقا۔ راہگذر کو خبر نہ ہو۔

جبرائیل پر بچھا دوں تو پر کو خبر نہ ہو۔

عرض کرتے ہیں آقا میری خواہش ہے۔ کہ دل بچھا رہے۔ جبرائیل کا پر بچھے رہیں۔ آقا آپکا اشارہ ہو جائے۔ ہمیں نظارہ مل جائے۔ نہ جبرائیل کے پر کو کو پتہ چلے۔ نہ پل کو پتہ چلے۔ محمد کا غلام گزر جائے۔

اور ایک بات اور بھی عرض کر دوں۔ الحمدللہ جو میرے آقا کے در کے گدا ہیں نا انہیں تو بھی جہنم جلا ہی نہیں سکتا۔ دو گروہ ہیں۔ کچھ ہیں پیار کرنے والے کچھ ہیں جلنے والے۔ ذرا سا جلنے والوں کو ذرا جلا نہیں کرتا۔ پیار کرنے والوں کو ذرا

چلا رہا نہیں کرتا۔ یہ جملہ سن لو۔ اب جو میرے نبی کی گستاخی سے جلتے ہیں۔ جلتے جلتے
جہنم میں جا پہنچیں گے۔ اور جو پیار کرتے ہیں جو پیار کرتا کرتے جنت میں جا کر مزے کریں
گے۔ اور مولا کی محبت کا بڑا عجیب سا ذوق ہے۔ دیکھیے ہم سب پل صراط سے گزریں
گے۔ ہمارا مشاہدہ ہے۔ عاشقوں کے علاوہ کسی اور کا عقیدہ پکا نہیں ہوتا۔ یہ زندہ
ثبوت ہوتا ہے۔ تو محبت کرتا ہے کہ میرے سامان کا یہ کرنا۔ میرا جانا کا یہ کرنا۔
بریلی کے امام احمد رضا فوت ہوئے۔ فرمایا میری قبر کو گہرا کھود دینا۔ وہ محبت دیکھو۔
محبت کی حالت جاننی ہے۔ فرمایا ہم مال والے تھوڑے ہیں۔ ہم تو سرکار والے ہیں
میری قبر کو گہرا کھود دینا کہ تم جانا ہوں رکھ لینا۔ کہ قبر میں سرکار آتے ہیں۔ کوئی بے ادب
نہ ہو جاؤں۔ نبی آئیں گے تو کھڑا ہوں گا۔ نبی آ جائیں گے تو کھڑا ہو کر ادب کے ساتھ سلام
پیش کر دوں گا۔ میں نے کہا رب کائنات کے عشق کے تقاضے ہیں پھر میں کہہ رہا
ہوں نے کیا حکم ہے۔ قبر کی فکر کیوں نہیں۔ فرمایا یہ ہی ہمارا سوچنا ہمارا کام
ہے۔ قبر کو جا کر ذرا دیکھنا لگانا محبوب کا کام ہے۔
جب حشر کا موسم جا پہنچا تو پل صراط ہے۔ تو جہنم پکار دے گا۔ گزر جا مومن
اے بندے کے مومن جلدی سے گزر جا۔ جہنم مجھے کیا ہوا۔ اس سے کیا ڈر کی جلدی کر

ہم نے تو سنا تھا۔ تو بہت سخت ہے۔ اس نے کہا۔ جن کے لیے سخت ہوں وہ اور ہیں۔
جلدی کر۔ آخر تجھے ہوا کیا۔ کہنے لگے جلدی کر کہیں لپٹ نہ عشق کا نور جیسے
ٹھنڈا نہ کر دے۔ یہ جملہ دل کی تختی پہ لکھ کر لو۔ اور کائنات میں جیتے
گستاخ بے ادب ہیں۔ سارے ڈرتے ہیں۔ کہ جہنم جلا نہ دے۔ اور جہنم کو ڈر ہے
کہیں نبی کا عاشق بجھا نہ دے۔ سدرہ پہ جبرائیل رک گئے۔

عرض کرتا ہوں۔ جس بیٹے کو اچھے باپ کا مان نہ ہو۔ ہے وہ بگڑا لگا۔ اور جس
مرید کو پیر پہ ناز نہ ہو۔ ہے وہ بڑا بے شرم۔ اور جس امتی کو نبی پہ ناز نہ ہو ہے
وہ بڑا بے حیا۔ ہمیں اپنے نبی پہ ناز ہے۔ اور میرا نبی وہ ہے۔ اگر انگلی اٹھا کے
تو قبلہ بدلوا دے۔ سر جھکا دے تو ساری امت کو بخشوا لے۔

عقل محدود ہے۔ جو عقل کے ترازو میں تولی جا سکے۔ وہ شان رسول نہیں۔
اور جو فکر کے پیمانے سے ماپی جا سکے۔ وہ عظمتِ مصطفیٰ نہیں۔ جیسے کہتے ہیں
میاں محمد بخش اور عقل بیچارہ کہ جو ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں۔ وہ محمد عربی کا مقام ہے۔
اسی لیے تو علامہ اقبال نے کہا تھا۔

مختصر بات کیں۔ بشیر ملک۔ کہا ان تک نبی کی بارگاہ آئے تو عقل قربان کر کے

عشق کو مقتدا بنایا کر۔ اس کی وجہ یہ ہے۔ جو عقل سے پہچانتے ہیں۔ وہ زندیق بن جاتے ہیں۔ اور جو عشق سے پہچانتے ہیں وہ صدیق بن جاتے ہیں۔ ارے عقل طرار ہے دھوکہ دیتی ہے عشق وفادار ہے۔ محبوب کے دروازے تک پہنچاتا ہے۔

حضرات محترم دیکھئے۔ عقل کہتی محبوب ہے۔ عقل نے کہا۔ حضور صرف بشر ہیں ہماری طرح بھی بشر ہیں اور بے مثال ہیں۔ تو ہم تو ان جیسے بشر ہیں۔ پھر وہ عقل بے چاری مغرور ہوگئی۔ کہنے لگی اگر بشر ہیں۔ تو سایہ کیوں نہ ہوا۔ پھر اسے عقل بے چاری نے کہا اگر بشر ہیں تو سینہ چاک کیا گیا۔ خون کیوں نہ بہا۔ ہم نے کہا عشق۔ تو نے کیا تو بشر جانا۔ ہم نے کہا بشر۔ تو میں انکار کیسے کروں۔ اب تو بتا کیا جانیں۔ عقل نے کہا نور جانیں۔ ہم نے نور مانا۔ عقل بے چاری کو پھر اعتراض آ گیا۔ کہ نور کی تو شادی نہیں ہوتی۔ نور کی اولاد نہیں ہوتی۔ حضور کی اولاد دنیا میں بہت زیادہ ہے۔ ہم نے کہا اس کا مطلب یہ ہے کہ تو کوئی فیصلہ نہیں کر پائی۔ اگر نور کہیں۔ تو بھی تجھے اعتراض ہے۔ اگر بشر کہیں تب بھی تجھے اعتراض ہے۔ عشق نے کہا عقل کو چھوڑ اب مجھے مقتدا بنا۔ اب مجھے قائد بنا۔ میں نے کہا تو کیا بتائے گا۔ کہنے لگا۔ میں تو یہ کہوں گا۔ نور بھی ہیں بشر بھی ہیں بشر ہیں تو ایسے کہ سارے بشریت سے عظیم کر دی ہے۔ نور ہیں تو سب سے اعلیٰ نور ذات عظیم

کر رہی ہے۔ سدرۃ المنتہیٰ سے جناب جبرائیل نیچے رک گئے میرے آقا اللہ والا ہو گئے جیسے ہی

کائنات نیچے میرے نبی کے قدم اوپر۔ مسجد اقصیٰ نیچے نبی کے قدم اوپر۔

بیت المقدس نیچے نبی کے قدم اوپر۔ آسمان نیچے نبی کے قدم اوپر۔ جنت نیچے نبی کے

قدم اوپر۔ عرش نیچے نبی کے قدم اوپر۔ انبیاء نیچے نبی کے قدم اوپر۔ ملائکہ نیچے نبی کے

قدم اوپر۔ سدرۃ المنتہیٰ نیچے نبی کے قدم اوپر۔ جبرائیل نیچے نبی کے قدم اوپر۔ ساری

کائنات نیچے نبی کے قدم اوپر۔ رب کائنات نے فرمایا پیارے آ مجھ سے اتنا بلند

کر دوں کہ عبادت کر کے سارا عالم گواہی دے سکے۔ آقا حسنی والے مرشد کریم سبھی بتا

قدموں تلے دیکھیے۔ رب کی کائنات نیچے ہے۔ میرے نبی کے قدم اوپر۔

رب مصطفیٰ جس نے لکھا دل کا آج قدم اونچا تک آیا۔ رب نے فرمایا ہم اب تم کی کا دکھاؤں

کر دوں گا میرا یہ دیدار ہو گا محمد کے قدموں کی خاک بنا کر گے آپ اور ہو جائے گا۔

نبی کے قدموں میں رہو گے آپ دیدار ہو جائے گا۔ میرے نبی اوپر ہیں ساری کائنات

نیچے ہے۔ اب ملائکہ درود پڑھ رہے ہیں۔ آواز آتی ہے کہ ادنیٰ منی یا احمد یا محمد ادن منی؟

یا احمد قریب ہو۔ اے ساری کائنات سے بہتر قریب ہو۔

میرے آقا نے فرمایا رب۔ بہت سارا تو بڑی محبت کا دکھ ہے ... اور

بات یاد رکھ لینا۔ جیسا عشق سلسلہ عبادت کے مومن کا مقام ہے اتنا بڑا مقام نہیں ہے۔ یہ بات
ہر جگہ میں لکھی ہے کہ جو مقام بابا فرید کا ہے۔ وہ بابا فرید کا ہی ہے۔
میں نے قدم بڑھایا ہستی کے حسن میں۔ پردے ستر ہزار حجاب ظلمت ستر ہزار ایک نور
فرمایا محبوب قدم بڑھا کر۔ ادھر پردہ ہٹاتے گئے۔ ادھر حجاب ظلمت ہٹاتے گئے۔ اندر سے
نے فرمایا۔ محبوب آ۔ میں تجھے بلا حجاب دیکھوں۔ تو مجھے بلا حجاب دیکھے۔ فرمایا پیارے
آ تو مجھے دیکھ لے۔ میں تجھے دیکھوں۔ اور تجھے جلوؤں کا سب رنگ چڑھا دوں۔ قیامت
تک جو تجھے دیکھ لے وہ مجھے دیکھ لے۔

Molana Muhammad
Abbas Nazami
[signature]
13-3-02

جشن زبیر
8-10-2001

سیرۃ النبی ﷺ — ڈاکٹر محمد طاہر القادری

ورفعنا لک ذکرک -

محترم دوستو۔ آیت کریمہ جو میں نے تلاوت کی ہے۔ جو خوبصورت بیان پر مشتمل ہے۔
اللہ رب العزت نے فرمایا ورفعنا لک ذکرک۔ اے نبی ﷺ ہم نے آپ کی خاطر آپکا ذکر بلند کر دیا
اس آیت میں جو علمی عارفانہ تفصیلی نکات پوشیدہ ہیں۔ یہ آیت کریمہ خود معانی معارف کا
ایک ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر ہے۔ عرض یہ کرنا مقصود ہے۔ کہ باری تعالیٰ ارشاد
فرما رہے ہیں کہ۔ محبوب ﷺ ہم نے آپکی خاطر ورفعنا لک ذکرک لک کا معنیٰ ہے
آپکی خاطر کسی اور غرض سے نہیں۔ آپکی خاطر آپکا ذکر بلند کر دیا۔ ذکر نبی اکرم
کا ہو۔ اور بلند کرنے والا خود خالق کائنات ہے۔ تو جس کی خاطر ذکر بلند کیا جا
رہا ہے۔ وہ وہی ہستی ہے۔ جس کا ذکر بلند ہو رہا ہے۔ چنانچہ یہ امر قابل
توجہ ہے۔ اللہ تعالیٰ جو وجود ہے۔ واجب الوجود ہے۔ زوال اور فنا سے پاک ہے۔
ازل سے ہے۔ اور ابد تک رہیگا۔ ازل اور ابد کی دو اصطلاحات ہیں اس کی ہستی
کے سمجھنے کیلئے ادراک کا درجہ رکھتی ہیں۔ ورنہ اس کی ہستی کیلئے نہ ازل کی کوئی ابتداء ہے۔
اور نہ ابد کی کوئی انتہا ہے۔ وہ ذات ہمیشہ سے ہے۔ اور ہمیشہ رہے گی۔ وہ ذات
فرما رہی ہے۔ ورفعنا لک ذکرک ہم نے بلند کر دیا اے پیارے محبوب تیری خاطر۔ تو جس کا

ذکر اللہ رب العزت بلند تر ہے۔ وہ ہستی بلند تر ہے کہ جس ہستی کی بلندی کے لیے
زوال نہیں۔ جس کا ذکر سب سے اونچا کرے۔ جس کے لئے کوئی اونچائی پستی
نہیں۔ جس کا ذکر وہ ہستی بلند تر ہے جس کے لئے کوئی پستی۔ کوئی زوال تصور
بھی نہیں کیا جا سکتا۔ اس کا مطلب یہ ہو؟ کہ کوئی ہستی اللہ تعالیٰ سے قوی
ہے۔ تو اللہ کے بلند کئے ہوئے ذکر سے نیچا کر سکے۔ اس کا وجود اس اللہ سے
سے زیادہ طاقتور ہو۔ جو اسے گوارا دے سے نا کام کر سکے۔ اب کائنات کا
کوئی ذرہ یا کوئی شخص۔ اس سے زیادہ قدرت۔ اس سے زیادہ صاحب قوت
اس سے زیادہ صاحب اقتدار ہو۔ تو پھر اس کے ذکر بلند کئے ہوئے کو فنا کر سکے
جو ذات خود فنا سے آشنا نہیں ہے۔ تو اس کا بلند کیا ہوا ذکر بھی فنا سے آشنا نہیں
ہو سکتا۔ جو ذات خود زوال سے آشنا نہیں ہے۔ اس کا بلند کیا ہوا ذکر کبھی
فنا سے آشنا نہیں ہو سکتا۔ جب سے وہ ذات ہے۔ اس وقت سے ذکر کی بلندی ہے
جب تک وہ ذات رہے گی۔ اس وقت تک حضور کی بلندیوں کا دریا رہے گا۔ نہ اس ذات
کے لیے آغاز و انجام ہے۔ اور نہ ذکر مصطفیٰ ﷺ کے لیے آغاز و انجام ہے۔ نہ اس ذات
کی ہستی کا کوئی اختتام ہے۔ اور نہ اس کے حبیب کے ذکر کا کوئی اختتام ہے۔

تب سے وہ ذات ہے۔ اس وقت سے یہ ذکر ہے۔ جب تک وہ ذات باقی رہے گی
اس وقت تک اس ذکر کو باقی رہنا ہوگا۔ کیونکہ قرآن کا یہ واضح حکم ہے۔ ورفعنا
لک ذکرک۔ اے حبیب تیرا ذکر تیری خاطر ہم نے بلند کر دیا۔ یہاں یہ امر بھی
قابل توجہ ہے کہ جب اللہ رب العزت حضور کا ذکر بلند کرتے ہیں۔ تو کس طرح کرتے
ہیں کہ اپنا سارا کلام جس کا اصطلاحی نام قرآن مجید ہے۔ یہ سارے کا
سارا قرآن سیرت مصطفیٰ بنا دیتے ہیں۔ ذکر بلند کس طرح ہوتا ہے۔ کہ
قرآن مجید کو سیرت مصطفیٰ ﷺ کی سب سے عظیم کتاب بنا دیتے ہیں۔
قرآن سیرت مصطفیٰ کی سب سے زیادہ مفصل کتاب ہے۔ قرآن چونکہ کلام الٰہی
ہے۔ اور کلام صاحب کلام کی صفت ہوتا ہے۔ جو کچھ بول رہا ہوں۔ یہ میرا کلام
ہے۔ اور میرا کلام میری صفت ہے۔ اور کلام متکلم کے کمالات کا آئینہ دار بھی
ہوتا ہے۔ کلام کو سن کر آپ متکلم کے فضائل و کمالات کا اندازہ بھی لگا سکتے
ہیں۔ تو کلام چونکہ متکلم کی صفت ہے۔ اور متکلم کے مقام و منصب کا آئینہ دار ہے۔ علوم متکلم
کا مظہر ہے۔ اس لیے جو حال متکلم کا ہوگا۔ وہی حال اس کی صفت میں بھی پایا
جائے گا۔ سو اگر متکلم ختم ہونے والا ہے۔ اس کا کلام بھی ختم ہونے والا ہے۔

زد و بدل

اگر متکلم تغیر پذیر ہے۔ تو اس کا کلام بھی تغیر پذیر ہوگا۔ اگر متکلم میں تغیر و تبدل
ہو سکتا ہے۔ تو کلام میں بھی رد و بدل ہو سکتا ہے۔ اگر متکلم ہر قسم کے رد و بدل سے پاک
ہوگا۔ اگر متکلم ہر قسم کے تغیر و تبدل سے پاک ہو۔ اگر متکلم ہر قسم کی خرابی۔
ہر قسم کے نقص اور عیب سے پاک ہوگا۔ تو اس کا کلام بھی ہر قسم کے نقص و عیب
سے پاک ہوگا۔ اس کا کلام بھی ہر قسم کے زوال و فنا۔ ہر قسم کی خرابی سے پاک ہوگا
اس لیے اللہ رب العزت کی ذات پاک ہے۔ اس لیے اس کا قرآن اس کا کلام ہونے
کے اعتبار سے قدیم ہے۔ یہ ممکن نہیں صاحب کلام تو قدیم ہو۔ اس کا کلام قدیم
نہ ہو۔ وہ ذات بھی قدیم ہے۔ اور اس کا کلام بھی قدیم ہے۔ اور کلام کیا ہوتا ہے۔
اور کلام کے اندر کچھ مشکولات ہوتے ہیں۔ میرے بولے ہوئے ہیں۔ میرا کلام ہے
آپ اس کو میرا کلام کہیں گے۔ اس کلام میں ان میں کچھ انسان کی خامی کا [illegible] ہوگا۔
حروف کا مجموعہ ہوگا۔ ان کے اندر کچھ ذکر ہوگا کوئی بات ہوگی کہ فلاں کو ہوگا
کچھ تشبیہات ہوں گی۔ ان چیزوں کے مجموعے کو ملا دیں تو۔ اس کو تو کلام کہا گیا
کہتے ہیں۔ تو جب کلام متکلم کی صفت ہے۔ اور متکلم قرآن کا خدا ہے۔
وہ قدیم ہے۔ تو قرآن اس کا کلام ہونے کے اعتبار سے قدیم ہوگا۔ جب

قرآن قدیم ہوا تو قرآن میں جس کا ذکر ہو رہا ہے۔ وہ ذکر بھی قدیم ہوگا۔
اس لئے میں یہ کہنے میں حق بجانب ہوں۔ قرآن چونکہ اول سے آخر تک مدح
مصطفیٰ ہے۔ قرآن آغاز سے انجام تک ذکر مصطفیٰ ہے۔ جس طرح خدا بھی
قدیم ہے۔ قرآن بھی قدیم ہے۔ اور نبی کا ذکر اور ان کی مدح بھی قدیم ہے۔
یہ عنوان سب سے متعارف کرانے والے سب سے عظیم ہستی مخلوقات میں سے
حضرت عائشہ رضی ہے۔ اور سیرت نبی ؐ قرآن کے آئینے میں جس موضوع پر
اظہار خیال ہو رہا ہے۔ اس موضوع کو متعارف کرانے والا سب سے پہلا فرد کون ہے
حضرت عائشہ سے آپ سے سوال کیا گیا۔ یا ام المومنین تو بتائیے نبی پاک ؐ
کی سیرت کیا تھی۔ حضور کی سیرت و کردار کیا تھا۔ حضور کا خلق کیا تھا
تو آپ نے فرمایا۔ کان خلقہ پوچھنے والے کیا آپ نے قرآن کو نہیں پڑھا۔ ہم نے پڑھا ہے
اے ام المومنین تو سنو سورۂ مدنی ؐ کی سیرت کچھ نہ تھی سوائے قرآن کے۔ حضور
کی سیرت قرآن تھی۔ اب قرآن ایک طرف خدا کا کلام ہے۔ اور خدا کا کلام
ہونے کے اعتبار سے خدا کی صفت ہے۔ دوسری طرف یہی قرآن حضرت
عائشہ صدیقہ کے حسب ارشاد نبی پاک ؐ کی سیرت طیبہ کا آئینہ دار ہے

اور حضور کی سیرت و کردار ہر دو اعتبار سے حضور کی صفت ہے۔ اور قرآن خدا کا کلام ہونے کی حیثیت سے خدا کی صفت ہے۔ اور صاحب ذکر کی نسبت سے نبی پاک کی نسبت ہے۔ اس لیے قرآن ایک طرف سے خدا کی صفت ہے۔ ایک جہت سے رسول خدا کی صفت ہے۔ لہٰذا قرآن خدا کی صفت کے اعتبار سے قدیم ہے۔ اور نبی پاک کی روح و ذات کے اعتبار سے قدیم ہے۔ لہٰذا رسول پاک کی سیرت و کردار جو سراسر قرآن ہے۔ تو قرآن سراسر حضور کی سیرت و کردار کا بیان ہے۔ اور آئینہ دار ہے۔ یہ ہے اس موضوع کا مفہوم۔

سب سے پہلے اس پہلو پر روشنی ڈالنا چاہوں گا۔ کہ قرآن حکیم حضور کی سیرت کو کیوں بیان کرتا ہے۔ سب سے پہلا سوال جو ذہن میں پیدا ہو سکتا ہے کہ کیا ضرورت تھی حضور کی سیرت کو قرآن میں محفوظ کرنے کا۔

دوسرے لوگوں کی سیرتیں لوگ لکھا کرتے ہیں۔ مصنفین اور مورخین جب بزرگوں، مقتداؤں کے سیرت نگار ہوئے۔ اور حضور کی سیرت و کردار دو کروڑ ایک کروڑ انسانوں نے لکھی ہیں۔ لیکن قرآن حضور کی سیرت کو کیوں بیان کرتا ہے میرے نزدیک دو ہی سبب ہیں۔ حضور کی سیرت کا قرآن کے اندر

موجود ہونے کا۔ کچھ تقاضے تھے جن کی وجہ سے قرآن کو حضور کی سیرت کا
موضوع بنایا گیا۔ سب سے پہلا جو تقاضا تھا۔ کہ نبی اکرمؐ کی سیرت واحد
کسی ایک انسان کی سیرت نہیں۔ حضور کی سیرت واحد کسی ایک انسان کی سیرت
و کردار نہ تھی۔ بلکہ یہ ایک ایسی سیرت تھی۔ جو کہ بسوا خود اسلام کی حقانیت
کی بہتر دلیل نہ ہو سکتی۔ حضور کی سیرت سے بڑھ کر اسلام کی حقانیت کا
کوئی ذخیرہ نہ تھا۔ حضور کی سیرت سے بہتر خدا کی توحید پر کوئی مستند سند نہ تھا
حضور کی سیرت سے بہتر خدا کی ذات مبارکہ پر کوئی بہتر دلیل نہ تھی۔ حضور کی ذات
سے بڑھ کر قرآن کی صداقت کا کوئی ذخیرہ نہ تھا۔ حضور کی سیرت سے بڑھ کر
اور رب العزت کی ... کا کوئی ... نہ تھا۔ کیونکہ اسلام کی حقانیت
حضور کی سیرت میں مضمر ہے۔ خدا کی توحید کا پیغام اپنی صداقت و حقانیت کی بنیاد
پر حضور کی سیرت و کردار کو چاہتا تھا۔ خدا کی ربوبیت اس کی خالقیت اس
کی ربوبیت اس کے قدرتی اوصاف و کمالات کو ظاہر کرتا۔ حضور کی سیرت میں
ہونے والا تھا۔ اسی لئے قرآن نے خدا کا کلام تھا۔ جس نے حضور کی سیرت
ھیرے کو اپنے اندر سمالیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب پورا عالم کو تاریک

کے اندر۔ ہر طرف ضلالت گمراہی ظلم عصیان کا دور دورہ تھا۔ حضور کے تعارف سے
کوئی آشنا نہ تھا۔ جو خانہ کعبہ خدا کی توحید کے لئے بنایا گیا تھا۔ اس وحدت
کدہ ابراہیمی میں 360 سو بت رکھ دیئے گئے تھے۔ انسان اس ظلمت کے دریا
میں ڈوب چکا تھا۔ کہ اس کی جبین اس کے ہاتھوں سے بنائے ہوئے بتوں کے سامنے
جھکنے پر مجبور تھی۔ ایسے حال میں حضور نے کوہ صفا پر۔ حضور نے
مکہ کے رؤسائے قریش کے سرکردوں کو دعوت دی اور ان کو اکٹھا کیا۔ اور سب سے
پہلے حضور نے خدا کی توحید کا پیغام ان تک پہنچایا۔ جب خدا کی توحید کا پیغام
ان لوگوں تک پہنچایا گیا۔ انہوں نے اس دعوے کی صحت کی دلیل طلب کی
انہوں نے کہا۔ اے محمد تیرا دعوٰی بہت بلند ہے۔ ہمارے معتقدات کی رد
کرتا ہے۔ لیکن دلیل کیا ہے تیرے پاس اس امر کی کہ خدا ہے اور ایک ہی ہے۔ اس
پیغام کو ماننے کے لئے دلائل کیا ہیں۔ ہم نے تو خدا کو آنکھ سے نہیں دیکھا۔
ہم نے تو خدا کو آج تک نظر سے نہیں دیکھا۔ ہم تو 360 خداؤں کو مانتے چلے
آئے ہیں۔ ہم کس طرح مان لیں کہ خدا ہے۔ اور 360 خدا جھوٹے ہیں
اور صرف ایک خدا سچا ہے۔ اس دعوے کی دلیل کیا ہے

کو مخاطب

قربان جاؤں حضرت محمد کی سیرت طیبہ پر سرکار دو عالم اگر اس وقت چاہتے کہ خدا کی عطا
کردہ قوت کے ساتھ اس پہاڑ کو زمین کو چاک کر کے اس خدا کی توحید کی دلیل پیدا کر دیتے
مردے کو زندگی دے کر خدا کی توحید کی دلیل پیدا کر سکتے تھے۔ اس لئے آج معجزاتی سطح کی
انسانیت کے سامنے خدا کی توحید کا سب سے پہلے دعویٰ پیش کیا جا رہا تھا۔
اس توحید کے دعوے کو سچا ثابت کرنے کے لئے کس سطح کی دلیل طلب
کرتے اور وہ رب العزت اس دنیا میں اس سطح کی دلیل پیدا کر کے پیش کرتے
لیکن حضور نے کسی قدرتی معجزے کو دلیل کا معیار نہیں بنایا۔ حضور نے سورج
دو ٹکڑے کر کے زمین کا سینہ چیر کر یا قدرتی مظاہر کو خدا کی دلیل
بنا کر پیش نہیں کیا۔ آپ نے یہ دلیل پیش کی۔ خدا کے وجود پر اور خدا کی توحید
پر۔ وہ پہلی دلیل تھی اسلام کی اور یہی آخری دلیل تھی۔ اور یہ دلیل تھی وہ سوال اگر زمانہ
کے ساتھ موجود آج تک رد نہ ہو سکی ہے اور قیامت کی آخری گھڑی تک۔
دنیا کی کوئی ہستی اس دلیل کو رد نہ کر سکے۔ وہ دلیل کیا تھی۔ جس نے کفار کو
لاجواب کر دیا۔ کفار کی زبانیں کھینچ کر دی اور ان کے اعتراض کو ہمیشہ ہمیشہ
کے لئے ختم کر دیا۔ وہ دلیل کیا تھی جس کو آپ نے پیش فرمایا۔ خدا کی ہستی

کی دلیل طلب کرنے والو۔ خدا کے ہوتے ہوئے شہادت مانگنے والو۔ اور خدا کے ایک ہونے پر
ثبوت طلب کرنے والو۔ میں نے آج سے پہلے چالیس برس علم کے اونچے میناروں
اندر بسر کیے۔ میں نے مکہ کی وادی میں جنم لیا۔ میں نے حضرت آمنہ کی گود
میں پرورش پائی۔ حضرت حلیمہ کے گھر چار سال تک رہا۔ میں تمام رستے
مکہ کے ریگستانوں میں بکریاں چراتا رہا۔ میں تمام رستے مکہ کے گلیوں کوچوں میں
میرا بچپن گزرا۔ میری جوانی بھی اگرچہ یہیں گزری۔ یہیں میں نے شادی کی۔ یہیں میرے
بچے پیدا ہوئے۔ میں نے شام اور مصر تک تجارت کا کام کیا۔ میں نے جنگوں میں بھی شرکت کی۔
میں نے خدا کی یاد میں کئی غاروں میں چھپ چھپ کر۔ اور دن کے جلوتوں میں بھی زندگی کے
شب و روز بسر کیے۔ میری خلوت بھی تمہارے سامنے ہے۔ میری جلوت بھی تمہارے سامنے
ہے۔ میری رات کی گزری ہوئی اور دن کی گزری گھڑیاں بھی تمہارے سامنے ہیں۔ میرے دل کے چھپے
ہوئے میرے لمحات بھی تمہارے سامنے ہیں۔ میں کسی کا باپ ہوں۔ اور کسی کا بیٹا بھی ہوں۔
میں کسی کا رشتہ دار ہوں۔ کوئی میرا دوست ہے۔ کوئی میرا دشمن ہے۔ کسی کو میں نے کچھ
دیا۔ کسی سے میں نے کچھ لیا۔ میری زندگی کی کتاب۔ چالیس برس پر مشتمل اس کا ایک
ایک ورق۔ ایک ایک صفحہ تمہارے سامنے ہے۔ ایک ایک سطر تمہارے سامنے ہے۔ میرے بچپن

سے لے کر آج کے دن تک (ورق ورق) چالیس برس پر مشتمل میری سیرت کی کتاب کا ایک ایک ورق کھول کے دیکھ لو۔ اگر پیدائش کے دن سے لیکر آج کے لمحے تک میری پوری زندگی میں اگر ایک لمحہ بھی عیب دار نظر آجائے۔ تو خدا کے وجود کا انکار کر دینا۔ اگر میری چالیس برس کی زندگی میں ایک لمحہ بھی نقص سے بھرپور نظر آجائے۔ تو پھر خدا کی توحید کا انکار کر دینا۔ اگر میری پوری زندگی کی کتاب کا ایک حرف ایسا نظر آجائے جہاں پر اعتراض کی انگلی رکھنا مقصود ہو تو خدا کے ایک ہونے کا انکار کر دینا۔ قرآن کو نہ ماننا۔ اسلام کا انکار کر دینا۔ توحید و رسالت کا انکار کر دینا۔ خدا کے کارخانہ قدرت (اس کی سب سے بڑی دلیل) میں سب سے بڑھ کر سب سے عظیم (سب سے بڑی) نشانی آخری دلیل محمد مصطفیٰ کی ذات ہے۔

اس دلیل کے پیش ہونے کے بعد۔ عالم کفر مبہوت و ساکت ہو گیا۔ اور دشمن کو یہ کہنے کی جرأت نہ ہوئی کہ اے محمد تیری زندگی کا فلاں پہلو عیب دار ہے۔ تیری چالیس برس کی زندگی کا فلاں گوشہ ایسا ہے جو محلِ نظر ہے۔ کوئی کافر آج تک یہ نہ کہہ سکا۔ نہ حضور کے سامنے (اور) نہ حضور کی عدم موجودگی میں۔ جب ابوسفیان حبشہ میں نجاشی کے پاس پہنچے۔ اسلام لانے سے پیشتر کی بات ہے۔ تو نجاشی نے اسے ایک کمرے میں علیحدہ کر دیا۔ الگ لے جا کے پوچھا ابو سفیان اس وقت ہم دونوں

اکیلے ہیں۔ نہ میری بات تیرے سوا کوئی اور سن رہا ہے۔ اور نہ تیری بات میرے سوا کوئی اور
سن رہا ہے۔ مجھے ایک سوال کا جواب ٹھیک ٹھیک سا دے دو۔ سوال یہ ہے کہ جس محمد
کی تم مخالفت کرتے ہو۔ بتاؤ اس کی سیرت و کردار کیسا ہے۔ یہ بتاؤ داستان کیا
ہے تم اس کے ساتھ بڑی مدت گزار چکے ہو۔ تم نے اس کو کیسا پایا۔ ابو سفیان کہتا ہے
اے نجاشی خدا کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے۔ اگر ہماری سیاست
قیادت کو خطرہ لاحق نہ ہو۔ ہم نے آج تک سچا کھرا انسان ان جیسا نہیں
دیکھا۔ یہ حضور کے دشمنوں کا اعتراف ہے۔ اس وقت عرض یہ کر رہا تھا۔ حضور
نے اپنی سیرت و کردار کو اسلام کی حقانیت کی سب سے بڑی دلیل کو پیش کیا۔ یہ تو حضور کا
پیش کرنا تھا۔ حضور نے پیش کیا تھا اپنی سیرت کو۔ خدا کی توحید کے ثبوت کے طور پر
جب اللہ رب العزت سے پوچھا گیا کہ اے اللہ۔ تجھے ماننے کے لئے ہمیں کسی ایسے ثبوت
کی ضرورت ہے۔ جس ثبوت کو دیکھ کر جانیں۔ تیری ہستی پر ایمان لانے کیلئے ہمیں
کسی ایسی دلیل کی ضرورت ہے۔ جس دلیل میں شک کی کوئی گنجائش نہ ہو۔ تیرے
پاس ایسی کونسی دلیل ہے۔ جس سے بڑھ کر تیری ہستی کیلئے اور کوئی دلیل نہ ہو۔ اللہ
تعالیٰ نے سب میں یہی جواب دیا۔ جو حضور نے دیا تھا۔ فرمایا قد جاءکم من اللہ نور

برہان من ربکم ۔ وانزلنا الیکم نورا مبینا ۔ موجودہ عالم انسانیت کو انکار ہے کیا
میری ہستی سے ۔ میرے وجود، میری ربوبیت، میری خالقیت پر دلیل طلب کرنا ہو تو
آگاہ ہو جاؤ۔ میری خدائی کی بارگاہ سے اس کائنات کے لئے سب سے بڑا ثبوت
تمہارے پاس آ گیا۔ اگر میرے حسن و جمال کے جلوے دیکھنا چاہتے ہو تو
چہرہ مصطفیٰ کے حسن و جمال کو دیکھ لو۔ اگر میری قدرتوں کا رنگ دیکھنا چاہتے
ہو تو مصطفیٰ کی تمام قوت و قدرت دیکھ لو۔ اگر میری صداقت دیکھنا چاہتے
ہو۔ اگر میرا علم و حکمت دیکھنا چاہتے ہو۔ اگر میری صفات میرا کرم
میری وسعت، میری اندر کی ربوبیت کو دیکھنا چاہتے ہو تو نبی پاک ﷺ کی
ذات کو دیکھ لو۔ حضور کی سیرت کو دیکھ لو۔ حضور کے اوصاف و کمالات کو دیکھ
لو۔ حضور کو دیکھ کر تمہیں میرے ہونے کا یقین آ جائے گا۔ حضور کو دیکھ کر
مجھے سب سے عظیم خالق ہونے کا یقین آ جائے گا۔ چونکہ قرآن نبی کریم ﷺ
کی سیرت کو اللہ کی توحید کی دلیل کے طور پر پیش کرتا ہے۔ اسلام کی
حقانیت کے دلائل کے طور پر پیش کرتا ہے۔ خود وہی قرآن
اسے معجزے کے طور پر پیش کرتا ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ جو دلیل ہے

وہ وضاحت کا سے کہ قرآن کے اندر بیان کر دی جائے۔ یہ شروعات ہے تفصیل کی
مسئلہ قرآن میں بیان درج کیا جاتا۔ چنانچہ نبی کریم کی اس سیرت کو۔ اللہ تعالیٰ
نے اپنے کلام یعنی قرآن کا موضوع بنا دیا۔ یہ تو ایک سبب تھا۔ اب دوسرا سبب
حضور کی سیرت قرآن کے اندر موجود ہونے کا یہ ہے۔ کہ نبی کریم کی سیرت میں
قرآن اطاعت کی واحد صورت ہے۔ حضور کی سیرت کے بغیر۔ قرآن اطاعت کا
صورت عملی شکل میں پیش میں بات کر رہا ہوں۔ خدا کو دیکھنا ناممکن ہے حضور کی سیرت کے
بغیر۔ خدا کو جان کر اس کی اطاعت کرنا ناممکن ہے حضور کی سیرت کے بغیر۔ کیونکہ
خود قرآن کہتا ہے میں یہاں ضمنی عرض کر دوں۔ آج کا موضوع ہے حضور کی سیرت
اور کردار قرآن کے آئینے میں۔ اس لئے اول سے آخر تک ہماری جتنی گفتگو ہو گی۔ اس
کا مرکز اس کا محور صرف اور صرف قرآن ہو گا۔ میں قرآن پاک کے علاوہ یہاں تک
کہ حدیث پاک سے کسی کتاب کا بھی دلیل کے طور پیش نہیں کروں گا۔ کیونکہ یہ الگ موضوع
ہے۔ عرض کر دی۔ قرآن کے آئینے میں حضور کی سیرت کو دیکھنا ہے۔ لہٰذا
جو حضور کی نسبت کہوں گا۔ قرآن کی اصل سے کہوں گا۔

عرض کر رہا ہوں۔ قرآن ارشاد فرماتا ہے من یطع الرسول فقد اطاع اللہ

جو رسول ﷺ کی اطاعت کرتا ہے وہی خدا کی اطاعت کر رہا ہے۔ کہ خدا کی اطاعت رسول ﷺ
کی اطاعت کے بغیر ممکن نہیں۔ حضور کی اطاعت حضور کی سیرت کے بغیر ممکن نہیں۔
اس لئے قرآن نے حضور کی سیرت کو اپنا موضوع بنایا۔ تاکہ لوگ قرآن کے حوالے سے
حضور کی سیرت سے آشنا ہوں۔ حضور کی سیرت سے الفت اور محبت پیدا کریں۔
اور یہی وہ طریق ہے کہ خدا کی اطاعت میں حضور کی غلامی اور اطاعت میں انسان
کا سر جھکا رہے۔ ایک اور مقام پر ارشاد فرمایا گیا۔ قل ان کنتم تحبون اللہ
فاتبعونی یحببکم اللہ کہہ دیں اے پیارے حبیب اپنی پیاری پیاری زبان سے
ہی کہہ دیں۔ کہ ان کنتم تحبون اللہ اگر تم خدا کی محبت کا دم بھرتے ہو اگر
تم دعوی کرتے ہو۔ خدا سے محبت کرنے کا تو خدا سے محبت کا دعوی اس وقت
تک سچا نہ ہوگا (فاتبعونی) جب تک میری غلامی میں نہ آجاؤ گے۔ میری اتباع
کرو گے تو خدا کی محبت سچی ہے۔ اور میری اتباع نہ کرو تو خدا کی محبت
کا دعوی غلط ہے۔ تو پھر حضور ﷺ کی اتباع کا صلہ کیا ہوگا۔ پھر خدا کی محبت
نصیب ہو جائے گی یہی نہیں آپ نے تو یہاں تک۔ خدا سے محبت کرنے والا خود اپنا محبوب
بنے۔ حرف ~~...~~ عائشہ کی رکن حضور کی سیرت کی پیروی اور حضور کی سیرت کی پیروی

کا درجہ کیا ملے گا۔ یعنی کہ معلوم ہوا کہ اب بندہ خدا کا محب نہیں بلکہ اس کا محبوب بن جاتا ہے۔ اب بندہ خدا کا طالب نہیں اس کا مطلوب بن جاتا ہے۔ بندہ خدا کا مرید نہیں اس کا مراد بن جاتا ہے [قرار پا جاتا ہے] اور یہ وہ مقام ہے۔ جس پر اقبال کہتے ہیں۔

کی محمد سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں —

یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں۔

عام بندہ خدا کی یاد کا منتظر رہتا ہے۔ اور جو اس کا بندہ ہو جائے۔ اس کی حالت یہ ہوتی ہے کہ ہر گھڑی ہر ساعت وہ جاگتا رہے یا سوتا رہے۔ خدا اس کی رضا کا منتظر ہوتا ہے۔ عام بندہ تو خدا کی طرف تکتا ہے کہ خدا کو کیا پسند ہے میں اس سے وہ مانگوں۔ اور کیا پسند نہیں وہ میں نہ مانگوں نہ طلب کروں۔ اس کو کیا پسند ہے میں وہ کروں۔ اور جو نا پسند ہے نہ کروں۔ لیکن بندہ خدا کا سوچا ہے مگر یہ ذات تکتی ہے بندے کی طرف۔ میرا بندہ کیا چاہتا ہے میں وہ عطا کر دوں اس کی زبان کھلنے سے پہلے [عطا]۔ تقدیر اپنی اس پہ [آکر یہ] اور اس کے مشورے کر دے۔ اس کے ہاتھ اٹھانے سے پہلے۔ میری نعمتیں [میں] اسے بخشوں اور نوازشیں دے دوں [پہلے] اس سے کہ مجھ سے مانگے میں خود آگے بڑھ کر اس کا ہاتھ تھام لوں۔ یہ فرق ہے بندے اور خدا کے بندے

Scanned with CamScanner

میں تو خدا کا بندہ کہلا سکتا ہے۔ فاتبعونی جب حضور کی سیرت کی پیروی ہو جائے
چونکہ حضور کی سیرت ہی صرف خدا کا بندہ ہونے کی راہ ہے۔ اور خدا کی اطاعت کی صورت
ہے۔ اس لیے ضروری تھا۔ کہ حضور کی سیرت تفصیل کے ساتھ قرآن پاک میں ارشاد
فرمائی جائے۔

یہی سبب حضور کی سیرت کا قرآن کے اندر موجود ہونے کا ہے۔ پہلے عرض کیا
جا چکا ہے کہ سیرت طیبہ۔ اسلامی شریعت اور مسلمانوں کے قانون کا ماخذ ہے۔ جتنے
فتنے رونما ہوئے ہیں ان میں ایک فتنہ یہ بھی ہے کہ بس قرآن فقط کافی ہے۔
حضور کی سنت یا حضور کی سیرت کی مسلمانوں کو کوئی ضرورت نہیں۔ وہ صرف اس دور میں
زمانہ ہی کا سبق تھی۔ لیکن اب اس کے بعد قرآن آپ کے پاس آ چکا۔ اس قرآن
ہی کو پڑھ کر اپنے راستے (راہیں) متعین کریں۔ حضور کی سیرت حضور کی سنت حضور
کی حدیث۔ حضور کی حدیث نہیں ہے۔ یہ ایک بڑا (شدید) اعتقادی فتنہ ہے۔ اور خوب تک
موجود ہے۔ مسلمانوں کی فکری کاوشوں کو نقصان پہنچا رہا ہے۔ میں اس خاطر
عرض کر رہا ہوں۔ کہ قرآن سیرت کا موضوع اس لیے قرار دیا گیا۔ کہ پورا دین
اور شریعت اسلامی کا ~~منبع~~ مصدر اور سرچشمہ ہے۔ قرآن حکیم میں ارشاد

تو دیا گیا۔ وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا۔ جو کچھ رسول کریم
تمہیں عطا کریں وہ لے لو۔ اور جس چیز سے رسول تمہیں منع کر دیں۔ اس سے رک
جاؤ۔ تو اسلام کے اندر کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے کا معیار کیا ہے۔ حضور کی
ہاں یا حضور کی نفی۔ حضور کچھ کہہ دیں تو وہ اسلام کا حکم بن جائے۔ حضور روک
دیں تو وہ اسلام کی نہی بن جائے۔ اس کے اس کے بغیر اسلام کے جسم کا کوئی عضو
نہیں۔ حضور سکوت تو پھر بھی اسلام کا ایک حکم بن جائے۔ حضور جاگ تو پھر بھی
اسلام کا ایک رنگ قرار پائے۔ حضور چلیں تو جس کہ ہم کا چلنا بھی شریعت کا ایک
انداز ہو۔ حضور مسکرا دیں تو پھر بھی شریعت کا ایک رنگ ہو۔ حضور گفتگو کریں
تو وہ بھی اسلام کا ایک پہلو ہو۔ حضور سکوت کریں تو بھی اسلام کا ایک پہلو
ہو۔ اور حضور گھڑیاں جاریں تو وہی قرآن کا موضوع ہو۔ حضور کسی سے بیعت
لیں تو وہ بھی قرآن کا موضوع ہو۔

مستشرقین حضرات۔ الحمد سے والناس تک سارا قرآن پڑھیں اور ولادت
سے وصال تک حضور کی ساری زندگی کو دیکھیں کہ کونسا لمحہ ایسا ہے جو حضور کی زندگی
میں آیا ہو تو قرآن نے اپنے اندر سمیٹ کر لیا۔ تو حضور کی ہر ادا حرکت،

اسلام کا رکنِ اوّل حکم ہے۔ اس لئے ارشاد فرمایا گیا۔ خداوند تعالیٰ فرماتا ہے
بے شک نہیں اے پیارے تیرے رب کی قسم کہ لوگ ایماندار ہو ہی نہیں سکتے۔
جب تک وہ تمام اختلافات میں تجھے اس بات کو آخری سند نہ مان لیں۔ اور تیرے فیصلوں
ان کی نگاہیں جب فیصلے کی صورت میں نکلیں تو ان میں تمام رہ جا کر کہیں آگے کو بڑھ جاتی
ہیں۔ تیرے فیصلے سے بڑھ کر حق کی نگاہیں آگے نہ بڑھ سکیں اور اس وقت
محسوس ہو اب ہم ایمان کی حالت میں داخل ہو گئے۔ اور تیرے حکم کو با مجبوری
قبول نہ کریں۔ بلکہ خوش ہو کر قبول کریں۔ اور اپنا سر تیرے حکم کے سامنے اس
طرح جھکا دیں جس طرح جھکانے کا حق ہوتا ہے۔ غور فرمائیں۔ اسلام کا دوسرا حصہ
فطرت یہی ہے مسلمان کی اسلامیت۔ جس طرح کے اللہ تعالیٰ نے پانچوں نمازیں پڑھنے کا حکم دیا
قرآن حکیم میں سینکڑوں مقامات پر۔ اقیموا الصلوٰۃ نماز قائم کرو۔ لیکن کتنی نمازیں
اور ہر نماز میں کتنی رکعتیں اور ہر رکعت میں قیام رکوع اور سجدہ میں کیا کیفیت
کیا نماز میں پڑھنا ہے اور کیا نہ پڑھا جائے۔ تو یہ سب تفصیلات کیا قرآن
میں وارد ہوئی ہیں۔ نہیں کیونکہ قرآن نے ان تفصیلات کو بیان ترک کیا تھا۔ صحابہ کرام
نے سوال کیا یا رسول اللہ حکم تو آ گیا۔ کہ نماز پڑھو۔ لیکن نماز پڑھیں کس طرح

مہیں کیا خبر کہ نماز کتنی رکعات کی ہیں۔ رسول پاک ﷺ نے فرمایا صلوا کما رأیتمونی اصلی
دیکھو۔ جس طرح میں نماز پڑھتا ہوں۔ اسی طرح تم بھی پڑھو۔ گویا حضور کا
عمل۔ اسوہ کامل ہے۔ حضور کی سیرت و کردار حجت قرار نہ پائے۔ تو نماز
پڑھنے کا طریقہ سلیقہ قرآن سے میسر نہ آئے۔ اگر حضور کی سنت و سیرت
شریعت کا ماخذ قرار نہ پائے۔ تو روزے رکھنے کی شرائط ساری کی ساری قرآن
سے میسر نہیں آسکتیں۔ اگر حضور کی سنت و سیرت شریعت کا ماخذ قرار نہ پائے
تو حج کے مناسک قرآن سے میسر نہیں آسکتے۔ زکوٰۃ کی تفصیلات قرآن سے
میسر نہیں آسکتیں۔ ارکان اسلام ہوں یا اجزائے ایمان ہوں۔ یا دین حق کی
دیگر تفصیلات ہوں۔ جس حکم کی طرف آپ توجہ کریں۔ اس حکم کو اجمالی طور
پر قرآن میں پائیں گے۔ لیکن اس کی تفصیلات اور عملی صورت حضور کی سنت و سیرت
کے علاوہ کسی اور جگہ نظر نہ آئے گی۔ اس لیے اسلام کو سمجھا ہی نہیں جا سکتا
حضور کی سیرت کو نظر انداز کر کے۔

قرآن پر اکتفا پر بات کرنے والے اس سوال کا جواب دیں کہ قرآن پر
اکتفا کرنے کی بات کی جاتی ہے۔ یہ قرآن کس شخص پر جبرائیل نے نازل کیا۔

اس قرآن کو نازل ہوتے ہوئے کسی نے دیکھا اور نہ کسی کے کانوں تک اس قرآن کی آواز
پہنچائی۔ کسی نے قرآن کا نزول دیکھا۔ جبرائیل کو اترتے دیکھا۔ کسی کی طرف
سے قرآن کا نسخہ براہ راست موصول ہوا۔ آخر کس طرح پتہ چلا کہ یہ
کتاب قرآن ہے۔ رسول پاک عربی زبان میں گفتگو فرماتے۔ چونکہ آپ کی زبان
مبارک تھا۔ آپ زبان سے جب یہ کہا کہ یہ اس لفظ سے لیکر اس لفظ تک
تک قرآن ہے۔ اور جو اپنی زبان کے نکلے ہوئے لفظوں کو جن جن لفظوں کو حضور
نے قرآن کہہ دیا، وہ قرآن بن گیا۔ جس کو حضور نے حدیث کہہ دیا، وہ حدیث بن گئی۔
اور یہ حضور کی حیثیت ہے اس قرآن کو معلوم کرنے میں ہمیں حضور کی حدیث کے
بغیر نہیں ہوتا۔ قرآن کا قرآن ہونا حضور کی حدیث کو حجت ماننے کے بغیر ممکن نہیں ہے
اس قرآن کے قرآن ہونے کا کوئی سند رسول پاک کے حکم کی حجیت کے بغیر ہمارے پاس
نہیں ہے۔ اس لئے اگر قرآن سے استفادہ کرنے کی خواہش ہو۔ تو حضور کی حجیت
کو پہلے ماننا ہوگا۔ حضور کے حکم کو حجت پہلے ماننا ہوگا۔ حضور کے حکم کو حجت
ماننے سے قرآن قرآن بنتا ہے۔ اور اس کے بعد قرآن کے احکام پر عمل کرنے کی
بات آتی ہے۔ اس لئے میرا عرض ہے کہ آپ حضور کی سیرت کو

قرآن کا موضوع بنانے کا سبب یہی تو وہ سیرت ہے جو قرآن کی راہ دکھاتی ہے۔
اور یہی وہ سیرت ہے جو قانون کی صورت گری کرتی ہے۔ یہ شریعت اسلامیہ کے جسم
کو بیدار رکھنے کرتی ہے۔ اور اگر اس سیرت کو نکال دیا جائے۔ اس کو اگر اہل کی
کسی ستون کو ایک لمحے کیلئے پردے کے پیچھے تصور کر لیا جائے۔ تو اسلام کا باقی بچتا کیا
ہے۔ اسلام کی تو ساری دولت۔ اسلام کی تو ساری متاع۔ دیکھیے معنی اسے میسر
آ رہی ہے۔ اگر وہ در ہی آنکھوں کے سامنے نہ رہا۔ تو درکنار۔

تو یہ تیسرا سبب تھا۔ چوتھا سبب حضور کی سیرت کا قرآن کا موضوع ہونے
کا یہ ہے۔ کہ حضور کی سیرت ہی وہ نعمت ہے جس سے انسانوں کو ہدایت میسر آسکتی
ہے۔ حضور کی سیرت کے بغیر ہدایت کا پہیہ ہی نہیں چل سکتا۔ قرآن پاک نے
فرمایا۔ اِنَّكَ لَتَهْدِیْٓ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ۔ اے پیارے نبی ﷺ بے شک تو ہی تو ہے جو ان
کو سیدھی راہ دکھاتا ہے۔ انک لتھدی۔ لَ کلمہ تاکید ہے۔ انک میں
کلمہ تاکید ہے۔ تو دو تاکیدوں کے ساتھ فرمایا۔ کہ اے پیارے تو ہی تو ہے۔ جو ان کو
سیدھی راہ دکھاتا ہے۔ اور اگر یہ تیری راہ سے منہ پھیر لیں۔ تو سیدھی راہ ان
کو دکھانے گا کون۔ اور رب تعالیٰ نے قرآن نے یوں کہا۔ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ

اس سے بھی زیادہ تاکید کے ساتھ بیان کیا۔ کہ اس نبی ؐ کی سیرت کی پیروی کرو۔
تاکہ تمہیں ہدایت میسر ہو سکے۔ گویا ہدایت کو حضور کی سیرت کی پیروی
پر موقوف قرار دے دیا۔ اگر حضور کی سیرت کی پیروی نہیں ہو۔ تو قرآن کے حکم کے
مطابق ہدایت میسر نہیں آسکتی۔ تو جس سیرت کی پیروی سے ہدایت کا میسر آنا
متعلق تھا۔ وہ حضور کی سیرت کا سب سے بڑا موضوع قرار کیوں نہ پائے۔ ایک اور مقام پر
ارشاد فرمایا۔ آمنوا بما نزل علی محمد وھو الحق من ربھم۔ اہل ایمان کی تعریف یہ
ہے۔ کہ وہ ایمان لاتے ہیں۔ وہ ایمان لائے۔ کس بات پر۔ بما نزل علی محمد جو کچھ
محمد ؐ پر نازل ہوا۔ جو کچھ حضور نے فرمایا تھا کہ یہ مجھ پر اترا ہے۔ وہ حضور کے فرمانے
پر ایمان لے آئے۔ وھو الحق من ربھم۔ اور یہی خدا کی طرف سے حق ہے۔ تو حق
کسی اور کو حق پہنچایا نہیں حضور کی سیرت کے بغیر۔ اس لئے سیرت مصطفیٰ ہی قرآن کا
سب سے بڑا موضوع قرار پایا۔ یہ چوتھا سبق تھا۔ پانچواں اور آخری
سبب حضور کی سیرت کا قرآن کے موضوع ہونے کا یہ ہے کہ یہی وہ سیرت ہے
جو انسانیت کا آخری نقطہ کمال ہے۔ یہی وہ سیرت ہے۔ جس سے بڑھ کر
دنیا کے انسانیت میں ~~سب~~ بڑھ کر کسی نمونہ کمال کا تصور نہیں ہو سکتا۔

یہیں وہ سیرت ہے جس سے آگے عظمت حرکت نہیں کر سکتی۔ جس سے آگے بلندی
جا نہیں سکتی۔ ساری عظمتیں سارا کمال بلندیاں۔ سارے کمال، اور انسانی فکر
کی ساری حرکت جس نقطے پر جا کر ختم ~~[illegible]~~ ہو جاتی ہے۔ وہ نقطہ سیرت مصطفوی
کا ہے۔ حضور کی سیرت سے آگے۔ ساری کائنات میں بلکہ خدا کی ساری کائنات
میں۔ حضور کی سیرت سے آگے بلندی کا کوئی تصور ممکن نہیں کیا جا سکتا۔ اسی لیے قرآن نے کہا۔
لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنہ۔ بے شک تمہارے لیے رسول اکرم ﷺ کی ذات میں
بہترین نمونہ کمال ہے۔ اگر نمونہ کمال کی تلاش میں ہو۔ تو پھر حضور کی سیرت کو اپنا لو۔
کیونکہ حضور کی سیرت سے بہتر کمال انسانی کا کوئی اور نمونہ نہیں ہو سکتا۔ اور حضور کی سیرت
کمال کا نمونہ سب سے بہتر کیوں نہ ہو۔ اس لیے کہ اس سیرت کو اس طرح بنایا۔ اللہ رب العزت
نے اس سیرت کو اس طرح بنایا کہ اس میں کسی غلطی اور خطا کا کوئی احتمال باقی نہ رہا۔
غلطی اور کمال صرف دو ہی صورتوں سے آ سکتی ہے۔ یا زبان سے یا قول سے یا عمل سے
دو ہی صورتوں سے پتہ چل سکتا ہے کہ بات غلط ہے۔ یا یہ کام غلط ہے۔ تو حضور
کی سیرت حضور کے قول اور عمل کا مجموعہ تھی۔ وہ ہر غلطی اور خطا سے پاک قرار دی گئی
کہ اللہ رب العزت نے حضور کے قول کو اپنا قول قرار دیا۔ حضور کے عمل کو اپنا عمل قرار دیا۔

Scanned with CamScanner

اس لئے حضور کے قول و عمل کو بھی غلطی لغزش سے پاک قرار دینے کے لئے۔ جو انداز بیان اپنایا
جاتا۔ انسان جو خطا کا پتلا ہے۔ یعنی ممکن ہے کسی نہ کسی صورت سے۔ اپنے ناقص
ذہن کے مطابق۔ حضور کے اس قول یا حضور کے کسی عمل پر۔ انگشت اعتراض بلند کرنے
کی ناکام کوشش کرتا۔ اللہ رب العزت نے فرمایا۔ وما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحی
یہ محمد ﷺ اپنی خواہش سے کچھ بولتے نہیں۔ ان ھو الا وحی یوحی۔ جو کچھ اس کی زبان سے نکلتا ہے
سو فیصد اس کی وحی ہے اس کی طرف کی جاتی ہے۔ یہاں ایک بڑا لطیف نقطہ ہے آیت کا
آغاز ہوا ہے وما ینطق عن الھوی۔ ینطق فعل ہے نطق فعل مضارع ہے
کہ نبی ﷺ اپنی خواہش سے کچھ بولتے اب چاہئے تو یہ تھا۔ اب اس کے جواب میں یوں ہو
جاتا۔ جو کچھ بولتے ہیں خدا کی وحی ہوتی ہے۔ لیکن اس طرح نہیں فرمایا۔ پہلے فعل
کا ذکر کیا بعد اس کے اللہ ھو کی ضمیر بیان کی۔ دوبارہ فعل کو نہیں دہرایا۔ وما ینطق
عن الھوی۔ کہ یہ رسول اپنی خواہش سے کچھ نہیں کہتے۔ ان ھو اب ھو کا مرجع کیا
ہے۔ ھو کا مرجع ینطق نہیں بلکہ نطق سے بنا دیا جائے گا کہ نطق جو کچھ اس رسول کی
زبان سے نکلتا ہے۔ خواہ یہ رسول سنجیدگی کی حالت میں ہو۔ یا بیماری کی حالت میں ہو۔
خواہ یہ رسول چلتے ہوئے گفتگو کر رہا ہو۔ یا انسان سے بیٹھ کر بات کر رہا ہو۔

خواہ وہ رسول میدانِ جنگ میں خطبہ دے رہا ہو یا مسجد کے منبر پر خطاب کر رہا ہو۔ خواہ وہ رسول گھر کی خلوتوں میں اپنی ازواج سے گفتگو کر رہا ہو۔ یا دوستوں یا شاگردوں کے جھرمٹ میں اپنے ہدایات تعلیمات بیان کر رہا ہو ارے جس حال میں جس گھڑی جس ساعت میں جو کچھ زبان سے نکل رہا ہو۔ یقین کر لو کہ حضور کا قول نہیں خدا کا قول ہے جس ذات ہر گھڑی میں ادا ہونے والے زبانِ مبارک کے ہر لفظ کو اپنا لفظ قرار دے رہی ہے۔ اس کے لیے حضور کی زبان سے کسی غلطی کا احتمال نہیں ہو سکتا۔ یہ تو قول کا عالم تھا۔

اب عمل کی طرف بھی آئیے۔ ارشاد فرمایا گیا۔ کچھ عمل ہوتے ہیں اختیاری اور کچھ جن کا کوئی شرعی مقصد ہوتا ہے۔ کچھ عمل ہوتے ہیں اضطراری۔ اور کچھ عمل اختیاری اور ارادی تو ہوتے ہیں لیکن قانون اور شرعی مقصد کے لیے نہیں کسی دنیوی حکمت اور مصلحت کے لیے ہوتے ہیں۔ رسول پاک میدانِ جنگ میں کنکریاں مارتے ہیں مخالفین کو تو یہ ایک جنگی حکمت و مصلحت ہے تو کنکریاں مارتے ہیں۔ ان کنکریوں کے عمل کا ذکر کرتے ہوئے اللہ رب العزت نے فرمایا۔ وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمی۔ اے محبوب وہ کنکریاں تو نے نہیں ماریں۔ جو تو نے ماری سمجھیں۔ ولکن اللہ رمی۔ وہ کنکریاں تو اللہ نے ماری تھیں۔ وما رمیت یہ سب سے پہلی نفی کی حضور کے عمل کا

تاکہ لوگ یہ نہ سمجھیں کہ رسول جو کرتا ہے اُس کا اپنا فعل ہے۔ نفی کر دی۔ وما رمیت
یہ کنکریاں تم نے نہیں ماریں۔ اذ رمیت اب اثبات ہے تاکہ لوگوں کو یہ بھی پتہ چلے
کہ نبی کے فعل کو خدا اپنا فعل قرار دیتا ہے۔ نفی کر کے ذہنوں کو صاف کر دیا۔ وہ کنکریاں
تو نے نہیں ماریں کیونکہ کنکریاں جو تو نے ماریں ہیں ولکن اللہ رمیٰ۔ جان لو کہ وہ
کنکریاں خدا نے ماری تھیں۔ جب رسول کے کنکریاں مارنے کا عمل خدا کا عمل ہے
اس رسول کا کوئی اور عمل اس کا ذاتی عمل ہو گا۔

اب حدیبیہ کے میدان میں صحابہ کرام سے بیعت لیتے ہیں۔ حضور بیعت لے رہے
ہیں ہاتھوں پہ ہاتھ رکھا ہے کہ بیعت لیتے ہیں تو اس عمل کو فرمایا۔
ان الذین یبایعونک انما یبایعون اللہ۔ ید اللہ فوق ایدیہم۔ اے پیارے جو
لوگ تیرے ہاتھ پہ بیعت کر رہے ہیں جب ان لوگوں کے ہاتھ پہ ہاتھ ہیں۔ خدا کے ہاتھ پہ
بیعت کر رہے ہیں۔ ان کے ہاتھوں پہ تیرا ہاتھ نہیں بلکہ اللہ کا ہاتھ ہے۔ اب فعل
کی بات ہی ختم ہو گئی۔ فعل ہاتھوں سے صادر ہوتا ہے تو فعل کی حقیقت کو
ختم کر دیا۔ ہاتھ آلۂ فعل ہے۔ جس جگہ سے فعل صادر ہوتا ہے۔ فرمایا ید اللہ
فوق ایدیہم۔ اے پیارے ہاتھ تو ادھر ہاتھ کا پتہ نہ رہا۔ یہ ہاتھ ہی میرا ہو گیا۔

بتاؤ۔ خدا نے یا قرآن نے غلطی کا صدور کس طرح ممکن ہو سکتا ہے۔ تو قول اور عمل دو ہی چیزیں ہیں۔ جن سے عصمت بنتی ہے۔ تو قول رسول میں قول خدا ہوا، اور فعل رسول میں فعل خدا ہوا تو بتاؤ کس مقام پہ غلطی اور خطا کا امکان باقی رہا۔ اگر غلطی حضور کے قول میں ہے یا اگر غلطی حضور کے فعل میں ہے۔ تو پھر یہ غلطی حضور کی نہیں خدا کی ہے۔ خدا کی طرف جو نسبت کے نقص ہے۔ اس طرح نسبت کریں۔ یا اس طرف نسبت کریں۔ یہ سب کچھ کفر ہے۔ اور اس کا تصور نہیں کیا جا سکتا۔

غرض یہ کہ رہا تھا جو تم رسول کی عصمت امکان خطا سے بھی پاک ہے۔

یہاں پر ایک نکتہ میں واضح کر دوں۔ بعض اوقات ذہنوں پہ یہ سوال آ سکتا ہے کہ کیا حضور کی وہ عصمت۔ جو اعلان نبوت کے بعد تھی۔ حضور کی جو چالیس برس کے پہلے کی وہ بھی غلطی اور خطا سے پاک تھی۔ یا پہلے کی چالیس برس کی زندگی خطا اور غلطی سے پاک ہے۔ یہ بھی سوال ذہن میں آ سکتا ہے۔ تو اس کا جواب دے دوں۔ ساری جو زندگی حضور کی بعثت کے بعد ہے۔ اس کا خطا سے پاک ہونا۔ یہ بعد کا امر ہے۔ پہلے حضور کی زندگی خطا سے پاک ہے۔ کیونکہ اللہ کی توحید کی دلیل رسالت بعد بعثت کی (بعثت سے پہلے) زندگی کو دلیل قرار دیا جا رہا ہے یا پہلے کی زندگی کو۔ حضور کے خود فرمایا ہے فقد لبثت فیکم

عُمُرًا مِّن قَبْلِہٖ۔ اس بعثت سے پہلے جو چالیس برس میں بسر کر چکا ہوں وہ چالیس برس کی زندگی خدا کی توحید کی دلیل ہے۔ جس زندگی کو خدا نے اپنی توحید کی دلیل قرار دے اس زندگی میں اگر خطا کا امکان باقی رہا، بعد کی زندگی کا تو مسئلہ ہی ختم ہو گیا۔ اس لئے سیرت کی کڑی یہ ہے کہ رسالت کی کڑی کے تحت حضور کی سیرت کا ایک ایک لمحہ حضور کی زندگی کا ایک ایک ورق ہر قسم کی غلطی اور خطا سے پاک ہے۔ یہ تھا رسولِ پاک کی سیرتِ طیبہ کا قرآن میں موجود ہونا۔ اب دنیا میں بے شمار مذاہب ہیں بے شمار ملتیں اور قومیں ہیں۔ ان کے بھی سربراہ پیشوا آئے۔ ان کی سیرتیں لکھنے والے لوگ بیٹھ کر کتابیں لکھتے رہے۔ تو کسی ہستی کی سیرت جو ہے اس کا انحصار اکتساب کن چیزوں پر ہوتا ہے۔ اور سیرت نگار کون ہے۔ جو سیرت کی کتاب لکھ رہا ہے۔ اور سیرت ہی اس کتاب کی زبان کیا ہے۔ سب سے پہلے ترجیح کی یہ ہے کہ سیرت لکھنے والا خود کتنا محقق ہے۔ خود کتنا معتبر اور مستند ہے۔ خود کتنا عالم ہے شاید اس کی تحقیق میں کوئی غلطی تو نہیں۔ یہاں بات اس کے بعد دیکھی جاتی ہے جو کتاب کس موضوع پر لکھی گئی ہے۔ وہ کتاب بجائے مستند ہے۔ اس کتاب میں کہیں رد و بدل۔ کمی بیشی یا کوئی اضافہ نہیں ہوتا رہا۔ دو اور سیرت کی بات کہ کس

زبانوں میں وہ لکھی گئی۔ جب لکھی گئی تھیں۔ کیا وہ زبانیں ہر دور میں زندہ اور مکمل طور پر قابلِ فہم زبانیں بھی ہیں یا نہیں۔ کیونکہ گذشتہ انبیاء، اولیاء اور بزرگوں کی سیرتیں جن زبانوں میں لکھی گئیں۔ آج ان زبانوں میں ایک زبان بھی زندہ اور مکمل طور پر قابلِ فہم نہیں ہو سکی۔ کوئی سیرت عبرانی میں لکھی گئی۔ کوئی کتاب سریانی میں لکھی گئی۔ کوئی کتاب یونانی زبان میں لکھی گئی۔ کوئی کتاب سنسکرت کی زبان میں کوئی کتاب۔ الغرض کسی شخص کی کتاب ہو۔ ہندوؤں کے پیشواؤں کی کتاب ہو۔ یا جنابِ موسیٰؑ کی سیرت کی کتاب ہو۔ یا عیسیٰؑ کی۔ پیغمبروں کی سیرت لکھنے والوں نے لکھی۔ لیکن نہ کسی کا سیرت نگار اتنا مستند تھا۔ جتنا محمد ﷺ کا سیرت نگار مستند ہے۔ نہ کسی کی سیرت کی کتاب اتنی مستند تھی۔ جتنی محمد ﷺ کی سیرت کی کتاب مستند ہے۔ اور نہ کسی کتاب کی زبان اتنی زندہ تھی۔ جتنی حضور کی سیرت کی کتاب کی زبان زندہ ہے۔ اور پھر ساری کی ساری سیرت لکھی گئی۔ آپ کا سیرت نگار کون ہے۔ اس کا لکھنے والا کون ہے۔ جواب آتا ہے۔ ورفعنا لک ذکرک حضور کی سیرت کا ذکر کرنے والا میں ہوں۔ مجھ جیسا اور سیرت نگار کوئی ہو سکتا نہیں۔ تو حضور کا سیرت نگار حضور کا سوانح نگار۔ حضور کا ذکر کرنے والا اتنا بڑا خالق۔ اتنا بڑا سیرت نگار ہے۔ اب اس کی ذات پر شک کرنا

اس سے کوئی غلطی تو نہیں ہوگی۔ حضور کے کمالات کی گفتگو میں بشر رکو وار کرے۔
اس لئے حضور کا سیرت نگار اسے ہے جس کی کوئی مثال کوئی نہیں۔ کتاب کونسی ہے۔
جس میں حضور کی سیرت لکھی گئی۔ وہ کتاب قرآن ہے۔ انا نحن نزلنا الذکر وانا له
لحافظون۔ یہ قرآن ہے اے حبیب پیارے ~~رب نے نازل کیا~~ جو شرح ذکر کی
تیری سیرت کی کتاب ہے۔ اور یہ ہم نے اتاری ہے۔ اور ہم ہی قیامت تک اس کی
حفاظت کرنے والے ہیں۔ اس لئے یہ حضور کا سیرت نگار تحریروں سے اوجھل ہے
کہ سیرت کی کتاب رد و بدل ہونے کا شکار ہو سکتا ہے۔ زبان کونسی ہے۔ جس
میں حضور کی سیرت لکھی گئی ہے۔ ایسا تو نہیں۔ کہ وقت آئے کہ زبان کو سمجھنے
کے قابل نہ رہے۔ تو اللہ رب العزت وعدہ فرماتا ہے۔ انا انزلنہ قرآنا عربیا لعلکم تعقلون
ہم نے یہ سیرت کی کتاب یہ قرآن اسی عربی زبان میں نازل کیا ہے۔ تو قیامت تک لوگ
اس کو سمجھتے رہیں گے۔ لعلکم تعقلون اور لعلکم کے مخاطب قیامت تک کے سارے
انسان ہیں۔ یہ وہ زبان ہے۔ جو ممکن ہی نہیں کہ قیامت کی گھڑی تک یہ زبان
مردہ زبان ہو جائے۔ عربی کو زندگی مل گئی۔ جس زبان میں حضور کی سیرت لکھی گئی۔
عین ممکن ہے کہ عربی قرآن کی زبان نہ ہوتی۔ اگر عربی مصطفیٰ ؐ کی زبان نہ ہوتی

اگر عربی کو خدا نے اپنے کلام کا ذریعہ نہ بنایا ہوتا۔ تو یہ زبان بھی دوسری زبانوں کی طرح کب کی برباد
ہو چکی ہوتی۔ اس عربی کو بھی زندگی مل گئی۔ دوام مل گیا۔ حضور کی سیرت کی برکت سے
لہٰذا یہ آج بھی قابل فہم ہے۔ تو حضور کی سیرت کی کتاب۔ اب آپ کے سامنے ہے
سوانح نگار آپ کے سامنے ہے۔ زبان آپ کے سامنے ہے۔ تو آئیے۔ اس سیرت
نگاری کی کتاب۔ قرآن کو دیکھتا کہ پوچھیں کہ ہمیں رسول پاک کی زندگی کا کچھ خاکہ تو بتا
اے قرآن ہمیں بتا سرکار آقا کی زندگی کا خاکہ کیا ہے۔ حضور کی سیرت کہاں سے
شروع ہوتی ہے۔ اور کہاں ختم ہوتی ہے۔ حضور کا مقام آپ کا کس آغاز دوام سے ہوا اور
کہاں تک حضور پہنچیں گے۔ قرآن کہ ہم حضور کی حیات پاک کو اس مقام سے شروع
کرتا ہے۔ جو مقام مقام نہیں۔ کہاں سے شروع کرتا ہے۔ جب اس جہان ہستی کو وجود
بھی نہ ملا تھا۔ اب حضور کی سیرت کا تذکرہ وہ سوانح نگار کر رہا ہے۔ خدا کی ذات
حضور کی سوانح زندگی کا ذکر شروع کر رہی ہے۔ اور یہاں سے شروع کر رہی ہے دنیا کی
کوئی کتاب۔ اس مقام سے حضور ﷺ کی سیرت کا ذکر نہیں کرتی۔ جس مقام سے قرآن
حضور کی سیرت کی تعریف کرتا ہے۔ اور وہ کون سا مقام ہے۔ اس کائنات کو
اس کی عمرانی نسبت کو اس دنیا اور بشریت کو۔ اس دنیا کو وجود بھی نہ ملا تھا۔

اس وقت سے حضور کی سوانح زندگی کا آغاز ہوتا ہے۔ آپ سمجھ رہے ہوں گے وہ کونسا مقام
ہے۔ تو قرآن حکیم آغاز کرتا ہے۔ حضور کے سوانح خاکے کے بیان کا۔ واذ اخذ اللہ
میثاق النبیین لما اتیتکم من کتاب وحکمۃ ثم جاءکم رسول مصدق لما معکم۔ اس وقت
کی بات ہو رہی ہے جب یہ دنیا معرض وجود میں نہ آئی تھی۔ جب انسان نہ تھا۔ اس وقت
جنات کا وجود نہ تھا۔ اور کچھ بعید نہیں کہ فرشتوں کو وجود نہ ملا تھا۔ اس لئے کہ وہ عالم
ارواح کی بات ہو رہی ہے اور عالم ارواح کی کوئی حد نہیں۔ کب سے عالم ارواح
شروع ہوا۔ اور کس وقت یہ واقعہ پیش آیا۔ اس کا ذکر قرآن میں کیا گیا۔ قرآن
تو صرف اتنی بات کرتا ہے۔ واذ اخذ اللہ میثاق النبیین اور اذ کا معنی جہاں کہیں
یہ وارد ہو۔ تو اس کا معنی کیا جاتا ہے۔ یاد کرو۔ وہ وقت اذ قال ربک
للملئکۃ انی جاعل فی الارض خلیفۃ۔ یاد کرو وہ وقت جب تیرے رب نے فرشتوں سے
کہا۔ اذ جہاں کہیں آئے۔ اس سے پہلے ایک محذوف ہوتا ہے۔ اور وہ کیا ہے واذکر
یاد کرو وہ گھڑی۔ وہ کیا واقعہ ہے۔ تو قرآن کا مخاطب کون ہے۔ کس پہ نازل
ہوا۔ رسول پاک پہ۔ یہ نازل ہوا۔ تو اللہ رب العزت جبرائیل امین کے ذریعے اپنے پاک
سے خطاب فرما رہے ہیں۔ واذ اخذ اللہ میثاق النبیین اے پیارے حبیب آپ یاد کریں

رہ گزری ہے جیسے کائنات موجود نہ تھی۔ اور انبیاء کی روحوں کو خدا سے کہتا تھا۔ گر گویا
رسول پاک کو اس واقعہ کا یاد دلا کر دیکھنا اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ میثاق انبیاء
کا واقعہ اسی طرح تھا۔ جیسا کہ آج آپ کی آنکھوں کے سامنے ہے۔

۳

Molana Muhammad
Abbas Nazami

abbas

14-3-02

روزہ قربِ الٰہی   ڈاکٹر محمد طاہر القادری

یا ایہا الذین آمنو کتب علیکم الصیام کما کتب علی الذین ـ لعلکم تتقون - پ ۲ بقرہ -

دوستان محترم - یہ رمضان المبارک کا پاک مہینہ ہے جسے اللہ تعالیٰ اپنا مہینہ قرار دیا ہے لہٰذا اول تا آخر بے پناہ برکتیں اور سعادتوں سے مالا مال ہے . اور اس ماہ مبارک کی برکتوں کا ایک رنگ آپ لوں میں دیکھ سکتے ہیں - نماز جمعہ میں لوگ کا بڑی جوق در جوق کے ساتھ آنا - نمازیں پڑھنا پہلے سے زیادہ ہوتا ہے - یہ اللہ رب العزت کا کرم ہے - یہ دن پر اس ماہ مکرم کی خاص سعادتوں کی نسبت ہے - کہ لوگ جوق در جوق اس مبارک مہینے کی - حقیقی برکتوں کو پانے کیلئے اپنی دیگر مصروفیات ترک کرکے اللہ کی یاد میں پہلے سے زیادہ وقت نکالتے ہیں - کاش لوگوں کا یہ خیال یہ رمضان اسی مہینے کی برکت سے دائمی حیثیت اختیار کر جائے - حاضرین محترم آج کی گفتگو کا موضوع ہے - انشاء اللہ تعالیٰ روزہ اور قربِ الٰہی ہوگا

قرآن مجید کی اس آیت کریمہ میں اللہ رب العزت نے ارشاد فرمایا ہے اے ایمان والو. تم پر روزہ فرض کیے گئے اسی طرح - جیسے تم سے پہلوں پر فرض کیے گئے تھے لعلکم تتقون تاکہ تم متقی بن سکو - پرہیزگار بن سکو - قرآن مجید میں بیان واضح دو باتوں کی طرف اشارہ فرمایا ایک روزہ کی فرضیت اور اس مبارک ماہ میں روزے کی فرضیت کا یہ عالم فقط امت محمدیہ ہی سے مختص نہیں - بلکہ پہلی امتوں کو بھی اس ماہ مبارک کی سعادتوں سے بہرہ ور کیا گیا - گویا یہ وہ مہینہ ہے

اس رحمت برکت اور سعادت فقط اس امت کے دور میں اللہ رب العزت نے نازل نہیں فرمائیں۔
بلکہ جب سے ہزاروں سال [illegible] کائنات انسانی میں کا یہ سلسلہ چلا آ رہا ہے۔ تب سے ماہ رمضان کی برکتوں کا نظام قائم
ہے۔ پہلی امتیں اس ماہ رمضان کی برکتوں سے مالا مال ہوتی رہی ہیں۔ جس طرح امت محمدیہ ﷺ کو
یہ موقع مرحمت فرمایا ہے۔ اس لئے حضور ﷺ کی نسبت سے ان برکتوں میں اضافہ کر دیا ہے۔
(۱) روزہ کیا ہے۔ اور اس کا تعلق قرب الٰہی کے ساتھ کیا ہے۔ یہ ایک نقطہ ہے
جس کو ہم آج کی نشست میں سمجھنا چاہتے ہیں۔ عرف عام میں اصطلاح شرع میں۔ تو آپ
جانتے ہیں۔ کہ روزہ کہتے ہیں۔ طلوع فجر سے غروب آفتاب تک کھانے پینے اور دنیاوی تعلقات
رک جانے کو۔ طلوع فجر سے غروب آفتاب تک انسان ان تین چیزوں سے اجتناب اپنے
آپ کو روک لے۔ تو یہ روکنا روزہ ہے۔ لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے۔ کہ کھانے پینے سے رک جانا
جن کو اللہ تعالیٰ نے روزہ قرار دیا۔ یہ ان تین طبعی ضرورتوں سے باز رہنا۔ یہ روزہ کیوں
یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے۔ جس پہ عرض کر رہا تھا۔ کہ کھانے پینے۔ انسانی ضرورتوں سے
باز رہنا۔ رک جانا اس کو روزہ کیوں قرار دیا گیا۔ اگر اس کی حقیقت اور راز کو پانے کی کوشش
کی جائے۔ تو انسان بڑی آسانی سے یہ جان سکتا ہے۔ کہ انسان کی پوری زندگی ضرورتوں
اور حاجتوں کا مجموعہ ہے۔ انسانی زندگی کے سارے اعمال و افعال۔ کسی نہ کسی غرض کے لئے

ہوتے ہیں۔ کسی نہ کسی مقصد کیلئے ہوتے ہیں۔ اور یہ مختلف اغراض مختلف ضروریات مختلف
حاجتیں۔ انہی کی تکمیل کیلئے انسان زندہ رہتا ہے۔ انسان سوتا ہے۔ تو وہ بھی آرام کی غرض
سے۔ اگر انسان پہنتا ہے۔ تو بھی جسم کو ڈھانپنے کی غرض سے۔ مکان تعمیر کرتا ہے تو بہتر رہائش کی
غرض کیلئے۔ تعلیم حاصل کرتا ہے۔ خود کو اچھے علم کے نور سے آراستہ کرنے کی غرض کیلئے۔ اور سفر حضر
میں انسانی زندگی کی ساری حرکات و سکنات۔ مختلف اغراض مقاصد مختلف مطالب حصول سے عبارت
اور کمال انسانی زندگی میں ان اغراض ان مقاصد اور ان ضروریات زندگی سے گریز کرنے میں انسان
جس قدر خود کو اغراض سے پاک کرتا جائے۔ اغراض کو کم کرتا چلا جائے۔ اپنی حاجات و ضروریات
کو جس قدر گھٹاتا چلا جائے۔ اسی قدر انسان اپنی کمال کی منزل کو پاتا چلا جاتا ہے۔ حاجات
ضروریات اور اغراض انسانی زندگی میں جتنی بڑھتی چلی جائے۔ یوں تو انسان اخلاقی روحانی اعتبار
سے زوال کا شکار ہوتا چلا جائے۔ اسی لئے انسان اغراض کے پھندے میں پھنس جاتا ہے۔ اغراض
حاجات اور ضروریات کے جال میں انسان اتنا پھنس جاتا ہے کہ وہ طائر لاہوتی کہ جس کی پرواز
اس عالم ناسوت سے بھی بلند ہے۔ اس عالم ملکوت سے بھی بلند ہے بلکہ عالم لاہوت کی پرواز
کہ جس طائر لاہوتی کے سامنے سوائے اللہ کے قرب کے اللہ کی رضا اور اس کے قرب کے اور کوئی
شے مطلوب نہیں ہوا کرتی ہے۔ جب وہ مقصد اوجھل ہوتا ہے۔ تو دیگر ضروریات حاجات مطالب

مقاصد انسانی فریقین کو اپنے جال میں پھنسا لیتے ہیں۔ اور یوں اس کے زوال کا راستہ پیدا ہوتا ہے۔
اور کمال یہ ہے کہ اپنی حاجتوں کو کم کرتا چلا جائے۔ اپنی اغراض کو کم کرتا چلا جائے۔ اتنا کم کرتا
چلا جائے کہ نفس اس کا مستغنی ہوتا چلا جائے۔ یہ قاعدہ ہے کہ حاجتیں جتنی
زیادہ ہوں گی۔ نفس اتنا زیادہ اس کا محتاج ہو گا۔ حاجتوں خواہشوں غرضوں
اور تمناؤں جتنی کم ہوں گی نفس انسان کا اتنا مستغنی ہوتا چلا جائے گا۔ حاجتیں
انسان کے نفس کو محتاج کرتی ہیں۔ اور حاجتوں کا کم ہونا انسان کے نفس کو مستغنی
کرتا ہے۔ اور انسان کا کمال۔ اس کی حاجت مندی میں نہیں بلکہ اس کا مستغنی ہونا
میں ہے۔ دنیا کی طرف جھکنا میں نہیں بلکہ دنیا سے بے نیاز ہونے میں ہے۔ تو انسان اگر
چاہے تو اپنی ضرورتوں کو کم کر سکتا ہے۔ اگر رہائش محل میں۔ اگر محل میں اسے موقع نہ ملے اور
اسے جھونپڑے یا مکان میں اسے رہنے کیلئے دے دیا جائے۔ تو اس میں بھی اس کی زندگی بسر ہو سکتی ہے۔ حتیٰ کہ
2 جھونپڑی میں اسے رہنے کا موقع دے دیا جائے۔ تو اس کی رہائش کی ضرورت پھر بھی پوری ہو سکتی ہے۔ میرا مقصد
کہنے کا یہ ہے کہ رہائش کی ایک بھی ضرورت کو اسے وہاں سے اٹھا کر بہت نیچے تک لایا جا سکتا ہے
پہننے کی اگر قیمتی پہننے کو نہ ملے۔ اور کم قیمت کپڑا اسے وہ پہن لے تو بھی گزر ہو جائے گا اگر
اگر ایسے گدڑی مل جائے تو انسان اس ضرورت سے بھی اپنے آپ کو گھٹا نہیں سکتا ہے

اگر انسان کو آسائش اور آرائش یعنی دیگر سہولیات زندگی کا میسر نہ ہوں۔ ان حالات سے
بھی انسان گزر کر سکتا ہے۔ اور خود کی ان ضروریات کو کم کرتا کرتا انسانی نچلی سطح پر لا سکتا ہے
الغرض آپ زندگی کی ساری حاجتوں پر نظر دوڑائیں۔ زندگی کی ساری ضروریات پر نگاہ ڈالیں۔
آپ اس نتیجے پر پہنچیں گے کہ یہ ساری حاجتیں۔ یہ ساری ضروریات اس طرح کی ہیں کہ ان کو کم کیا جا
سکتا ہے۔ ان میں سے کسی کو چھوڑا بھی جا سکتا ہے۔ الغرض یہ کسی نہ کسی حال میں۔ اور کسی
نہ کسی سطح میں ترک کی جا سکتی ہیں۔ لیکن وہ دو حاجتیں کہ ساری حاجتوں کو چھوڑ کر بھی انسان
ان دو حاجتوں سے بے نیاز نہیں ہو سکتا۔ ان دو حاجتوں کو نہیں چھوڑ سکتا۔ اگر وہ دو حاجتیں
چھوڑ دے۔ تو پھر اس کی زندگی ہی باقی نہ رہے۔ تو وہ آخری دو حاجتیں۔ جن پر انسان کی زندگی
کا انحصار ہے۔ اور ساری حاجتیں چھوڑ کر بھی۔ ساری ضروریات چھوڑ کر بھی۔ ساری خواہشات ترک
کر کے بھی جن دو حاجتوں کو انسان ترک نہیں کر سکتا۔ وہ کیا ہیں۔ وہ ایک کھانا اور پینا ہے۔ یہ دو
حاجتیں ہیں۔ باقی ساری حاجتیں۔ ان دو حاجتوں کے مقابلے میں۔ انسانی زندگی میں اضافی حیثیت
رکھتی ہیں۔ انہیں چھوڑا جا سکتا ہے۔ ان کی سطح کو کم کیا جا سکتا ہے۔ ان کی وسعت کو سمیٹا
جا سکتا ہے۔ انہیں ترک کیا جا سکتا ہے۔ لیکن یہ دو حاجتیں کسی سطح تک انسان ان کو ترک نہیں
کر سکتا۔ اس لیے اس کا جینا ان دو حاجتوں پر منحصر ہے۔ اگر کھانا چھوڑ دے تو وہ زندہ نہ رہے۔ پینا چھوڑ دے

دے تو زندہ نہ رہے۔ انسان کی زندگی منحصر ہے خوراک کے چند لقموں پر۔ اور پانی کے ان چند گھونٹوں تک اگر خوراک کے چند لقمے اسے نہ ملیں۔ پانی کے چند گھونٹ اسے نہ دیں۔ تو پھر انسان زندہ نہیں رہ سکتا۔ گویا یہ طے پایا کہ سب کچھ چھوڑ کر۔ انسان زندہ رہ سکتا ہے۔ لیکن یہ دو چیزیں چھوڑ کر۔ انسان زندہ نہیں رہ سکتا۔ گویا یہ وہ دو حاجتیں۔ انسان کی پوری زندگی۔ حتی انسان کی پوری کی شخصیت اور وجود کی بقا ان دو حاجتوں پر منحصر ہے۔ اور پاک تو اپنا بندے۔ وہ ساری چیزیں تو چھوڑ دیتا ہے۔ ترک کرتا ہے۔ ان سے مستغنی ہوتا چلا جاتا ہے۔ لیکن یہ دو حاجتیں جن پہ اس کی زندگی کا انحصار رہتا۔ تو انہیں کلیتہً ترک نہیں کر سکتا۔ لیکن ایک صوفی درویش لینے میں چاہتا ہوں۔ اگر میرے قرب کی لذت سے آشنا ہونا چاہتا ہے۔ تو صوفی درویش ہے ان دو حاجتوں کو بھی چھوڑ دے۔ ان دو ضرورتوں کو بھی چھوڑ دے۔ اپنی زندگی کو صرف کھانے پہ منحصر نہ کر۔ اپنی زندگی کو صرف پینے پہ منحصر نہ کر۔ اگر تیری زندگی کچھ کچھ وقت کھانے سے بھی بے نیاز ہونے لگے۔ اور پینے سے بھی بے نیاز ہونے لگے۔ تو تیری جان کھانے پینے سے بے نیاز ہونے لگے گی تو مجھے میری عزت کی قسم۔ تو تجھے میرا قرب نصیب ہونے لگے گا۔

اس لیے کہ یہ دو ساری حاجتیں۔ وہ تیرے جسم کی ضرورتیں ہیں۔ کھانا پینا یہ ساری تیری حاجتیں تیرے جسم کی ضرورت۔ اور روح کی حاجت تیرے رب کی ضرورت ہے۔

اگر بشر اجسم ان ساری حاجتوں کو چھوڑ کر زندہ رہ سکتا ہے یہ دو حاجتیں بھی تو چھوڑ سکتا ہے۔
اس لئے ان دو حاجتوں کو چھوڑنے سے جو میرے قرب کی سچی لذت ملے گی۔ وہ روح کی غذا ہوگی
اگر روح زندہ ہے۔ تو بشر اجسم کو بھی سنبھال لے گا۔ اور وہ بے زندہ رہا۔ روح مردہ نہیں
بشر اجسم کی زندگی روح کو زندہ نہیں کر سکتی۔ لیکن اگر روح کو زندگی ملے گی تو جسم کو زندہ کر سکتی ہے
بلکہ اگر تو مر جائے تو روح زندہ ہے۔ تو قیامت تک قبر میں بشر اجسم کو زندہ رکھ سکتا ہے۔
روح کی زندگی وہ زندگی ہے۔ کہ وہ یہاں بھی اور وہاں بھی۔ قبر سے پہلے بعد قبر کے بعد
بھی دونوں حالتوں میں جسم کو زندہ رکھ سکتی ہے۔ لیکن جسم کی زندگی میں روح کی زندگی
کی ضمانت نہیں۔ تو روزہ کیا ہے۔ روزے کی حیثیت یہ ہے۔ کہ انسان کو ساری حاجتوں سے
چھڑا کر کھانے پینے کی ساری حاجتوں سے بے نیاز کرنے کا سلیقہ سکھایا جائے۔
مستغنی ہونے کا طریقہ سکھایا جائے۔ اور اس راز کو انسان کی آنکھوں پہ منکشف کر دیا
جائے۔ کہ بندہ اگر کھانے پینے کی جو آدمی کی حاجت ہے جو کسی حد تک مشروب نہیں کیا جا سکتا۔
کوئی حاجت کو بھی کم سے کم کرتا چلا جائے۔ یہاں تک کہ دو لقمے صبح فجر کے وقت کھانے
اور دو لقمے مغرب آنے پر کے وقت کھائے۔ سارا دن بیت جائے اور میری خاطر کھانے کو بھی
چھوڑ دے۔ میری خاطر پینا بھی چھوڑ دے۔ تو ایک خزانہ آرام کا ہو سکتا کہ رات

آرام کرتے ہیں۔ دن کو کھانے پینے کیلئے تھا۔ جب دن آیا تو میری خاطر کھانا پینا بھی چھوڑ دیا۔
رات آئی تو کھڑا ہو گیا میری نماز پڑھنے کیلئے۔ تیری زبان قرآن پڑھتی رہی۔ تیرے کان میرا کلام
سنتے رہے۔ جب تک تو رات کو میری بارگاہ میں کھڑا رہا۔ رات کو میری بارگاہ میں مسلسل کھڑا
رہا۔ دن کو میری خاطر کھانا پینا ترک کر دیا۔ رات کو تو میری خاطر سونا ترک کر دیا۔
اے بندے اگر تو نے میری خاطر سب کچھ ترک کر دیا۔ تو میری عزت کی قسم میں ~~[illegible]~~ تیرے
قریب آ جاتا ہوں۔ روزہ بندہ کو ان سب دنیاوی حاجتوں سے مستغنی کر دیتا ہے۔ اللہ کے اتنے قریب
لے جاتا ہے۔ کہ انسان اس قرب کا عام حالات میں تصور بھی نہیں کر سکتا۔ اس لیے اللہ پاک
فرماتے ہیں۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ کہ جب بندہ روزہ رکھتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ اپنے سب دار
بندوں کی طرف اشارہ فرماتے ہیں۔ اور بتاتے ہیں۔ کہ لوگو دیکھو تو سہی یہ تم کھانے کے بغیر
رہنے کا تصور نہ کر سکو۔ دیکھو میرے بندے نے میری خاطر کھانا چھوڑ دیا۔ تم پینے کے بغیر زندہ رہنے
کا تصور نہ کر سکے۔ اس میرے بندے نے میری خاطر پینا بھی چھوڑ دیا ہے۔ کہ انسانی خواہشات نفسانی
کے تقاضے ہیں کیا کیا ہوتے ہیں۔ اس میرے بندے نے میری خاطر شہوت بھی چھوڑ دی۔ وقت
کی خواہشات کو بھی چھوڑ دیا۔ جسم کی ضروریات کو بھی چھوڑ دیا۔ تو سنو جس طرح اس نے
میری خاطر سب کچھ چھوڑ دیا۔ تو میری طرف اس روزہ کا تعلق۔ اس لئے الصوم لی کا

کا ذکر جاتا میرے لیے تھا۔ وانا اجزی بہ اور اس کو جزا دینا میرا کام ہے۔ اس نے سب کچھ میرے لئے چھوڑا ہے اور میں بے نیاز ہو کر اسے جزا عطا کروں گا۔ کوئی عمل اس جزا کا تصور نہیں کر سکتا۔ اور ایک حدیث میں یہ ہے کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ ہر نیک کام اللہ کے نیک بندوں کا انہیں کے لئے ہوتا ہے سوائے روزہ کے۔ جب بندہ روزہ رکھتا ہے تو فقط میرے لئے اور میں بھی اس کی جزا عطا کرتا ہوں۔

حضور ﷺ نے فرمایا۔ اللہ فرماتا ہے کہ ابن آدم کے ہر عمل کو بڑھاتا چلا جاتا ہوں۔ حتیٰ کہ دس گنا دیتا ہوں بسا اوقات گنا دیتا ہوں۔ اور بندوں کی جزا بڑھا بڑھا کر سات سو گنا تک دیتا ہوں۔ ابن آدم کی جزا کا عمل سات سو درجات تک جا کر رک جاتا ہے۔ تو میں جزا کی دنیا میں اس سے اوپر ہوا رشی کر سکتا۔ لیکن روزہ سے میں جزا ان کو چھوڑ کر اوپر چلا جاتا ہے۔ روزہ سیدھا میری بارگاہ میں آتا ہے۔ جب وہ میری بارگاہ میں پہنچتا ہے۔ تو میں جانتا ہوں۔ دوسری تمام جزائیں دوسرے تمام اعمال کے لئے ہیں۔ اور میری رضا اور قرب صرف اور صرف روزہ دار کے لئے ہے

ایک حدیث پاک میں ہے حضور ﷺ نے فرمایا۔ قیامت کا دن ہوگا۔ جنت کا ایک دروازہ ہوگا روزہ دار باب الریان لکھا گیا ہوگا۔ ریان سے مراد ہے باب الریان۔ خوش نصیب لوگ جنت اندر

سے گزر کر جنت میں جا رہے ہونگے لیکن ہر آدمی کی نگاہ اس دروازے باب الریان پر پڑے گی
تو کہیں گے - یہ دروازہ ہم کو کس نے گزرنے کے لئے ہوگا۔ کسی کو تو گزرنے کی اجازت دی جائے گی۔
یہ کون گزرنا چاہے گا۔ ہر کوئی اس سے نکلنا چاہے گا۔ اللہ تعالیٰ آواز دیں گے صائمین جو میری
خاطر روزہ رکھنے والے کہاں ہیں۔ میری خاطر کھانا پینا۔ خواہش نفس اور سب کچھ چھوڑ دینے
والے کہاں ہیں۔ اس وقت روزے دار اٹھ کھڑے ہونگے۔ عرض کریں گے باری تعالیٰ۔ ہم نے گرمی کا کال
دن کو روزہ رکھا حرارت کو بھی تیری خاطر [illegible] کیا۔ فرمایا جائے گا۔ روزے دار تم
سب رمضان کے سب روزے دار اس باب الریان سے داخل ہو جاؤ۔ اللہ تعالیٰ خود ان کو گزرتا دیکھتے رہیں گے
جب سارے روزے دار اس باب الریان دروازے سے گزر جائیں گے۔ پھر دروازہ بند کر دیا جائے گا
معلوم ہوا روزے دار کے سوا۔ اس دروازے سے گزر نہیں سکتا۔ یہ اللہ کے قرب کا دروازہ ہے
اللہ کے کرم اور قرب کا عنوان ہے۔ یہ قرب اس روزے سے کس طرح نصیب ہوتا ہے
یہ نقطہ سمجھنے کے قابل ہے۔ کہ قرب الٰہی کس طرح نصیب ہوتا ہے۔ اگر ہم اس کی تاریخ ہم
تحریر کریں۔ تو ہمیں ایک بات ہر دور میں بڑی مستند نظر آتی ہے۔ اور وہ کیا ہے

(2) رمضان اور قرآن کا تعلق - رمضان اور قرآن کا باہمی تعلق ہے۔ قرآن میں ہے شھر رمضان
الذی انزل فیہ القرآن۔ یہ رمضان کا مہینہ وہ مہینہ ہے۔ کہ جس میں قرآن کو نازل کیا گیا۔

Scanned with CamScanner

اب یہ بات قابل غور ہے کہ قرآن اللہ کا کلام ہے۔ قرآن کریم کہتا ہے کہ یہ ماہ رمضان میں نازل
ہوا۔ ذرا اور پیچھے چلے جائیں پہلے کے زمانے میں جائیں۔ اللہ کا کلام تورات کی صورت میں بھی اترا۔
زبور کی صورت میں بھی اترا۔ انجیل کی صورت میں بھی اترا۔ انبیاء علیہ السلام پر صحائف بھی اترے۔
اگر ان کے نزول کے دن کا جائزہ لیں۔ تو پتہ چلتا ہے کہ سب ہی کتابیں اللہ کے کلام کی اسی
ماہ رمضان میں اتری ہیں۔ یعنی اللہ کے کلام اپنے نزول کا ماہ رمضان کے ساتھ خاص تعلق رکھتا ہے
ابراہیم علیہ السلام کے صحیفے یکم یا تین رمضان کو نازل ہوئے۔ حضرت داؤد علیہ السلام پر زبور
کم و بیش رمضان المبارک کی 12 یا تیرہ تاریخ کو نازل ہوئی۔ موسیٰ علیہ السلام کی تورات بھی اسی
ماہ رمضان میں نازل ہوئی۔ عیسیٰ علیہ السلام کی انجیل کم و بیش 18 ماہ رمضان میں نازل ہوئی
اللہ کا سارا کلام۔ اللہ کے برگزیدہ نبیوں پر ماہ رمضان میں اترا ہے۔ اور آخری فرمان
اللہ کا قرآن اسی ماہ رمضان میں اترا۔ اور پھر اللہ نے اپنے قرآن کو راتوں میں پڑھنے کا حکم دیا۔
دن کو کہا روزہ رکھو۔ رات کو کہا کہ میرا کلام پڑھو۔ اور اللہ کا کلام اللہ کی صفت ہے۔ دن کو
